کنز الایمان
اور
امام احمد رضا
مولانا محمد ادریس رضوی ایم اے
ناشر
غوث الوری اکیڈمی کلیان

نام کتاب.............کنز الایمان اور امام احمد رضا

ازقلم ....محمد ادریس رضوی ایم اے

صفحات...........۳۰۴

ناشر.............غوث الوریٰ اکیڈمی کلیان

سال اشاعت..........۲۰۰۹ء

تعداد..........۱۱۰۰

قیمت...........۱۰۰/روپئے

ملنے کے پتے

☆ سنّی جامع مسجد، پتری پُل، کلیان پن کوڈ ۴۲۱۳۰۶

☆ راہی منزل ۱۳۵ پنی فتح پور ۲۱۲۶۰۱

☆ جامعۃ الرّضویہ، رضانگر، بیل بازار کلیان ۴۲۱۳۰۱

☆ مولانا محمد شمیم اختر اشرفی دارالعلوم اصلاح المسلمین ریتی بندر روڈ، کلیان

موبائیل 09324794154

☆ مکتبہ نوری، میمن مسجد، ولی پیر روڈ، کلیان، ۴۲۱۳۰۱

☆ مولانا محمد ادریس رضوی مدلسن۔ پوسٹ کروا، وایا، بسیٹھا بازار، ضلع، دربھنگہ (بہار)

☆ مولانا محمد کاشف رضا شاد مصباحی، مسجد پیر محمد بخاری، محلہ سنگتراش، گلبرگہ، کرناٹک

صفحہ

تقدیم

صحافیِ عصر حضرت مولانا محمد رحمت اللہ صدیقی
مدیر اعلیٰ پیغام رضا، ممبئی

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ (۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء - ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) کثیر الجہات شخصیت کے مالک تھے، ان کے عہد میں شرق وغرب، شمال وجنوب میں کوئی ان کا ہم پلہ نہیں تھا، پورے عالم اسلام میں ان کی حیثیت فیصل کی تھی یہی وجہ ہے کہ دنیا کے ہر خطے کے علما، مشائخ، حکما، فلاسفہ اور مدبرین ان سے رجوع کرتے اور جو گتھی کہیں نہیں سلجھتی اسے آپ بآسانی سلجھا دیتے، ان کے در سے کوئی سائل کبھی محروم نہیں لوٹا، آج تک کوئی ایسی بات سامنے نہیں آسکی ہے کہ کسی نے آپ سے سوال کیا اور آپ نے اس کا اطمینان بخش جواب نہیں دیا، وہ ہر وقت ہر طرح کے سوالوں کا جواب دینے کے لئے تیار رہا کرتے تھے، ایک مرتبہ ایک بہت بڑے ریاضی داں آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، عصر اور مغرب کا درمیانی وقت تھا، آپ نے پوچھا کیسے آنا ہوا، انہوں نے بتایا کہ ایک بہت اہم مسئلے کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ بیان کیجئے انہوں نے کہا کہ مسئلہ ایسا نہیں ہے جسے کھڑے کھڑے بیان کر دیا جائے۔ آپ نے فرمایا! بیان تو کریں۔ انہوں نے اصرار دیکھ کر اپنی فائل نکالی اور

بیان کرنا شروع کیا۔ وہ بیان کرتے گئے اور آپ جواب دیتے گئے جب سائل مطمئن ہو گیا تو بے ساختہ اس کی زبان سے یہ الفاظ ادا ہوئے کہ علم لدنی سنتا تھا۔ آج آنکھوں سے دیکھ لیا، اس طرح بکثرت واقعات آپ کی زندگی میں دیکھنے کو ملتے ہیں اس طرح کے واقعات کو جمع کر کے کتابی شکل میں لانے کی ضرورت ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ جدید تحقیق کے مطابق تقریباً دو سو علوم وفنون پہ مہارت رکھتے تھے اور ہر فن میں ان کی نگارشات ملتی ہیں۔ ان کے عہد سے اب تک کوئی ایسی شخصیت جلوہ گر نہیں ہوئی جسے اتنے سارے علوم وفنون میں مہارت حاصل ہو، دنیا میں بہت ساری جامعات ہیں، بہت ساری یونیورسیٹیاں ہیں لیکن دنیا کی کسی یونیورسیٹی میں ۳۵؍علوم وفنون سے زیادہ کی تعلیم نہیں دی جاتی، اگر دنیا کی تمام یونیورسٹیوں کا جائزہ لیا جائے تو علوم فنون کی تعداد بمشکل ۴۰؍تک پہنچ پائے گی۔ اگر دنیا کے بڑے علمی ادارے اعلیٰ حضرت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو ان کے تعلیمی نصاب میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکتا ہے اور بہت سارے علوم کو حیات تازہ مل سکتی ہے، ان کی شخصیت کو تعصّبات کے کہرے میں دبانے کی جنگی پیمانے پر کوشش کی گئی اور آج بھی یہ کوشش جاری ہے، جس کی وجہ سے دنیا ان کی شخصیت سے صحیح طور پر مستفیض نہیں ہو پا رہی ہے۔ نظریاتی اختلاف شخصیت فہمی میں دشواریاں پیدا کر رہے ہیں جب کہ اہل علم کو اپنے مخصوص نظریات سے بالاتر ہو کر کسی شخصیت کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ پھر یہ کہ ان کے نظریات کا کوئی پہلو قرآن واحادیث کے منشا کے خلاف نہیں ہے۔ ان کے نظریات میں اسلام کی حقیقی روح پنہاں ہے۔ انہوں نے کبھی بھی کوئی ایسی رائے نہیں پیش کی ہے جو قرآن واحادیث سے متصادم ہو۔ انہوں نے اسلام کے دامن تقدس پر کسی طرح کا داغ دھبہ کبھی دیکھنا پسند نہیں کیا۔ ان کی زندگی کی ہر سانس اسلامی اقدار وروایات کے تحفظ میں صرف ہوئی، وہ یقیناً ہر اعتبار سے پاسبان دین وشریعت تھے اور آج بھی ان کی پاسبانی محسوس پیکر میں دیکھی جا رہی ہے۔ ان کے امتیازات کو کوئی چیلنج نہیں کر سکتا، ان کی دینی وملی قربانیوں کا ہی نتیجہ ہے کہ ان کی ذات جماعت اہل سنت میں

تشخص کا درجہ رکھتی ہے اور ان کے اس تشخص کو چھیڑنا جماعت میں بحران پیدا کرنے کے مترادف ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ نصف صدی سے زائد تک قوم وملت کی بے لوث خدمات انجام دیتے رہے، رب کائنات نے انھیں بے پناہ فضل وکمال سے نوازا تھا ان کے عہد میں مسلم معاشرہ شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا، انہوں نے مسلمانوں کی عظمت رفتہ کی بحالی کے لئے پرجوش جدوجہد کی، ان کے عہد کو فتنوں کا عہد کہا جاسکتا ہے انہوں نے اپنی زبان وقلم سے ہر فتنے کا سر کچل کر رکھ دیا، انہوں نے تنہائی کا کبھی شکوہ نہیں کیا ،ان کے ملی اضطراب کو اس چیز سے محسوس کیا جاسکتا ہے کہ وہ ۲۴ رگھنٹے میں صرف دوگھنٹہ آرام کرتے تھے اور یہ دوگھنٹہ بھی عبادت سے خالی نہ تھا۔ اپنی پوری زندگی کو ایک رباعی کے ذریعے یوں بیان کیا ہے۔

نہ مرا نوش زتحسیں نہ مرا نیش زطعن
نہ مرا گوش بمدحے نہ مرا ہوش ذمے
منم وگنج خمولی کہ نہ گنجد در وے
جز من وچند کتابے ودوات وقلمے

(حدائق بخشش حصہ دوم)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ کی حیات کا ہر ورق انتہائی صاف وشفاف ہے انہوں نے مسلمانوں کے دلوں کو عشق رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرارت عطا کی ہے اور عظمت رسالت سے الجھنے والوں کا شدت سے تعاقب کیا ہے۔ وہ زندگی کے ہر شعبے میں نظام مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حامی تھے۔ ان کی کتاب حیات کے ہر ورق سے محبت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوشبو پھوٹتی ہے۔ وہ جس طرح حال کو دیکھتے تھے اسی طرح مستقبل کو بھی دیکھتے تھے۔ انہوں نے مسلم مفادات کے جو خطوط متعین کیے ہیں اسے سہی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ وہ متعصب نہیں تھے، متصلب تھے۔ ان

کا تصلب ہر عہد اور ہر زمانے کے لیے رہنما ہے۔ دین میں تصلب کی بڑی اہمیت ہے، اگر تصلب نہ ہوتا تو معرکۂ کرب وبلا رونما نہ ہوتا۔ داعی اگر متصلب نہ ہو تو اس کی دعوت بے معنی ہوکر رہ جائے گی۔ اعلیٰ حضرت کے تصلب کو تعصب کی نظر سے دیکھنے کی کوشش کی جارہی ہے، یہی وجہ ہے کہ بعض خانقاہیں ان سے دوری بنائے رکھنے میں ہی اپنی عافیت سمجھتی ہیں، اس سلسلے میں بعض درس گاہیں بھی سر اٹھانے لگی ہیں۔ وہ سمجھتی ہیں کہ اعلیٰ حضرت کے ساتھ رہ کر ہم وسیع دنیا کا سفر نہیں کر پائیں گے۔ نئی نسلوں کے ذہنوں میں بھی یہ جراثیم ڈالا جارہا ہے۔ یہ سوچ دین وشریعت کے لیے بہت بڑے خطرے کی گھنٹی ہے۔ ایسے لوگوں کا منصفانہ تعاقب ہونا چاہئے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہ نے ہر مرض کی دوا تشخیص کی ہے، وہ بہت بڑے طبیب حاذق تھے، جسم وروح دونوں۔ کے وہ اسپیشلسٹ تھے۔ ان کی نگاہوں کی وسعت کا ابھی تک صحیح اندازہ لگایا نہیں جاسکا ہے۔ وہ اپنے عہد کے سالار اعظم تھے اور آج بھی ان کی یہ حیثیت محفوظ ہے۔ انہوں نے تالیفات وتصنیفات کی شکل میں بے شمار ہتھیار تیار کیے اور ان ہتھیار کو چلانے والے سپاہیوں کا بھی بہت بڑا جتھا تیار کیا۔ ان کا ہر سپاہی آج کے درجنوں قائدین پر فوقیت رکھتا ہے۔ ان کی تصنیفات کو آج صحیح طریقے سے پھیلانے کی کوشش کی جائے تو بہت سارے فتنے اپنی موت مرجائیں۔ ہماری کم نصیبی یہ ہے کہ ہم ان کو سمجھنے کے لیے وقت نہیں نکال پارہے ہیں۔ ان کی تصنیفات کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق ایک ہزار سے زائد ہے، جس میں نصف سے زائد زیور اشاعت سے مزین ہوچکی ہیں۔ ان کی تصنیفات میں تحقیقات کے اعلیٰ نمونے ملتے ہیں، علوم وفنون کے باب میں انہوں نے جو اضافے کیے ہیں، اس کی کوئی دوسری نظیر پیش نہیں کی جاسکتی، ان کی بعض تصنیفات کو بڑی شہرت ومقبولیت حاصل ہے۔ ان میں ایک قرآن حکیم کا ترجمہ کنزالایمان بھی ہے جسے علمی دنیا میں ''کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اردو تراجم قرآن کی بھیڑ میں کنزالایمان کا مقام ومرتبہ سب سے بلند وبالا ہے۔ کنزالایمان میں

روح قرآن کی سہی ترجمانی کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں اتنے شواہد ملتے ہیں کہ اگر انہیں جمع کر دیا جائے تو کئی مجلدات تیار ہو جائیں۔ اردو تراجم قرآن میں کنزالایمان کو جو خصوصیات حاصل ہیں اب تک کسی ترجمے کو نہیں حاصل ہو سکی ہیں۔ کنزالایمان کی اہمیت وافادیت پہ تسلسل کے ساتھ لکھا جارہا ہے، پھر بھی اس کے بہت سارے گوشے ابھی بھی تشنۂ تحریر ہیں۔

چوں کہ جماعت اہل سنت میں کسی پہلو پر منظم طریقے سے کام کرنے کا رجحان بہت کمزور ہے اس لیے کسی فن پارے کی حقیقت کھل کر اہل علم کے سامنے نہیں آپاتی ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہ کی کتابوں کی یہ شان ہے کہ ان کی ہر کتاب کے ایک ورق سے اس دور کی ایک کتاب تیار ہو سکتی ہے۔ ان کی ہر کتاب علوم و معارف کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے۔ ان کی کتابوں کے ہر ورق سے ان کی مجددانہ شان کا اظہار واعلان ہوتا ہے۔ یہ عقیدت کا اعلامیہ نہیں ہے، بلکہ حقیقت کی بے غبار ترجمانی ہے۔

اعلیٰ حضرت کا زمانہ فتنوں کا زمانہ تھا چوں کہ حکومت خود مسلمانوں میں فتنوں کو ہوا دے رہی تھی اس کی خواہش تھی کہ مسلمان ہر وقت اپنے ہی مسائل میں الجھا رہے، اس لیے فتنہ اور فتنہ گروں کو حکومت کی طرف سے بھرپور تعاون ملتا تھا۔ جہاں تحریر وتقریر کے سہارے ایمان و عقیدے کی سرزمین کو بنجر بنانے کی کوشش جاری تھی وہیں قرآن حکیم کے اردو تراجم کے ذریعے بھی ایمان وعمل میں فساد پیدا کیا جارہا تھا، ضمیر فروشوں نے تراجم قرآن حکیم کا سہارا لے کر تقدیس الوہیت ورسالت پہ بھی شب خون مارنے کی بھرپور کوشش کی۔ کنزالایمان انہیں تراجم کا ایک ایمان افروز ردعمل تھا، کنزالایمان نے بگڑتے ہوئے خیالات، ٹوٹتے ہوئے حوصلوں اور مجروح ہوتے ہوئے جذبوں کو سہارا دیا۔ کنزالایمان میں خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رشتوں کے تقدس کو دیکھا جاسکتا ہے، ذیل میں دو چند آیتوں کے اردو تراجم پیش کیے جاتے ہیں، جس سے دوسرے اردو تراجم قرآن کے درمیان کنزالایمان کی آفاقیت کو بخوبی سمجھا جاسکتا ہے اور یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ تراجم قرآن کے ذریعہ تقدیس الوہیت ورسالت پہ کس طرح دھول ڈالنے کی کوششیں جاری تھیں، ملاحظہ کریں:

و وجدك ضالا فهدىٰ (آیت ۷، پارہ ۳۰)

ترجمہ: پایا تجھکو بھٹکا پھر راہ سمجھائی .... مولوی محمود الحسن دیوبندی

اور تم کو دیکھا کہ راہ حق کی تلاش میں بھٹکتے بھٹکتے پھر رہے ہو تو تم کو دین اسلام کا سیدھا راستہ دکھادیا .... ڈپٹی نذیر احمد دہلوی

اور اس نے آپ کو راہ شریعت سے ناواقف پایا تو اس نے آپ کو منزل مقصود تک پہنچایا .... مولوی احمد سعید دہلوی

اور تمہیں ناواقف راہ پایا اور پھر ہدایت بخشی .... مولوی ابوالاعلیٰ مودودی

اور آپ کو (شریعت سے) بے خبر پایا پھر (شریعت کا) راستہ بتایا ..... مولوی احمد علی لاہوری

اللہ تعالیٰ نے آپ کو بے خبر پایا سو راستہ بتلایا .... مولوی اشرف علی تھانوی

اور آپ کو بے خبر پایا سو راستہ بتادیا .... مولوی فتح محمد جالندھری

اس نے تجھ کو بھولا بھٹکا پایا تو پھر راہ پر لگادیا .... مولوی وحید الزماں کرانوی

اور تم کو احکام سے ناواقف دیکھا تو منزل مقصود تک پہنچادیا .... مولوی فرمان علی (شیعہ)

اور تم کو بھٹکا ہوا پایا اور منزل مقصود تک پہنچایا .... مولوی مقبول احمد (شیعہ)

اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی .... امام احمد رضا بریلوی

(سالنامہ معارف رضا، ص ۲۲۰، ۱۹۹۴ء)

اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا لِّيَغۡفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنۡ ذَنۡۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ

(سورۂ فتح ۱۰۲)

ترجمہ: ہم نے فیصلہ کردیا ترے واسطے صریح فیصلہ تا کہ معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہوئے تیرے گناہ اور جو کچھ پیچھے رہے۔ (مولوی شاہ عبدالقادر)

تحقیق فتح دی ہم نے تجھ کو فتح ظاہر تا کہ بخشے واسطے تیرے خدا جو کچھ ہوا تھا پہلے گناہوں سے تیرے اور جو کچھ پیچھے ہو۔ (مولوی شاہ رفیع الدین)

بے شک ہم نے آپ کو کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف کر

دے۔(مولوی عبدالماجد دریابادی)
بے شک اے نبی ہم نے تمہیں ایک فتح ظاہر عنایت کی تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اگلے پچھلے گناہوں کو بخش دے۔(مولوی مرزا حیرت دہلوی)
۔بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح دی تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔(امام احمد رضا بریلوی)

(سالنامہ معارف رضا ص ۱۱۵، ۱۹۸۹ء)

مذکورہ دونوں مثالوں سے کنزالایمان کی اہمیت خوب اجاگر ہو جاتی ہے۔دوسرے تمام مترجمین ،قرآن حکیم کے الفاظ میں الجھ کر رہ گئے ،انہوں نے اس پہلو پہ غور کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی یا ہو سکتا ہے کہ انہوں نے یہ کام بالارادہ کیا ہو۔انہوں نے جو ترجمہ پیش کیا، اس سے تقدیس الوہیت اور عصمت رسالت پہ شدید چوٹ پڑتی ہے۔نتیجتاً مخالفین اسلام کو کھیل کھیلنے کا بھر پور موقع مل گیا اور خود مسلمان بھی طرح طرح کے شبہات میں مبتلا ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔جب کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہ نے ترجمہ کر کے ہر طرح کے شبہات کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا۔اگر کنزالایمان دنیا کے سامنے نہ آتا تو آج بھی اسلامی دنیا تذبذب کا شکار ہوتی اور تقدیس الوہیت و رسالت کا دامن داغدار ہوتا رہتا۔

اردو تراجم قرآن میں کنزالایمان ہی واحد ترجمہ ہے جس کے مطالعے سے ایمان و عقیدے کی تازگی میں اضافہ ہوتا ہے،یہی وجہ ہے کہ مخالفین کی لاکھ ریشہ دوانیوں کے باوجود کنزالایمان کی اہمیت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔دنیا کی دوسری زبانوں میں اسے منتقل کیا جا رہا ہے۔جدید تحقیق کی روشنی میں اب تک کنزالایمان کا ایک درجن سے زائد زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے،ہر سال لاکھوں کی تعداد میں کنزالایمان کی اشاعت ہوتی ہے،بلکہ وہ لوگ جو کنزالایمان کے مترجم سے نظریاتی اختلاف رکھتے ہیں وہی کنزالایمان کی اشاعت میں پیش پیش نظر آرہے ہیں۔اسی لیے کہا جاتا ہے کہ سچائی مخالفتوں کا سینہ چیر کر سامنے آجاتی ہے۔سچائی کو جس قدر دبانے کی کوشش کی جاتی ہے،سچائی کا چہرہ اسی قدر نکھرتا چلا جاتا ہے۔

سخت کہرے کے بعد جو دھوپ نکلتی ہے اس کی اہمیت کچھ اور ہوتی ہے۔مخالفتوں نے کنزالایمان کو اور بھی مقبول و مشہور کر دیا۔ڈاکٹر اقبال نے بڑے پتے کی بات کہی ہے

تندیٔ باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب　　یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے

کنزالایمان کی مقبولیت کا اس بات سے بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ آج دنیا میں سیکڑوں کی تعداد میں مذہبی ادارے،مدارس،مساجد اور انجمنیں کنزالایمان سے منسوب ہیں، بہت سارے رسائل بھی کنزالایمان کے نام سے نکل رہے ہیں،زمانہ جیسے جیسے آگے بڑھ رہا ہے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے عقیدت و محبت کی قندیلوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اردو تراجم میں جو شہرت و مقبولیت کنزالایمان کے حصے میں آئی ہے کسی دوسرے ترجمہ کو اس کی گرد بھی نہ مل سکی۔اور ان شاء اللہ آئندہ بھی کسی ترجمہ کو نہیں مل سکے گی۔

کنزالایمان کی مقبولیت کا اس بات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اب تک ہزاروں کی تعداد میں اس پہ مقالات لکھے جا چکے ہیں اگر ان مقالات کو ترتیب دیا جائے تو کئی مجلدات تیار ہو جائیں۔مقالات لکھنے کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔کنزالایمان پہ ریسرچ و تحقیق کا سلسلہ بھی جاری ہے،اس حوالے سے کئی محققین کو پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگریاں بھی تفویض کی جا چکی ہیں،بہت سارے فضلا نے اس پہ ایم فل بھی کیا ہے۔کنزالایمان پہ درجنوں تحقیقی کتابیں بھی منظر عام پر آ چکی ہیں،زیر نظر کتاب ''کنزالایمان اور امام احمد رضا'' اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے،لیکن اس کی نوعیت دوسری کتابوں سے مختلف ہے۔اس میں مرتب موصوف نے اپنی معلومات کے مطابق اب تک کنزالایمان پہ ہونے والی سرگرمیوں کا سوال و جواب کی شکل میں احاطہ کیا ہے۔ہر چند کہ اس سے پہلے بھی اس نوعیت کی دو چند کتابیں زیور اشاعت سے آراستہ ہو چکی ہیں،لیکن زیر نظر کتاب کو دوسری کتابوں کا چربہ نہیں کہا جا سکتا۔اس میں جو کچھ ہے مرتب کی اپنی تحقیق و جستجو ہے۔مرتب کی دلچسپی کو دیکھ کر یہ احساس گہرا ہو چلا تھا کہ یہ کتاب کئی مجلدات پر پھیل جائے گی،لیکن عرس رضوی کے پیش نظر مرتب نے اپنی ساری توجہ اس کی اشاعت پہ مرکوز کر دی،حالاں کہ راقم الحروف نے انہیں

اس تعلق سے بے فکر رہنے کا یقین دلایا تھا، اس لیے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہ کی ذات گرامی بارگاہ خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں محبوب ومقبول ہے، ان پہ جو کچھ بھی لکھا جائے گا اس کی اشاعت کا سامان غیب سے ہو جاتا ہے۔ اس کی تازہ مثال پیغام رضا ہے۔ اس کے لیے کوئی عوامی چندہ نہیں ہوتا اور نہ ہی اس کی ممبر سازی کی جاتی ہے، پھر بھی یہ پورے آب وتاب کے ساتھ جاری ہے اور انشاء اللہ جاری رہے گا۔ رحمت الٰہی پہ کامل اعتماد شرط ہے۔ پھر ہر مرحلہ آسان ہو جاتا ہے۔

کنزالایمان اور امام احمد رضا میں ساٹھ سے زائد ابواب متعین کیے گئے ہیں، یوں تو ہر باب معلومات کا خزانہ ہے، پھر بھی ذیل میں چند اہم ابواب کی ایک فہرست دی جاتی ہے تاکہ قارئین پر مرتب کی محنت اور کتاب کی اہمیت اجاگر ہو جائے اور ذوق مطالعہ کو مزید مہمیز ملے۔

☆ کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کا خاندانی پسِ منظر
☆ کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے علوم وفنون
☆ کنزالایمان کی تاریخ
☆ کنزالایمان میں کچھ محاوروں کی نشاندہی
☆ کنزالایمان کی دوسری زبانوں میں منتقلی
☆ تفاسیرِ کنزالایمان
☆ کنزالایمان کی دیگر تفاسیر
☆ ''کنزالایمان'' پر علماو مشائخ اور مفکرین کے مضامین
☆ ''کنزالایمان'' کے مترجم امام احمد رضا کی کتابوں کے ترجمے
☆ کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا پر عربی زبان میں مقالے اور مضامین
☆ کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا القاب وآداب کے آئینے میں
☆ کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا پر ماہناموں کے خاص نمبرات

☆ کنزالایمان نام کے ماہنامے، ادارے اور سوسائٹیاں
☆ کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے چند خلفا وتلامذہ

حضرت مولانا محمد ادریس رضوی صاحب کا شمار جماعت اہل سنت کے جید عالموں میں ہوتا ہے، ان کے اندر بے پناہ صلاحیتیں پائی جاتی ہیں، ان میں ایک سلجھے ہوئے ادیب اور شاعر کو دیکھا جا سکتا ہے۔ طبیعت میں گوشہ نشینی ہے، لیکن فکر میں بڑی وسعت ہے۔ قلم میں بڑی جاذبیت ہے اور زبان وادب پہ بڑی گہری نظر ہے۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو ہر وقت الفاظ ومعنی کی تلاش میں ہوتے ہیں، لیکن الفاظ ومعنی مولانا موصوف کی بارگاہ میں دست بستہ کھڑے ہوتے ہیں۔ آپ ایک بیٹھک میں ان سے ایک تحقیقی مقالہ لکھوا سکتے ہیں، ہم نے انہیں بہت قریب سے دیکھا ہے، مطالعہ کم کرتے ہیں، لیکن اپنی تحقیق میں دور کی کوڑی لاتے ہیں جو بات کہتے ہیں اس میں بڑی معقولیت ہوتی ہے، کردار وعمل میں بھی بڑی شفافیت رکھتے ہیں، مذہب ومسلک کا وقار ایسے ہی لوگوں سے ہر زمانے میں بلند ہوا ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے اپنی صلاحیتوں کا کچھ حصہ استعمال کیا ہے۔ مطالعے کے دوران قارئین کو اس کا بخوبی احساس ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کتاب رضویات کے باب میں ایک خوبصورت اضافہ تصور کی جائے گی۔ خاص کر رضویاتی ادب پر کام کرنے والے محققین کے لیے یہ کتاب ماخذ کا درجہ رکھتی ہے۔ رب کائنات مولانا موصوف کو دارین میں ہر طرح کی عافیت عطا فرمائے اور انہیں اس طرح کا مزید کام کرنے کی توفیق رفیق بخشے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

طالب دعا

محمد رحمت اللہ صدیقی عفی عنہ

۲۱ر محرم الحرام ۱۴۳۰ھ

۱۹ر جنوری ۲۰۰۹ء

اپنی باتیں

سوال (۱) ''کنزالایمان کوئز'' ترتیب دینے کا خیال آپ کے ذہن میں کب آیا؟
جواب۔ غوث الوریٰ اکیڈمی کے اراکین نے راقم کو ''کربلا انعامی کوئز'' ترتیب دینے کا حکم دیا جب کوئز کی ترتیب عمل میں آئی اور اس کی اشاعت ہوئی تو اسے عوام خواص نے کافی پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا خاص کر طلبہ وطالبات نے فارم پُر کرنے میں بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کیا ، اس لگن کو دیکھتے ہوئے ، اکیڈمی کے اراکین نے ''رضا انعامی کوئز'' نکالنے کا پروگرام بنایا تو فاضل نوجوان جناب مولانا مسعود رضا قادری سلمہٗ نے راقم سے کہا کہ ''رضا کوئز'' ترتیب دیدیں ، راقم السطور نے ''رضا کوئز'' ترتیب دیدیا، فارم پر مولانا موصوف نے اعلان کے ضمن میں یہ لکھا کہ ''ہم اراکین غوث الوریٰ اکیڈمی اعلان کرتے ہیں کہ ''کربلا ورضا کوئز'' بھرنے میں اگر کوئی پریشانی ہوتو آپ فوراً تعلیم یافتہ لوگوں یا اپنے علماء کرام اور ائمہ مساجد سے رجوع کریں ، تاکہ آپ کو بھی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کے متعلق معلومات حاصل ہو جائے'' اس اعلان کے بعد لوگوں نے جب علماء اور ائمہ سے رابطہ کیا تو بعض نے کچھ بتانے کی بجائے یہ کہہ کر ٹال دیا، یا اپنی جان چھڑالی کہ جس نے لکھا (یعنی فارم ترتیب دیا) ہے اس سے جا کر پوچھو، ایسا کہہ کر علما اور ائمہ نے اپنی بے بضاعتی کا ثبوت دیا، کچھ خواتین ٹیچرس مولانا مسعود صاحب کے پاس پہنچیں کہ علما اسٹیج پر خوب اعلیٰ حضرت، اعلیٰ حضرت چیختے ہیں لیکن آج ان کے حوالے سے ہمیں

کچھ بھی بتانے سے قاصر ہیں، کسی کے پاس ''فتاوی رضویہ'' بھی نہیں ہے، بھیونڈی جا کر ایک لائبریری میں فتاوی رضویہ، کو دیکھا لیکن اس میں ہمیں کچھ ہاتھ نہیں لگا۔

سوالات میں فتاوی رضویہ سے کسی قسم کا سوال نہیں بنایا گیا تھا، تو اس سے ہاتھ کیا لگتا، بہر حال اسی وقت سے میرے دل میں خواہشیں کروٹیں لے رہی تھیں کہ وقت ملا تو اسی طرز پر ''رضا کوئز'' مع سوال و جواب ترتیب دونگا ، دو سال کا عرصہ نکل جانے کے بعد ایک دو رسالے میں یہ اعلان دیکھا کہ ۱۴۳۰ھ میں ''کنزالایمان صدی'' منائی جائے گی ، میں نے مناسب سمجھا کہ اسی موقع سے رضا کوئز کی بجائے ''کنزالایمان کوئز'' کے نام سے کتاب مرتب کر کے منظر عام پر لائی جائے ، احباب سے اظہار خیال کیا، سبھوں نے حوصلہ افزائی کی ، اور میں نے کوئز مرتب کرنا شروع کردیا، جو تیار ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے، مجھے یقین ہے کہ مطالعہ کے بعد یقیناً آپ کی معلومات میں یہ کتاب اضافہ کرے گی۔

سوال (۲) آپ نے ''کنزالایمان کوئز'' میں جو مواد شامل کیا ہے اس میں اضافے کی گنجائش ہے؟
جواب۔ بہت ہے، اس کتاب میں ایک ذیلی عنوان ہے ''کنزالایمان میں کچھ محاوروں کی نشاندہی'' یہ موضوع بہت وسیع ہے اور اس تعلق سے ابھی تک کام نہیں ہوا ہے، دوسرا موضوع ''کنزالایمان نام کے ماہنامے، ادارے اور سوسائٹیاں'' ہیں، اس پر بھی محنت کرنے کی ضرورت ہے، علما اور عوام سے رابطہ اور ہندوستان کے مختلف شہروں وقصبوں کا دورہ کر کے عنوان کو وسیع سے وسیع تر کیا جاسکتا ہے، تیسرا عنوان ہے'' رضا اکیڈمی کس کس شہر میں ہے'' اس کی فہرست میں بھی خاصا اضافہ کیا جاسکتا ہے ''انسی ٹیوٹ، سوسائٹی اور فاؤنڈیشن '' کے عنوان سے بھی کتاب یا کتابیں لکھی جاسکتی ہیں، اسی طریقے سے دوسرے موضوع پر بھی کام کیا جاسکتا ہے۔

سوال (۳) اس کتاب کے تعلق سے آپ قوم وملّت سے کچھ کہنا پسند کریں گے؟
جواب۔ میں قوم کے دردمندوں سے یہ کہوں گا کہ اس کتاب کو پڑھ کر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کو سمجھئے کہ ان کی شخصیت کتنی عظیم تھی ، علوم وفنون کے اس بحر بیکراں پر اللہ

تعالیٰ کا خاص فضل تھا جوانہوں نے قوم وملت کی بے پناہ خدمات انجام دیں اور اپنے پیچھے بہت بڑا علمی ولسانی سرمایہ چھوڑا ہے ان کے علمی ولسانی سرمایہ سے ہم استفادہ کریں، تعصب وتنگ نظری سے اوپر اُٹھ کر امام احمد رضا محقق بریلوی اور چودہ صدی کے مجدد کو پڑھیں، ان کے عشق کو دیکھیں، خلوص وللّٰہیت کو پرکھیں، ان کے عمل کو اپنائیں، ان کے تقویٰ پر غور کریں، ان کے روزانہ کے معمولات پر دھیان دیں تو آپ محسوس کریں گے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہٗ کی ذات ایک جامعہ کا درجہ رکھتی ہے، بلکہ ان کی ذات میں کئی جامعات سمٹی ہوئی نظر آتی ہیں۔

سوال (۴) کنزالایمان کوئز ترتیب دینے کے بعد آپ امام احمد رضا علیہ الرّحمہ کے تئیں کیا محسوس کررہے ہیں؟

جواب۔ محسوس کررہا ہوں کہ امام احمد رضا علیہ الرّحمہ پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل وکرم تھا کہ آپ کے نام جتنی تحریکیں، انجمنیں، لائبریریاں، سوسائیٹیاں، ادارے، چیریٹیبل ٹرسٹ وغیرہ بنیں اور مساجد آپ کے نام سے منسوب ہوئیں اس قدر کسی اور ہستی کے نام سے منسوب نہیں ہوئیں، یہ باتیں اسی کوئز کے مطالعہ سے آپ پر واضح ہوجائیں گی۔

سوال (۵) اس کتاب کی ترتیب میں آپ کے معاون ومددگار کون کون لوگ رہے ہیں؟

جواب۔ معاونین ومحرکین کی حیثیت سے کچھ افراد کے نام لیے جاسکتے ہیں، خاص کر حضرت مولانا محمد رحمت اللہ صدیقی، مدیر اعلیٰ ''پیغامِ رضا'' مولانا محمد مسعود رضا قادری، مولانا محمد جہانگیر اشرف رضوی، مدرسہ الجامعۃ الرّضویہ، رضا نگر بیل بازار کلیان، مولوی محمد جمال الدین نائب امام سنّی جامع مسجد پتری پُل، جناب سیّد یاسین علی قادری نائب سکریٹری سنّی جامع مسجد پتری پُل کلیان، اللہ تبارک وتعالیٰ ان تمام مخلصین کے علم وعمل، مال ودولت اور عمر میں بے پناہ برکتیں عطا فرمائے آمین۔

سوال (۶) آپ کی قارئین سے کوئی گذارش ہے تو بتائیے؟

جواب۔ پہلی بات یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی بریلوی

قدس سرہٗ کو درجنوں علوم فنون میں مہارت تامہ حاصل تھی، بہت سارے علوم وفنون کے وہ خود موجد تھے اور کئی ایک علوم وفنون کو آپ نے حیات تازہ عطا کی ہے جیسے جیسے ان کے علمی سرمائے پر کام ہورہا ہے ویسے ویسے ان کے علوم وفنون کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، ماضی قریب کے محققین نے ان کے علوم وفنون کی تعداد ۵۵/ بتائی تھی، لیکن عہد حاضر کے محققین ان کے علوم کی تعداد دوسو سے زیادہ بتاتے ہیں اور اس میں مزید اضافہ بھی ہوسکتا ہے، ان کی عظمت ورفعت کا سورج کتنی بلندی پہ چمک رہا ہے ہم حقیقت میں اس کا اندازہ لگانے سے قاصر ہیں اس لئے ہم ان کی شخصیت کا گہرائی سے مطالعہ کریں، ان کو سمجھنے کی بھرپور انداز میں کوشش کریں اور ان کے ارشادات وفرمودات کی روشنی میں اپنے ایمان وعقیدے کو سنواریں، انہوں نے ہمارے ایمان وعقیدے کو جو تحفظات دیئے ہیں اس کا بہرصورت احترام کریں، اپنے انداز میں ان کی بارگاہ میں خراج عقیدت پیش کرتے رہیں اور ان کی فکر کو معاشرے میں نافذ کرنے کی کوشش کریں۔

دوسری بات یہ کہ اپنی ہی جماعت میں کچھ ایسے چہرے ابھر کر سامنے آئے ہیں جن کا کہنا یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ محدود حلقے میں جانے جاتے ہیں، ان کا تعارف عام نہیں ہے، ان پر جو تحریریں ملتی ہیں ان کا انداز نیاز مندانہ ہے، حالانکہ یہ ساری باتیں تعصب اور تنگ نظری کی کوکھ سے نکلی ہیں، حقیقت سے ان کا کوئی رشتہ نہیں ہے، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ پر دنیا کی ۳۲/ سے زیادہ جامعات میں ریسرچ وتحقیق کا سلسلہ جاری ہے، میرے علم اور مطالعے کے مطابق اہل سنت و جماعت کی تاریخ میں یہ شرف شاید ہی کسی شخصیت کو حاصل ہوا ہو، ان کے مصنفات کی تعداد ایک ہزار بتائی جاتی ہے یہ بھی ان کی شخصیت کا امتیازی نشان ہے، جن علوم وفنون پر انہیں مہارت حاصل تھی ان کی تعداد دوسو کے قریب ہے یہ بھی ایک بہت بڑا امتیاز ہے، ایک ایسا امتیاز جس کی نظیر سے کئی صدیاں خالی ہیں ''فتاویٰ رضویہ'' جو بارہ ضخیم مجلدات پر مشتمل ہے، اسے فقہ حنفی کا انسائیکلوپیڈیا کہا جاتا ہے، اس میں جو تحقیقات ملتی ہیں دوسری کتب فتاویٰ ان

تحقیقات سے خالی ہیں، ان کی تصنیفات کی دنیا کی مختلف زبانوں میں تراجم ہو رہے ہیں، ان کے سائنسی نظریات اب تک حرف آخر بنے ہوئے ہیں، ان کی تحقیقات کو چیلنج کرنے کی اب تک کسی میں جرأت نہیں ہوئی ہے اور جس نے جرأت کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی وہ منھ کے بل گر گئے، ابھی حال ہی میں ایک حلقے سے یہ آواز بلند ہوئی ہے کہ امام احمد رضا قادری برکاتی کی بعض تحقیقات سے اختلاف کیا جا سکتا ہے، اسے تعصب وتنگ نظری کا اشاریہ کہا جائے گا، ارباب علم ودانش اسے خوب سمجھتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی قدس سرہٗ کا تعارف کسی بھی اعتبار سے محدود نہیں ہے، دنیا کے مختلف خطوں میں ان کے نام سے ہزاروں ادارے، سوسائٹیاں اور انجمنیں منسوب ہیں اس خصوصیت میں بھی دور دور تک ان کا کوئی شریک نظر نہیں آتا، ان کا لکھا ہوا سلام ''مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام'' پابندی کے ساتھ دنیا کے مختلف بلاد وامصار میں ہر روز پڑھا جاتا ہے، ان کے نعتیہ دیوان ''حدائق بخشش'' کو جو شہرت ومقبولیت حاصل ہے وہ شہرت ومقبولیت کسی بھی دوسرے نعتیہ دیوان کو ابتک نہ مل سکی ہے، یہ ساری باتیں زیر نظر کتاب کے مطالعہ کے دوران آپ کو نظر آئیں گی، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ سے منسوب اداروں کی فہرست ہی دیکھ کر ایک عام آدمی حیرت واستعجاب میں ڈوب جاتا ہے اور انتساب کا سلسلہ ہنوز جاری ہے اور انشاءاللہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

اردو تراجم قرآن میں ''کنزالایمان'' کو جو امتیاز حاصل ہے اس کا ہمیں پہلے سے احساس وادراک تھا، ہم نے کئی تحقیقی مضامین کنزالایمان کی انفرادیت اور مختصر موضوعات پر لکھے ہیں لیکن زیر نظر کتاب ''کنزالایمان اور امام احمد رضا'' کی ترتیب کے دوران کنزالایمان کے حوالے سے جو انکشافات ہوئے ہیں اس سے ہمارے جنون عشق میں اور اضافہ ہو گیا ہے، اس لئے ہم یہ بات کہنے میں حق بجانب ہیں کہ آج کی درجنوں جامعات امام احمد رضا کی ذات میں سمٹ جائیں گی۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ علوم وفنون کے چشمۂ

سیال ہیں، پینے والے پی رہے ہیں لیکن پانی ہے کہ بڑھتا ہی جا رہا ہے، یہ باتیں کسی عقیدت کی پیداوار نہیں ہیں بلکہ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جسے کوئی بھی غیر جانب دار شخص جھٹلا نہیں سکتا، اس کتاب کے مطالعہ کے بعد آپ بھی ہمارے خیالات کی تائید پر مجبور ہوں گے، یہ جو کچھ ہے صرف تین ماہ کی محنت ہے، اگر تین سال محنت کر دی جائے تو صرف ''کنزالایمان'' کی خصوصیات کئی مجلدات پر پھیل جائیں گی بہر حال کام رُکا نہیں ہے، انشاءاللہ دوسرا ایڈیشن بہت سارے اضافات کے ساتھ آپ کے سامنے آئے گا۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری برکاتی کے نام سے منسوب جو تحریکیں، انجمنیں، لائبریریاں، سوسائٹیاں، ادارے، چیریٹیبل ٹرسٹ وغیرہ جو اس کتاب میں شامل ہونے سے رہ گئیں ہیں تو از راہِ کرم قارئین لکھ کر بھیج دیں تو انشاءاللہ تعالیٰ آئندہ ایڈیشن میں شکریے کے ساتھ ان کو شامل کر لیا جائے گا۔

محمد ادریس رضوی
سنّی جامع مسجد، پتری پل، کلیان، پن ٤٢١٣٠٦ مہاراشٹر

قارئین کرام سے گذارش ہے کہ ذیل میں دیئے گئے مرحومین کے مغفرت اور بلندیٔ درجات کے لئے ضرور دعائیں کریں۔

(۱) مرحوم الحاج محمد سعید الرحمٰن رضوی ابن محمد ہزاری مرحوم، مسکونہ ڈیہوٹی سیّد پور (ویسٹ بنگال) انڈیا۔
(۲) مرحوم محمد مظہر الحق، مسکونہ تلنگاؤں پورنیہ (بہار)
(۳) مرحوم محمد سجیر الدین ابن محمد رجب علی، مسکونہ چوکائی (ویسٹ بنگال)
(۴) مرحوم محمد شمس الدین وآسیہ بیگم، مسکونہ مدلمن، دربھنگہ (بہار)

نظم بر کنزالایمان

تجھ پر مرا ایقان کنزالایمان ☆ اعلیٰ ترا اعلان کنزالایمان

ایران، افغان و عرب ترکستان ☆ تو ہر جگہ ذیشان کنزالایمان

سب پر ہوا حاوی ترا فرمان ☆ اعلیٰ ترا فرمان کنزالایمان

مشہور دنیا میں ہوا تیرا نام ☆ تو ترجموں کی جان کنزالایمان

کیا خوب ہے تیرا بیان و انداز ☆ ہے عقل بھی حیران کنزالایمان

پڑھتے مسلماں ہیں صبح و شام ☆ اے ترجمۂ قرآن کنزالایمان

پڑھتے رہو ہو جائے گا دل گلزار ☆ یہ ترجمۂ قرآن کنزالایمان

عشق و محبت کا پلاتا ہے جام ☆ اپنا تو ہے ایمان کنزالایمان

تجھ پر فدا تو ہو گیا ہے سنسار ☆ کتنا تیرا ہے مان کنزالایمان

اردو زباں کو کر دیا مالا مال ☆ دے کر نئی اک شان کنزالایمان

رضوی یہ دیتا ہے جہاں کو پیغام ☆ دل سے پڑھو قرآن کنزالایمان

کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کا خاندانی پسِ منظر

سوال (۱) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کا خاندان قندھار سے ہجرت کر کے ہندوستان کے کس شہر میں میں قیام پذیر ہوا؟

جواب۔ لاہور میں۔

سوال (۲) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کا خاندان لاہور کے بعد ہندوستان کے کس شہر میں سکونت اختیار کیا؟

جواب۔ دہلی میں۔

سوال (۳) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے خاندان کے اس فرد کا نام بتائیے جو ہندوستان میں شش ہزاری عہدہ پر فائز تھے؟

جواب۔ حضرت سعید اللہ خاں۔

سوال (۴) حضرت سعید اللہ خاں کس خطاب سے پکارے جاتے تھے؟

جواب۔ ''شجاعت جنگ'' کے خطاب سے۔

سوال (۵) حضرت سعید اللہ خاں کے صاحبزادے کا نام بتائیے؟

جواب۔ سعادت یار خاں

سوال (۶) سعادت یار خاں کے کتنے لڑکے تھے؟ جواب۔ تین لڑکے تھے

سوال (۷) تینوں لڑکوں کے نام بتائیے؟

جواب۔ (۱) اعظم خاں (۲) معظم خاں (۳) مکرم خاں

سوال (۸) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے خاندان کے کس بزرگ نے سب سے

پہلے بریلی شریف میں سکونت اختیار کی؟

جواب۔حضرت اعظم خاں نے۔

سوال(۹) حضرت اعظم خاں علیہ الرّحمہ نے کیا دنیاترک کردیا تھا؟

جواب۔جی ہاں! آپ نے دنیاترک کرکے خالص زہد کا راستہ اختیار فرمایا تھا۔

سوال(۱۰) حضرت اعظم خاں کے صاحبزادے کا نام بتایئے؟

جواب۔ جناب حافظ محمد کاظم علی خاں صاحب۔

سوال(۱۱) جناب حافظ محمد کاظم علی خاں صاحب کس عہدہ پر کہاں فائز تھے؟

جواب۔ جناب حافظ محمد کاظم علی خاں صاحب تحصیلدار کے عہدہ پر بدایوں میں فائز تھے۔

سوال(۱۲) تحصیلدار کا عہدہ آج کل کے کس عہدہ کے قائم مقام تھا؟

جواب۔تحصیلدار کا عہدہ آج کل کے کلکٹر کے عہدہ کے قائم مقام تھا۔

سوال(۱۳) جناب حافظ محمد کاظم علی خاں صاحب کے پاس کتنے گاؤں جاگیر میں تھے؟

جواب۔جناب حافظ محمد کاظم علی خاں صاحب کے پاس آٹھ(۸) گاؤں جاگیر میں تھے۔

سوال(۱۴) جناب حافظ محمد کاظم علی خاں صاحب کے صاحبزادے کا نام بتایئے؟

جواب۔حضرت مولانا رضاعلی خاں۔

سوال(۱۵) حضرت مولانا مفتی رضاعلی خاں صاحب علیہ الرحمہ کی سال ولادت بتایئے؟

جواب۔۱۲۲۴ھ

سوال(۱۶) حضرت مولانا مفتی رضاعلی خاں صاحب علیہ الرحمہ کے القابات بتایئے؟

جواب۔ قدوۃ الواصلین، زبدۃ الکاملین، قطب الوقت، عالم علم ربانی، مطلع العلوم، مجمع الفہوم۔

سوال(۱۷) حضرت مولانا رضاعلی خاں صاحب علیہ الرحمہ نے کس شہر میں دینی تعلیم حاصل کیا؟

جواب۔شہر''ٹونک''میں

سوال(۱۸) کتنے سال کی عمر میں آپ نے سند فراغت حاصل کی تھی؟

جواب۔بائیس(۲۲) کی عمر میں۔

سوال(۱۹) حضرت مولانا رضاعلی خاں صاحب علیہ الرحمہ کو کن علوم میں مہارت تامہ حاصل تھی؟

جواب۔فقہ وتصوّف میں۔

سوال(۲۰) حضرت مولانا رضاعلی خاں صاحب علیہ الرحمہ کی تاریخ رحلت بتایئے؟

جواب۔۲رجمادی الاولیٰ۱۲۸۶ھ۔

سوال(۲۱) حضرت مولانا رضاعلی خاں صاحب علیہ الرحمہ کی پہلی زوجہ سے تولد ہونے والے صاحبزادے کا نام بتایئے؟

جواب۔رئیس الاتقیا مولانا مفتی نقی علی خاں صاحب

سوال(۲۲) رئیس الاتقیا مولانا مفتی نقی علی خاں صاحب کا سالِ ولادت بتائے؟

جواب۔رجب۱۲۴۶ھ

سوال(۲۳) رئیس الاتقیا مولانا نقی علی خاں صاحب نے تعلیم کس سے حاصل کی؟

جواب۔اپنے والد ماجد مولانا رضاعلی خاں صاحب سے۔

سوال(۲۴) رئیس الاتقیا مولانا نقی علی خاں صاحب کی کتاب''اصلاح ذات البین''کس سن ہجری میں شائع ہوئی؟

جواب۔۲۶رشعبان۱۲۹۳ھ میں۔

سوال(۲۵) رئیس الاتقیا مولانا نقی علی خاں صاحب کی کتنی تصانیف ہیں؟

جواب۔ ملک العلماعلامہ ظفرالدین بہار نے''حیات اعلیٰ حضرت''میں آپ کی پندرہ کتابوں کے نام لکھنے کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ آپ کی اور بھی تصانیف ہیں جو بستوں میں ملتی ہیں،مگر منتشر(۱)

کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کا سوانحی خاکہ

سوال(۲۶) کنزالایمان کے مُترجم کا نام بتایئے؟

جواب۔(اعلیحضرت امام) محمد احمد رضا خان (رحمۃ اللہ علیہ)

سوال(۲۷) کنزالایمان کے مُترجم کی پیدائش ۱۰ رشوال المکرّم ۱۲۷۲ھ میں ہوئی۔ عیسوی تاریخ اور ماہ وسن ودن ووقت اور ہندی سن بھی بتایئے؟

جواب۔۱۴ رجون ۱۸۵۶ء شنبہ (سنیچر) بوقتِ ظہر، جیٹھ سدی ۱۹۱۳ اسمبت

سوال(۲۸) کنزالایمان کے مترجم کا نام ''احمد رضا'' کس نے رکھا؟

جواب۔آپ کے دادا مولانا رضا علی خاں نے (متوفی ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء)

سوال(۲۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا (رحمۃ اللہ علیہ) کا تاریخی نام بتایئے؟

جواب۔المختار (۱۲۷۲ھ)

سوال(۳۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی ولادت کے وقت آفتاب کس منزل میں تھا؟

جواب۔منزل ''غفر'' میں

سوال(۳۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے اپنا سن ولادت قرآن پاک کی کس آیۃ سے استخراج فرمایا؟

جواب۔اُولٰئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ'' سے۔

سوال(۳۲) مذکورہ آیت کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔یہ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش فرمادیا اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد کی (۲)

سوال(۳۳) مذکورہ آیۃ کے اعداد کتنے ہوتے ہیں؟

جواب۔۱۲۷۲

سوال(۳۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا اپنے گھر میں کس نام سے پکارے جاتے تھے؟

جواب۔''امن میاں'' کے نام سے (۳)

سوال(۳۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے والد رئیس الاتقیاء مولانا نقی علی خاں کتنے گاؤں کے زمیندار تھے؟

جواب۔سات (۷) گاؤں کے (۴)

سوال(۳۶) کنزالایمان کے مترجم کی ماں کا نام بتایئے؟

جواب۔حُسینی خانم

سوال(۳۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے نانا کا نام بتایئے؟

جواب۔اسفندیار بیگ (۵)

سوال(۳۸) کنزالایمان کے مترجم کتنے بھائی بہن تھے؟

جواب۔تین بھائی اور تین بہن۔

سوال(۳۹) تینوں بھائی کے نام بتایئے؟

جواب۔(۱) احمد رضا (۲) حسن رضا (۳) محمد رضا

سوال(۴۰) تینوں بہنوں کے نام بتایئے؟

جواب۔(۱) حجاب بیگم (۲) احمدی بیگم (۳) محمدی بیگم (۶)

سوال(۴۱) کنزالایمان کے مترجم نے کتنے سال کی عمر میں قرآن شریف ناظرہ ختم کیا؟

جواب۔چار سال کی عمر میں

سوال(۴۲) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے کتنے سال کی عمر میں ربیع الاوّل شریف کے موقع پر پونے دو گھنٹے تقریر فرمائی؟

جواب۔ چھ سال کی عمر میں (۷)

سوال (۴۳) کنز الایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے کتنی عمر میں درسی کتاب ''ھدایۃ النحو'' کی شرح تصنیف فرمائی؟

جواب۔ آٹھ سال کی عمر میں۔

سوال (۴۴) ''ھدایۃ النحو'' کس فن میں ہے؟

جواب۔ فن نحو' میں۔

سوال (۴۵) کنز الایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''ھدایۃ النحو'' کی شرح کس زبان میں لکھی؟

جواب۔ عربی زبان میں۔

سوال (۴۶) کنز الایمان کے مُترجم کی سب سے پہلی تصنیف کا نام بتایئے؟

جواب۔ شرح ھدایۃ النحو۔

سوال (۴۷) کنز الایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے کتنے سال کی عمر میں ''مسلم الثبوت'' پر حاشیہ لکھا؟

جواب۔ دس سال کی عمر میں (۸)

سوال (۴۸) مسلم الثبوت کس فن میں ہے؟

جواب اصول فقہ میں۔

سوال (۴۹) مسلم الثبوت'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

جواب۔ حضرت مولانا محب اللہ بہاری۔

سوال (۵۰) کنز الایمان کے مُترجم کی دستارِ فضیلت کی تاریخ وماہ وسال تحریر کیجئے؟

جواب۔ ۱۴ رشعبان ۱۲۸۶ھ مطابق ۱۸۶۹ء یا ۱۸۷۰ء (۹)

سوال (۵۱) کنز الایمان کے مترجم کی جب فراغت ہوئی تو اس وقت آپ کی عمر کتنے سال کی تھی؟

جواب۔ ۱۳ رسال، ۱۰ رماہ، چار دن کی (۱۰)

سوال (۵۲) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا کی دستار فضیلت کے وقت آپ کے دادا مولانا رضا علی خاں حیات سے تھے یا نہیں؟

جواب۔ نہیں

سوال (۵۳) کنز الایمان کے مترجم کے دادا کا انتقال کس سن میں ہوا؟

جواب۔ ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء میں۔

سوال (۵۴) کنز الایمان کے مُترجم کی شادی کس سن میں ہوئی؟

جواب۔ ۱۲۹۱ھ مطابق ۱۸۷۴ء میں۔

سوال (۵۵) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا کی زوجہ محترمہ کا نام بتایئے؟

جواب۔ ارشاد بیگم (بنت جناب شیخ فضل حُسین رام پور) (۱۱)

سوال (۵۶) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتنی اولادیں تھیں؟

جواب۔ سات (۷)

سوال (۵۷) پہلی اولاد کا نام بتایئے؟

جواب۔ حامد رضا خا (متولّد ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء)

سوال (۵۸) دوسری اولاد کا نام لکھئے؟

جواب۔ مصطفائی بیگم

سوال (۵۹) تیسری اولاد کا نام تحریر کیجئے؟

جواب۔ کنیز حسن (عرف منجھلی بیگم)

سوال (۶۰) چوتھی اولاد کا نام رقم کیجئے؟

جواب۔ کنیز حُسین (عرف سنجھلی بیگم)

سوال (۶۱) پانچویں اولاد کا نام کیا تھا؟

جواب۔ کنیز حَسنین (عرف چھوٹی بیگم)

سوال(۶۲) چھٹی اولاد کا نام نامی اسم گرامی بتائیے؟

جواب۔ مصطفیٰ رضا خاں (مفتی اعظم ہند، متولّد ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۱۰ھ/۷ جولائی ۱۸۹۳ء بروز جمعہ، (۱۲)

سوال(۶۳) ساتویں اولاد کا نام لکھ بتائیے؟

جواب۔ مرتضائی بیگم (چھوٹی بنو) (۱۳)

سوال(۶۴) کنزالایمان کے مُترجم کس سن عیسوی میں بیعت ہوئے؟

جواب۔ ۵/جمادی الآخر ۱۲۹۴ھ (۱۴) ۱۸۷۷ء میں (۱۵)

سوال(۶۵) مذکورہ روایت میں اختلاف بھی ہے؟

جواب۔ جی ہاں، انگریزی سن میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

سوال(۶۶) انگریزی سن میں کیا اختلاف ہے واضح کیجیے؟

جواب۔ عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری نے ۱۸۷۸ء بتایا ہے(۱۶)

سوال(۶۷) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے پیرومرشد کا نام بتائیے؟

جواب۔ سیّدنا شاہ آلِ رسول احمدی میاں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

سوال(۶۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کس عالم دین کے مشورہ پر مارہرہ شریف بیعت ہونے گئے تھے؟

جواب۔ تاج الفحول مولانا عبدالقادر بدایونی کے مشورہ پر(۱۷)

سوال(۶۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا جب بیعت ہونے کے لئے مارہرہ تشریف لے گئے تو ان کے ہمراہ کتنے لوگ تھے؟

جواب۔ دو لوگ تھے۔

سوال(۷۰) وہ دو شخصیتیں کون کون تھیں؟

جواب۔ (۱) مولانا عبدالقادر بدایونی (۲) مولانا نقی علی خاں (۱۸)

سوال(۷۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا جب بیعت ہونے کے لئے مارہرہ گئے تو

اسٹیشن سے اتر کر یکّہ سے جاتے ہوئے راستے میں کیا حادثہ پیش آیا تھا؟

جواب۔ یکّے کا ایک پہیہ نکل گیا اور یکّہ اُلٹ گیا، جس میں آپ کے والد محترم حضرت مولانا نقی علی خاں کا کولہا اُتر گیا تھا۔

سوال(۷۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے اس سفر میں آپ کے والد ماجد بھی بیعت ہوئے تھے، بتائیے پیرومرشد نے پہلے آپ کو بیعت کیا یا آپ کے والد ماجد کو؟

جواب۔ پیرومرشد نے پہلے آپ کو بیعت کیا۔

سوال(۷۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا جب بیعت ہوئے تو اس وقت آپ کے پیرومرشد کی عمر کتنے سال کی تھی؟

جواب۔ اسّی سال سے زیادہ تھی (۱۹)

سوال(۷۴) کنزالایمان کے مترجم کے پیرومرشد کا انتقال کس سن میں ہوا؟

جواب۔ ۱۸/ذی الحجہ ۱۲۹۶ھ (۲۰) ۱۸۸۰ء میں۔

سوال(۷۵) کنزالایمان کے مترجم کے والد محترم مولانا مفتی نقی علی خاں کا انتقال کس سن میں ہوا؟

جواب۔ ۳۰/ذیقعدہ، ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء میں۔

کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے اسفار حج کا بیان

سوال(۷۶) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا ۱۸۷۸ء میں پہلا حج کیا، سن ہجری بتائیے؟

جواب۔ ۱۲۹۵ھ (۲۱) (۲۲)

سوال(۷۷) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے پہلے حج کے موقع پر آپ کی عمر کتنے سال کی تھی؟

جواب۔ آپ کی عمر ۲۳ سال کی تھی۔

سوال(۷۸) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے حج سے واپسی کے متعلق لکھا ہے کہ

سمندر میں سخت طوفان آیا سب لوگ گھبرا گئے، بتایئے طوفان کتنے روز تک تھا؟

جواب۔ تین روز تک۔

سوال(۷۹) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے چھوٹے بھائی مولانا محمد رضا خاں اور آپ کے خلف اکبر مولانا حامد رضا خاں اور آپ کی اہلیہ محترمہ ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء میں حج کے لئے روانہ ہوئیں تو آپ ان لوگوں پہنچانے کہاں تک گئے تھے؟

جواب۔ جھانسی تک۔

سوال(۸۰) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا ''جھانسی'' سے واپسی کے بعد آپ نے بھی حج کا ارادہ فرمایا تو آپ نے ٹکٹ کے لئے اسٹیشن کس کو بھیجا تھا؟

جواب۔ مولوی نذیر احمد صاحب کو۔

سوال(۸۱) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا اپنے دوسرے حج پر جانے کے لئے بریلی سے بمبئی تک ریل کے کونسے کلاس کا ٹکٹ لیا تھا؟

جواب۔ سکنڈ کلاس کا۔

سوال(۸۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے بریلی سے بمبئی تک کے لئے کتنے روپئے کا ٹکٹ لیا تھا؟

جواب۔ ایک سو تریسٹھ روپے پانچ آنے کا۔

سوال(۸۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا دوسرے حج کے لئے اپنے گھر سے ظہر کے بعد نکلے تھے یا عشاء کے بعد؟

جواب۔ عشاء کے بعد۔

سوال(۸۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا بمبئی اسٹیشن پر صبح کو کتنے بجے پہنچے تھے؟

جواب۔ آٹھ بجے۔

سوال(۸۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا بمبئی سے جدّہ کے لئے جہاز میں پہلے، دوسرے یا تیسرے درجہ کا ٹکٹ خریدا تھا؟

جواب۔ تیسرے درجے کا۔

سوال(۸۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا جہاز پر سوار ہو کر کتنے روپے زیادہ دیکر اوّل درجے کا ٹکٹ تبدیل کرایا تھا؟

جواب۔ سوا سو روپے دے کر۔

سوال(۸۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا حج کو جاتے ہوئے ''کامران'' میں کتنے دن ٹھہرے تھے؟

جواب۔ (۱۰) دس دن

سوال(۸۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا ''جہاز اور کامران'' میں کس موضوع پر تقریر فرماتے تھے؟

جواب۔ مناسک حج اور تعظیمِ شان حضور ﷺ کے موضوع پر۔

سوال(۸۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کو جدہ پہنچ کر جہاز سے باہر آنے کے لئے کتنے گھنٹے انتظار کرنا پڑا؟

جواب۔ پانچ گھنٹے۔

سوال(۹۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کو کتنے دنوں تک جدہ میں ٹھہرنا پڑا؟

جواب۔ تین دنوں تک۔

سوال(۹۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کو محافظ کتب حرم حضرت مولانا سید اسماعیل مکّی نے کس طرح سے جانا کہ یہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں ہیں؟

جواب۔ کتب خانۂ حرم میں امام احمد رضا خاں اپنے صاحبزادے مولانا حامد رضا کے ہمراہ تشریف لے گئے ایک مسئلہ پر فریقین کے درمیان گفتگو ہوئی اور اعلیٰ حضرت نے جو فرمایا وہی صحیح نکلا، اس کے بعد سید صاحب نے مولانا حامد رضا خاں سے کان میں جھک کر پوچھا ''یہ کون ہے''؟ آپ نے کہا ''مولانا احمد رضا خاں'' ہیں، نام سنتے ہی مولانا وہاں سے بے تابانہ دوڑتے ہوئے آکر اعلیٰ حضرت کو اپنے سینے سے لگالیا۔

سوال (۹۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا مکۃ المکرّمہ، میں حضرت مولانا شیخ صالح کمال قاضی مکہ کے روبرو دو گھنٹے کس موضوع پر تقریر کی تھی؟

جواب۔ علم غیب کے موضوع پر۔

سوال (۹۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے مکہ میں علم غیب پر کتاب تحریر کرنے کے لئے ''قلم دوات'' کس سے طلب کی تھی؟

جواب۔ مولانا سید مصطفےٰ (برادر مولانا سید اسماعیل) سے۔

سوال (۹۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی مذکوہ کتاب ''علم غیب'' پر ابھی مکمل بھی نہیں ہوئی تھی کہ مکہ کے ایک عالمِ دین نے یہ آپ کو خبر دی کہ تمہارا رسالہ میں سننا چاہتا ہوں ،اس عالم دین کا نام بتایئے؟

جواب۔ شیخ الخطبا، کبیر العلما، مولانا شیخ احمد ابوالخیر مرداد۔

سوال (۹۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا اپنے اس دوسرے حج کے موقع پر مکہ کے ایک ایسے عالم کو سند حدیث سے نوازا جو اس وقت چالیس کتابوں کے مصنف تھے ان کا نام بتایئے؟

جواب۔ مولانا سید عبدالحیٔ ابن مولانا سید عبدالکریم محدث ملکِ مغرب۔

سوال (۹۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا ''علم غیب'' پر مکۃ المکرّمہ میں جو کتاب لکھی تھی، اس کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب۔ الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ۔

سوال (۹۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے مکۃ المکرّمہ میں سب سے پہلے اس کتاب کو کس عالم کے سامنے پیش کیا؟

جواب۔ حضرت مولانا شیخ صالح کمال کی خدمت میں۔

سوال (۹۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی مذکورہ کتاب کو شریف مکّہ (علی پاشا) کے دربار میں کس نے پڑھ کر سنایا؟

جواب۔ مولانا شیخ صالح کمال نے۔

سوال (۹۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتاب کو سن کر شریف مکّہ (علی پاشا) نے کیا کہا؟

جواب۔ اللّٰہُ یُعْطِیُ وَھُوْ لَا ءِ یَمْنَعُوْنَ ''یعنی اللہ تعالیٰ تو اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیب کا علم عطا کرتا ہے اور یہ وہابیہ منع کرتے ہیں۔

سوال (۱۰۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے پاس مکہ کے علما ملنے کے لئے آتے تھے لیکن چار عالم ایسے تھے کہ وہ اعلیٰ حضرت کے پاس آتے تھے اور اعلیٰ حضرت ان کے پاس جاتے تھے، ان چاروں کے نام بتایئے؟

جواب۔ (۱) مولانا شیخ صالح کمال (۲) مولانا محمد سعید بابصیل (۳) مولانا عبدالحق مہاجر الہ آبادی (۴) مولانا اسماعیل (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین)

سوال (۱۰۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا سے نوٹ کے بارے میں مکۃ المکرّمہ کے کن عالموں نے کتنے سوالات پر مشتمل استفتاء کیا تھا؟

جواب۔ مولانا عبداللہ مرداد اور مولانا احمد محمد جدادی نے بارہ سوالات پر مشتمل استفتا طلب کیا تھا۔

سوال (۱۰۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ان کے جواب میں کونسا رسالہ تحریر فرمایا؟

جواب۔ کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم۔

سوال (۱۰۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے اپنے اس سفر حج کے بارے میں لکھا ہے کہ پونے تین مہینے مکہ میں قیام رہا، اس مدّت میں آپ نے کتنے من زمزم نوش فرمایا؟

جواب۔ تقریباً چار من۔

سوال (۱۰۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے حج سے واپسی کے بعد مولانا سید اسما عیل مکی کس سن میں آپ سے ملنے کے لئے بریلی شریف لائے تھے؟

جواب۔ ۱۳۲۸ھ میں۔

سوال (۱۰۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا حج کے بعد جب مکۃ المکرّمہ سے مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو آپ کی عمر کتنے سال اور کتنے مہینے کی تھی؟

جواب۔ اکاون سال پانچ مہینے کی۔

سوال (۱۰۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا ایامِ حج میں جس مکان کے بالاخانہ پر ٹھہرے ہوئے تھے۔ اس پر جانے کے لئے کتنے زینے تھے؟

جواب۔ چالیس زینے تھے۔

سوال (۱۰۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ایامِ حج میں جس کا مکان کرایہ سے لئے تھے، اس کا نام بتائیے؟

جواب۔ شیخ عمر صجی۔

سوال (۱۰۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کو ایامِ حج میں کرایہ کے مکان سے نکال کر اپنے مکان میں لے جانے والے کا نام بتائیے؟

جواب۔ سید عمر رشیدی ابن سید ابوبکر رشیدی۔

سوال (۱۰۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا منٰی سے مکۃ المکرّمہ طواف زیارت کے لئے کس سواری پر بیٹھ کر گئے تھے؟

جواب۔ اونٹ پر بیٹھ کر۔

سوال (۱۱۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کو ایامِ حج میں گردے کی جگہ پر جس ڈاکٹر نے پلاستر لگایا تھا، ان کا نام بتائیے؟

جواب۔ ڈاکٹر رمضان آفندی۔

سوال (۱۱۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا مکۃ المکرّمہ سے مدینہ منوّرہ کے لئے صفر کی کس تاریخ و سن میں روانہ ہوئے تھے؟

جواب۔ ۲۴ صفر المظفر ۱۳۲۴ھ میں۔

سوال (۱۱۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے مذکورہ تاریخ اور مہینہ کا تذکرہ اپنے ایک شعر میں کیا ہے، وہ شعر سنائیے؟

جواب۔ لیجئے سنئے۔

وہ دیکھ جگمگاتی ہے شب اور قمر ابھی ☆ پہروں نہیں کہ بست و چہارم صفر کی ہے

سوال (۱۱۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا مکۃ المکرّمہ سے جدہ تک کس چیز پر بیٹھ کر گئے تھے؟

جواب۔ اونٹ پر بیٹھ کر۔

سوال (۱۱۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا جدہ سے مدینہ منورہ کے لئے کس سواری پر بیٹھ کر عازم سفر ہوئے تھے؟

جواب۔ ساعیہ (کشتی) پر بیٹھ کر۔

سوال (۱۱۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا ساعیہ (کشتی) سے کس مقام پر اُترے تھے؟

جواب۔ ''رابغ'' کے مقام پر۔

سوال (۱۱۶) جدہ سے رابغ تک کشتی کو پہنچنے میں کئی دن لگے تھے؟

جواب۔ تین دن۔

سوال (۱۱۷) اس وقت رابغ کے سردار کون تھے؟

جواب۔ شیخ حسین تھے۔

سوال (۱۱۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے مقام ''رابغ'' میں کن دو بھائیوں کے آپسی نزاعی مقدمہ کا فیصلہ فرمایا، جو دونوں کے درمیان مدت سے چل رہا تھا؟

جواب۔ سردار شیخ حسین اور ان کے بھائی ابراہیم کے مقدمے کا۔

سوال (۱۱۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کس مقام پر تھے کہ ربیع الاوّل کا چاند ہوا؟

جواب۔ مقام ''رابغ'' میں۔

سوال(۱۲۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا ''رابغ'' سے کتنے روز میں مدینہ منورہ پہنچے؟

جواب۔ چھ روز میں۔

سوال(۱۲۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا مدینہ منورہ سے پہلے نماز فجر کے لئے کس مقام پر اونٹ سے اتر گئے؟

جواب۔ مقام ''پیر شیخ'' پر۔

سوال(۱۲۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے پاس کرچ ڈول تھا لیکن رسّی نہیں تھی ''کوئیں'' سے پانی نکالنے کے لئے آپ نے رسّی کی جگہ کس چیز کا استعمال کیا؟

جواب۔ عمامے کو۔

سوال(۱۲۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کتنے دنوں تک مدینہ منورہ میں رہے؟

جواب۔ اکتیس(۳۱) دنوں تک۔

سوال(۱۲۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی مدینہ منورہ میں جن علما سے ملاقات ہوئی ان کے نام بتایئے؟

جواب۔(۱) مولانا کریم اللہ(۲) مولانا سید محمد سعید مغربی(۳) مولانا سید عباس رضوان (۴) مولانا سید مامون(۵) مولانا سید احمد جزائری(۶) مولانا شیخ ابراہیم خرطومی(۷) مولانا مفتی تاج الدین الیاس(۸) مولانا مفتی عثمان غنی بن عبدالسلام داغستانی(۹) مولانا مفتی سید احمد برزنجی(۱۰) مولانا شیخ عبدالقادر طرابلسی شلبی وغیرہ۔

سوال(۱۲۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا واپسی پر مدینہ منورہ سے کس مقام کے لئے اونٹ کرایہ پر لیا؟

جواب۔ جدہ کے لئے۔

سوال(۱۲۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے مدینہ منورہ سے جدہ کو کتنی منزلوں میں طے کیا؟

جواب۔ بارہ منزلوں میں۔

سوال(۱۲۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کو جدہ میں جہاز والوں نے کہا کہ جہاز بمبئی جائے گا لیکن راستہ میں ایک مقام پر اعلان کیا کہ جہاز کراچی جائے گا، بتایئے وہ کونسا مقام تھا؟

جواب۔ ''عدن'' تھا۔

سوال(۱۲۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا جب کراچی پہنچے تو آپ کے پاس کتنے روپے بچے تھے؟

جواب۔ دو(۲) روپے۔

سوال(۱۲۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے کراچی میں چونگی کی چوکی پر کتنے آنے محصول کے ادا کئے؟

جواب۔ بارہ آنے

سوال(۱۳۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا بمبئی پہنچنے کے کتنے دنوں بعد اپنے مکان پر بریلی شریف پہنچے؟

جواب۔ ایک مہینے بعد(۲۳)

کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی تصانیف وتالیفات

سوال(۱۳۱) کنزالایمان کے مترجم نے باضابطہ طور پر کس سن ہجری سے لکھنا شروع کیا؟

جواب۔ ۱۲۸۶ھ/۱۸۶۹ء سے(۲۴)

سوال(۱۳۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتاب ''اَلنَّیِّرَۃُ الْوَضِیَّۃ شرح الْجَوْھَرَۃِ الْمَضِیَّۃ'' کا تاریخی مادہ بتایئے؟

جواب۔ ۱۲۹۵ھ

سوال(۱۳۳) کنزالایمان کے مترجم ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء میں پہلی بار حج کو گئے تو مکّہ مکرّمہ کے کس عالم نے اپنی کتاب ''الجوھرۃ المضیۃ'' پر عربی شرح لکھنے کی فرمائش کی تھی؟

جواب۔ حسین بن صالح جمال اللیل نے۔

سوال(۱۳۴) کنزالایمان کے مترجم نے مذکورہ کتاب پر کتنے دنوں میں شرح لکھی؟

جواب۔دودنوں میں۔

سوال(۱۳۵) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضانے ’’سلطنة المصطفیٰ فی ملکوت کل الورٰی‘‘کس سن میں تحریر فرمایا؟

جواب۔۱۲۹۷ھ/۱۸۷۹ء میں۔

سوال(۱۳۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضانے ’’اجلال الجبرئیل لجعله خادما للمحبوب الجمیل‘‘کس سن عیسوی اور ہجری میں قلم بند کیا؟

جواب۔۱۲۹۸ھ/۱۸۸۰ء میں۔

سوال(۱۳۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضانے ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۱ء میں ’’ھدی الحیران فی نفی الفئی عن شمس الاکوان‘‘تحریر فرمایا، بتائیے کہ اس کتاب میں انہوں نے کس چیز کا ثبوت پیش کیا ہے؟

جواب۔حضورﷺ کے جسم اقدس کے سایہ نہ ہونے کا۔

سوال(۱۳۸) کنزالایمان کے مترجم نے حرمِ پاک میں بیٹھ کر’’الدولة المکیه بالمادة الغیبیه‘‘کس سن میں تحریر فرمایا تھا؟

جواب۔۱۳۰۲ھ/۱۹۰۵ء میں۔

سوال(۱۳۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتاب ’’تجلی الیقین بان نبیّنا سیّد المرسلین‘‘کا سن تالیف بتائیے؟

جواب۔۱۳۰۵ھ/۱۸۸۷ء

سوال(۱۴۰) مذکورہ کتاب میں کس چیز کا ذکر ہے؟

جواب۔یہ کہ ہمارے نبیﷺ سردار انبیاء ہیں۔

سوال(۱۴۱) کنزالایمان کے مترجم نے کس کتاب کے ذریعہ یہ بتایا ہے کہ حضورﷺ کے نام پاک ایک ہزار سے زیادہ ہیں؟

جواب۔’’عروس الاسماء الحسنیٰ فیما لنبینا من الاسماء الحسنیٰ‘‘کے ذریعہ۔

سوال(۱۴۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضانے مذکورہ کتاب کا جونام رکھا ہے وہ تاریخی نام ہے،اس کے مادہ تاریخ سے کس سن ہجری کا اظہار ہوتا ہے؟

جواب۔۱۳۰۶ھ۔

سوال(۱۴۳)۱۳۰۶ھ کے مطابق سن عیسوی بتائیے؟

جواب۔۱۸۸۸ء

سوال(۱۴۴) کنزالایمان کے مترجم نے ’’اَعَزُّ الْاِکْتِنَاہُ فِیْ رَدِّ صَدَقَةِ مَانِعِ الزَّکٰوة‘‘کس سن ہجری میں تحریر فرمایا؟

جواب۔۱۳۰۹ھ میں

سوال(۱۴۵) کنزالایمان کے مترجم کی کتاب ’’منیة اللبیت ان التشریع بید الحبیب‘‘کا سن تالیف بتائیے؟

جواب۔۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء۔

سوال(۱۴۶) مذکورہ کتاب میں کن باتوں کے تذکرے ہیں؟

جواب۔حضورﷺ جس کو حرام کردیں،وہ حرام ہوجائے،اور جس کو حلال کردیں،وہ حلال ہوجائے۔

سوال(۱۴۷) کنزالایمان کے مترجم کی کتاب ’’اَلْاَمْنُ وَالْعُلٰی لِنَاعِتِی الْمُصْطَفٰی بِدَافِعِ الْبَلَا‘‘کا معنی بتائیے؟

جواب۔’’کلمہ دافع البلا کے ساتھ،مصطفےٰ (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کی نعت بیان کرنے والوں کے لئے (بلاؤں سے) امن اور (ان کے مرتبے کی) سربلندی ہے۔

سوال(۱۴۸)’’اَلْاَمْنُ وَالْعُلٰی.......... کس سن ہجری میں لکھی گئی؟

جواب۔۱۳۱۱ھ میں۔

سوال(۱۴۹) کنزالایمان کے مترجم نے ’’الکوکبة الشھابیه‘‘کو کس سن میں تحریر فرمایا؟

جواب۔۱۳۱۲ھ/۱۹۰۸ء میں۔

سوال(۱۵۰) کنزالایمان کے مترجم نے حضورﷺ کے آباء واجداد کی عظمتوں کو کس کتاب میں اُجاگر کیا ہے؟

جواب۔شمول الاسلام لأ صول الرسول الكرام''میں۔

سوال(۱۵۱) مذکورہ کتاب کا سن تالیف بتایئے؟

جواب۔۱۳۱۵ھ/۱۸۹۷ء۔

سوال(۱۵۲) کنزالایمان کے مترجم نے''جزاء الله عدوه باباء ختم النبوة''کو کس سن میں لکھا؟

جواب۔۱۳۱۶ھ/۱۸۹۸ء میں۔

سوال(۱۵۳) مذکورہ کتاب میں حضورﷺ کے متعلق کیا بتایا گیا ہے؟

جواب۔یہ کہ حضورﷺ خاتم الانبیاء ہیں،ان کے بعد نہ کوئی نبی آئے گا اور نہ رسول۔

سوال(۱۵۴) کنزالایمان کے مترجم کی کتاب''نطق الهلال بارخ ولادة الحبيب والوصال''کا سن تصنیف لکھئے؟

جواب۔۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹ء۔

سوال(۱۵۵) کنزالایمان کے مترجم نے''اللؤ لؤ الكنون فى علم البشير بما كان وما يكون''کس سن میں تصنیف فرمایا؟

جواب۔۱۳۱۸ھ/۱۹۰۰ء میں۔

سوال(۱۵۶) کنزالایمان کے مترجم کی کتاب''الموهبة الجديده فى وجود الحبيب بمواضع عديده''کا سن تصنیف لکھئے؟

جواب۔۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲ء۔

سوال(۱۵۷) کنزالایمان کے مترجم نے کس کتاب میں بتایا ہے کہ انگوٹھے چومنے میں خیر

وبرکت ہے؟

جواب۔منير العنيين فى حكم تقبيل الابهامين''میں۔

سوال(۱۵۸) بتایئے کہ مذکورہ کتاب کس سن میں لکھی گئی؟

جواب۔۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء میں۔

سوال(۱۵۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتاب''كفل الفقيه الفاهم فى احكام قرطاس الدراهم''کا سالِ تحریر بتایئے؟

جواب۔۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء۔

سوال(۱۶۰) امام احمد رضا نے مذکورہ کتاب عربی میں لکھی تھی یا اردو میں؟

جواب۔عربی میں۔

سوال(۱۶۱)''کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے نعتیہ دیوان''حدائق بخشش''سے کونسا سن ہجری برآمد ہوتا ہے؟

جواب۔۱۳۲۵ھ/مطابق ۱۹۰۷ء

سوال(۱۶۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء کی کوئی تصنیف کا نام بتایئے؟

جواب۔"فقہِ شهنشاهِ وان القلوب بيد المحبوب باذن الله"

سوال(۱۶۳) کنزالایمان کے مترجم نے''صلات الصفافى نور المصطفىٰ''کس سن میں تحریر فرمایا؟

جواب۔۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء میں۔

سوال(۱۶۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے اپنی ایک کتاب میں یہ ثابت فرمایا ہے کہ حضورﷺ سارے عالم میں یگانہ و یکتا ہیں،ان جیسا ہونا ممکن ہی نہیں،،اس کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔''مبين الهدىٰ فى نفى امكان المصطفىٰ''

سوال (۱۶۵) مذکورہ کتاب کا سن تصنیف بتائیے؟

جواب۔۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء۔

سوال (۱۶۶) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا کی تالیف لطیف ''مقال عرفا باعزاز شرع وعلما'' کا سن تصنیف بتائیے؟

جواب۔۱۳۲۷ھ

سوال (۱۶۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ''خالصُ الا عتقاد'' کس میں تصنیف کیا؟

جواب۔۱۳۲۸ھ میں

سوال (۱۶۸) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا کی تصنیف ''جُمَلُ النُّوْرِ فِیْ نَهْیِ النِّسَآءِ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ'' کا سن تصنیف بتائیے؟

جواب۔۱۳۳۹ھ

کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا کے علوم وفنون

سوال (۱۶۹) مشہور روایت وتاریخ اور اکابرین کے اقوال کے مطابق امام احمد رضا کو کتنے علوم پر دسترس حاصل تھی؟

جواب۔۵۵/علوم پر

سوال (۱۷۰) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے جن علوم کے بارے میں تحریر فرمایا ہے کہ میں نے اپنے والد قدس سرہٗ الماجد سے حاصل کیے، ان علوم کی تعداد بتائیے؟

جواب۔اکیس علوم۔

سوال (۱۷۱) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے جن علوم کے بارے میں لکھا ہے کہ ''ان کو میں نے اساتذہ سے بالکل نہیں پڑھا پر نقاد علماء کرام سے مجھے ان کی اجازت حاصل ہے، ان علوم کی تعداد کتنی ہے؟

جواب۔دس علوم۔

سوال (۱۷۲) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے جن علوم کے بارے میں رقم فرمایا ہے کہ ''ان علوم کی اجازت دیتا ہوں جنہیں میں نے کسی افادہ بخش استاد سے حاصل نہیں کیا، نہ پڑھ کر، نہ سن کر، نہ باہمی گفتگو سے، ان علوم کی تعداد بتائیے؟

جواب۔چودہ علوم۔

سوال (۱۷۳) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے جن علوم وفنون کے بارے میں لکھا ہے کہ ان کی تعلیم کسی استاد سے حاصل نہیں کی، ان علوم کی تعداد لکھیے؟

جواب۔دس علوم۔

سوال (۱۷۴) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم قرآن'' میں کونسی تصنیف ہے؟

جواب۔''کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن'' (اردو) (۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ء)

سوال (۱۷۵) علم عقائد'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔احکامِ شرعیہ جن کا تعلق ذات وصفات باری تعالیٰ خصائص رسول اللہ ﷺ دیگر انبیائے کرام، ملائکہ اور قرآن شریف وغیرہ سے ہو، اس علم کو علم عقائد کہتے ہیں (۲۵)

سوال (۱۷۶) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم عقائد'' میں کسی ایک کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔''تمہید ایمان بایاتِ قرآن (۱۳۲۵ھ) (اردو)

سوال (۱۷۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم عقائد'' میں کُل کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔اکتیس (۳۱)

سوال (۱۷۸) ''علم کلام'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔جس علم کے ذریعہ انسان اس بات پر قادر ہو کہ عقائد حقہ دینیہ کو دلیلوں سے ثابت

کر سکے، اوراس پر سے شکوک وشبہات کو دفع کرے، وہ علم کلام ہے

سوال(۱۷۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم کلام'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔شرح المطالب فی مبحث ابی طالب (اردو) (۱۳۱۶ھ)

سوال(۱۸۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے ''علم کلام'' میں کتنی کتابیں تصنیف فرمائی ہیں؟

جواب۔سولہ (۱۶) (۲۶)

سوال(۱۸۱) ''علم تجوید'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔جس علم میں قرآن مجید کو اچھی طرح تلاوت کرنے سے بحث کی جائے، مخارج حروف اور ان کی صفات کے لحاظ سے اور ترتیل نظم قرآن کی وصل، وقف، مد، قصر، تشدید، تخفیف، قلب، تسہیل وغیرہ قواعد اس علم کو تجوید کہتے ہیں (۲۷)

سوال(۱۸۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تجوید'' میں کسی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔الجام الصاد عن سنن الضاد۔(۱۳۱۷ھ) (اردو) (۲۸)

سوال(۱۸۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تجوید'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔چار (۴) کتابیں (۲۹)

سوال(۱۸۴) ''علم قرأت'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔علم قرأت اس علم کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعہ ایسے اصول وقواعد معلوم ہو جو الفاظ قرآنیہ کے نقط صحیحہ میں معاون ومددگار ہو (۳۰)

سوال(۱۸۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم قرأت'' میں کسی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔نعم الزاد لروم الضاد (فارسی) ۱۳۱۵ھ

سوال(۱۸۶) ''علم تفسیر'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔جو علم معانی نظم قرآن سے بحسب طاقت بشریہ وتقضائے قواعد عربیہ بحث کرتا ہے، وہ علم تفسیر ہے (۳۱)

سوال(۱۸۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تفسیر'' میں کوئی ایک کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔انوار الحلم فی معانی میعاد اَستَجِبُ لَکُمُ (۱۳۰۹ھ) (فارسی)

سوال(۱۸۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تفسیر'' میں کتنی کتابیں ہیں ؟

جواب۔چھ (۶) سے زیادہ کتابیں۔

سوال(۱۸۹) ''علم اصول حدیث'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔یہ علم متعلق بروایت حدیث ہے (۳۲)

سوال(۱۹۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''اصول حدیث'' میں کوئی تصنیف کا نام لکھئے؟

جواب۔''مدارج طبقات الحدیث (۱۳۱۳ھ م ۱۸۹۵ء) (عربی)

سوال(۱۹۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''اصول حدیث'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔چھ (۶) کتابیں ہیں (۳۳)

سوال(۱۹۲) ''علم حدیث'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔علم حدیث وہ علم ہے جس کے ذریعہ اقوال نبی ﷺ اور ان کے افعال واحوال کی معرفت حاصل ہو (۳۴)

سوال(۱۹۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم حدیث'' میں کسی کتاب کا نام بتایئے؟

نام بتائیے؟

جواب۔اسماء الاربعین فی شفاعة سید المحبوبین(۱۳۰۵ھ)(عربی/اردو)

سوال(۱۹۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم حدیث'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔گیارہ(۱۱)(۳۵) نئی تحقیق کے مطابق چھتیس (۳۶) کتابیں ہیں(۳۶)

سوال(۱۹۵) ''علم اصول فقہ'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔جس علم کے ذریعہ احکام شرعیہ کا استنباط ادلۂ اجمالیہ سے معلوم ہو، وہ علم اصول فقہ ہے(۳۷)

سوال(۱۹۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم اصول فقہ'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔اطائب الصیب علی ارض الطیب۔(۱۳۱۹ھ)(عربی/اردو)

سوال(۱۹۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم اصول فقہ'' میں کل کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔نو(۹) کتابیں ہیں۔

سوال(۱۹۸) ''علم فقہ'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔جس علم میں احکام شرعیہ، فرعیہ اور عملیہ ادلۂ شرعیہ تفصیلیہ سے استنباط کیا جائے اور اس بحث کی جائے۔

سوال(۱۹۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم فقہ'' میں کسی کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔انفس الفکر فی قربان البقر۔(۱۲۹۸ھ)(اردو)

سوال(۲۰۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم فقہ'' میں کل کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔ایک سو پچاس(۱۵۰)(۳۸) نئی تحقیق کے مطابق دو سو اسّی (۲۸۰)(۳۹)

سوال(۲۰۱) ''علم فرائض'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔علم فرائض ان قواعد و جزئیات کا نام ہے، جن کے ذریعہ ترکہ کو وارث کی طرف ان کے حق کے مطابق صرف کرنے کی کیفیت معلوم ہو، اس کا موضوع ترکہ اور وارث ہے۔(۴۰)

سوال(۲۰۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم فرائض'' میں کسی کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔المقصد النافع فی عصوبة النصف الرابع۔(۱۳۱۵ھ)(اردو)

سوال(۲۰۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم فرائض'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔چار(۴) کتابیں ہیں۔

سوال(۲۰۴) ''علم رسم خط قرآن مجید'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔علمائے کرام نے قرآن مجید کی حفاظت کے لئے رسم عثمانی کا اتباع واجب قرار دیا ہے، اسی لئے قرآن مجید میں لفظ صلوٰة، زکوٰة، علمؤ، جایٔ۔ وغیرہ الفاظ اسی طرح سے لکھے جائیں گے(۴۱)

سوال(۲۰۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم رسم خط قرآن مجید'' کونسی کتاب ہے؟

جواب۔جالب الجنان فی رسم الخرف من القرآن۔(۱۳۲۲ھ)(اردو)

سوال(۲۰۶) ''علم الادب العربی'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔جس علم کے ذریعہ کلام عرب میں لفظاً و معناً غلطی سے محفوظ رہے، اس علم کو علم ادب العربی کہتے ہیں۔

سوال(۲۰۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم الادب عربی'' میں کسی

ایک کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔عذاب ادنیٰ بررد اَوْاَدْنیٰ۔(۱۳۱۶ھ)اردو

سوال(۲۰۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم الادب عربی'' میں کتنی تصانیف ہیں؟

جواب۔چھ(۶) کتابیں ہیں۔

سوال(۲۰۹) ''علم لغت'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔وہ علم جو مدلولات جواہر مفردات اور ان کی ہیئت جزئیہ سے بحث کرے کہ وہ وضع شخصی سے ان مدلولات کے لئے وضع کئے گئے ہیں، اور ان چیز سے بحث کرے جو ترکیب بر جوہر اور ان کی ہیئت سے بحیثیت وضع ودلالت علی المعانی الجزئیہ حاصل ہو، وہ علم لغت ہے(۴۲)

سوال(۲۱۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم لغت'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔فتح المعطی بتحقیق معنیٰ الخاطی والمعطی۔(۱۳۱۲ھ)(اردو)

سوال(۲۱۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم لغت'' میں کتنی تصانیف ہیں؟

جواب۔دو(۲) کتابیں ہیں۔

سوال(۲۱۲) ''علم سیر'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔جس علم کے ذریعہ حضور ﷺ کے حالات زندگی معلوم ہوں ومعجزات ووقائع وحالات غزوات وغیرہ معلوم ہوں۔

سوال(۲۱۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم سیر'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔جمان التاج فی بیان الصلاۃ قبل المعراج۔(۱۳۱۶ھ)(عربی/اردو)

سوال(۲۱۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم سیر'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔تین(۳)(۴۳) نئی تحقیق کی روشنی میں چھ(۶) کتابیں ہیں۔

سوال(۲۱۵) ''علم الفضائل'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔یہ وہ علم ہے جس سے حضور ﷺ کے کمالات، مراتب عالیہ جو حضرت عزّت نے انہیں اپنے فضل وکرم سے عطا فرمائے ہیں، معلوم ہو۔

سوال(۲۱۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم فضائل'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔الامن والعلیٰ لناعتی المصطفے بدافع البلاء۔(۱۳۱۱ھ)(اردو)

سوال(۲۱۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم فضائل'' میں کُل کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔تیس(۳۰) کتابیں(۴۴)

سوال(۲۱۸) ''علم مناقب'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔یہ وہ علم ہے جس میں حضرات صحابہ کرام، تابعین عظام، مشائخ فخام اور علمائے اسلام کے کمالات وکرامات ومدائح وصفات کا بیان ہو۔

سوال(۲۱۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم مناقب'' میں کسی ایک کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔فضائل فاروق رضی اللہ عنہ(۴۵)

سوال(۲۲۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم مناقب'' میں کل کتنی تصانیف ہیں؟

جواب۔اٹھارہ(۱۸) کتابیں۔

سوال(۲۲۱) ''علم سلوک'' میں کیا احکام بیان ہوتے ہیں؟

جواب۔بیعت وخلافت کے احکام۔

سوال(۲۲۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم سلوک'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔نقاء السلافہ فی البیعۃ والخلافۃ۔(۱۳۱۹ھ)(اردو)

سوال(۲۲۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم سلوک'' میں کل کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔دو(۲)(۴۶) یا چار(۴) کتابیں(۴۷)

سوال(۲۲۴) ''علم الاخلاق'' (علم اخلاقیات Ethics) کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔یہ وہ علم ہے، جس سے انسان اپنے نفس کو مزیّن کرتا اور رذائل کو دور کرتا ہے۔

سوال(۲۲۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم اخلاق'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔شرح الحقوق لطرح العقوق۔(۱۳۰۷ھ)(اردو)

سوال(۲۲۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم اخلاق'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔دو یا تین کتابیں ہیں؟

سوال(۲۲۷) ''علم تصوف'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔جس علم کے ذریعہ صوفیائے کرام کے مدارج معلوم کیے جائیں۔

سوال(۲۲۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تصوف'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔التلطف بجواب مسائل التصوف۔(۱۳۱۲ھ)(اردو)

سوال(۲۲۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تصوف'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔تین(۳) کتابیں ہیں(۴۸) نئی تحقیق سے تیرہ(۱۳) کتابوں کا پتا ملا ہے(۴۹)

سوال(۲۳۰) ''علم اذکار'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔وہ علم جس کے ذریعہ صحیح روایت، صحیح نگہبانی، اذکار کے خواص اعداد اور اوقات قرأت اور شرائط سے بحث کرے، وہ علم اذکار ہے۔

سوال(۲۳۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم اذکار'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔ازھار الانوار من صبا صلاۃ الاسرار۔(۱۳۰۵ھ)(عربی)

سوال(۲۳۲) ''علم ترغیب وترھیب'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔وہ علم جن کی شرع نے ترغیب دلائی ہے اور ثواب کا وعدہ ہو، علم ترغیب ہے۔علم ترھیب وہ علم ہے جن کے کرنے میں شرع نے منع فرمایا ہو، ان کے کرنے پر وعید ہو، علم ترھیب ہے۔

سوال(۲۳۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم ترغیب وترھیب'' میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔اعزالا کتناہ فی رد صدقۃ مانع الزکوۃ۔(۱۳۰۹ھ)(اردو)

سوال(۲۳۴) ''علم تاریخ'' کی مختصر تعریف بتائیے؟

جواب۔احوال، واقعات، رسوم، عادات، وفیات اور انساب وغیرہ سے متعلق گفتگو کرنا ہے۔

سوال(۲۳۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تاریخ'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔جمع القرآن وبم عزوہ لعثمان۔(۱۳۲۲ھ)(اردو)

سوال(۲۳۶) ''علم مناظرہ'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔جس علم میں دو مناظروں کے درمیان گفتگو کرنے کی کیفیت سے بحث کی جائے، وہ علم مناظرہ ہے

سوال(۲۳۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم مناظرہ'' میں کسی ایک

کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔النذیر الهامل لکل جلف جاهل۔(۱۳۰۰ھ)(اردو)(۵۰)

سوال(۲۳۸)''علم تکسیر'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔حساب میں حاصل آگے لے جانا،اس طرح تقسیم کرنا کہ کسر آجائے،اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اس طرح لکھنا کہ مجموعہ ہر طرف برابر ہو(۵۱)

(حیات اعلیٰ حضرت (ازقلم ملک العلماء) میں اس کے مختلف خاکے ملاحظہ فرما سکتے ہیں)

سوال(۲۳۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم تکسیر'' میں کونسی کتاب ہے؟

جواب۔اطائب الاکسیر فی علم التکسیر۔(۱۲۹۶ھ)(عربی)

سوال(۲۴۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی کتاب ''علم الوفق'' میں کون کون سی چیزیں ہیں؟

جواب۔اعمال ونقوش وتعویذات،خاندانی وایجادی کا مجموعہ ہے

سوال(۲۴۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم الوفق'' میں کونسی کتاب ہے؟

جواب۔الفوز بالامال فی الاوفاق والاعمال۔(۱۳۲۶ھ)(عربی رفارسی)

سوال(۲۴۲)''علم توقیت'' کسے کہتے ہیں؟

جواب۔دن رات کے اوقات اور اس کی کیفیت کے جاننے کو علم توقیت کہتے ہیں؟(۵۲)

سوال(۲۴۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم توقیت'' میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔تاج توقیت۔(۱۳۲۰ھ)(فارسی)

سوال(۲۴۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی کتاب '' تاج توقیت'' میں کیا کیا قواعد ہیں؟

جواب۔اوقات خمسہ نماز وسحری وافطار نکالنے کے قواعد ہیں۔

سوال(۲۴۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم ارثماطیقی'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔کتاب الارثماطیقی۔(۱۳۲۵ھ)(فارسی)

سوال(۲۴۶)''علم ریاضی'' کیا ہے اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب۔''علم ریاضی'' حکمت نظریہ کی ایک قسم ہے،یعنی وہ عقلی علوم جو وجود خارجی میں مادے کے محتاج ہیں۔اس کی دس قسمیں ہیں۔

سوال(۲۴۷)''علم ریاضی'' کی دس قسموں کے نام بتائیے؟

جواب۔(۱)علم الهندسه (۲)علم الهیئة (۳)علم التعلیمی (۴)علم الحساب (۵)علم الحیر (۶)علم الموسیقی (۷)علم السیاست (۸)علم الاخلاق (۹)علم تدبیر المنزل (۱۰)علم سائنس (۵۳)

سوال(۲۴۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم ریاضی'' میں کسی ایک کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔ستین ولوگارثم۔(۱۳۲۳ھ)(اردو)

سوال(۲۴۹)''علم الهندسه'' کی تعریف بتائیے؟

جواب۔مقداروں کے خواص کو معلوم کرنا،مثلاً خط،سطح،جسم،طول وعرض،وغیرہ(۵۴)

سوال(۲۵۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم ہندسہ'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔الاشکال الُاقلیدِس لنکس اشکال اُقلیدِس۔

سوال(۲۵۱)''علم ہیئت'' میں کس چیز سے متعلق بحث کی جاتی ہے،اور علم ہیئت کیا ہے؟

جواب۔''علم ہیئت'' وہ علم ہے جس میں اجرام فلکی،زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے(۵۵)

سوال(۲۵۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم ہیئت'' میں کسی تصنیف کا نام لکھئے؟

جواب۔الصراح موجز فی تعدیل المرکز (۱۳۱۹ھ)(فارسی)

سوال(۲۵۳)''علم حساب کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔ایسے اصولوں کا جاننا جس سے مجہولات عددیہ کے استخراج کا علم حاصل ہو(۵۶)

سوال(۲۵۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم حساب'' میں کسی تصنیف کا نام لکھئے؟

جواب۔کلام الفهيم فى سلاسل الجمع والتقسيم۔(۱۳۲۰ھ)(عربی)

سوال(۲۵۵)''علم جبر ومقابلہ'' کونسا علم ہے؟

جواب۔یہ علم حساب کی ایک قسم ہے۔

سوال(۲۵۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم جبر ومقابلہ'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔حل المعادلات لقوی المکعبات۔(۱۳۲۵ھ)(فارسی)

سوال(۲۵۷)''علم زیجات'' سے کیا معلوم کی جاتی ہے؟

جواب۔''علم زیجات'' سے ستاروں کی چال معلوم کئے جاتے ہیں۔

سوال(۲۵۸)''زیجات'' میں اعلیٰ حضرت کی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔مسفر المطالع للتقويم والطالع۔(۱۳۲۴ھ)(فارسی)

سوال(۲۵۹)''علم جفر'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔لوح قضاء وقدر جو تمام ما کان وما یکون کو کلیاً وجزئیاً محتوی ہے، اس کے علم اجمالی کا نام جفر جامع ہے۔

سوال(۲۶۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی '' کی علم جفر'' میں کسی ایک کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔الثواقب الرضویہ علی الکواکب الدریہ۔(۱۳۱۳ھ)(عربی)

سوال(۲۶۱)''علم جفر'' میں اعلیٰ حضرت کی کتابیں چھپی ہیں؟

جواب۔نہیں

سوال(۲۶۲) کیوں نہیں چھپی ہیں؟

جواب۔علم جفر میں اعلیٰ حضرت کی تین کتابیں ہیں، ان تینوں کے متعلق آپ کا ارشاد ہے کہ یہ تینوں رسالے نہ چھاپے جائیں کہ نہ ان کی نقل مل سکتی ہے، جب تک اس علم کی اہلیت نہ ثابت ہو۔

سوال(۲۶۳)''علم نجوم'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔تشکلات فلکیہ، اوضاع افلاک وکواکب وغیرہ سے استدلال کیے جانے کو علم نجوم کہتے ہیں۔

سوال(۲۶۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم نجوم'' میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔زاکی البها فی قوة الكواكب وضعفها۔(۱۳۲۵ھ)(فارسی)

سوال(۲۶۵)علم نجوم کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب۔تین قسمیں۔

سوال(۲۶۶)علم نجوم کے ان تین قسموں کے نام بتائیے؟

جواب۔حسابیات، طبیعات، وہمیات۔

سوال(۲۶۷)''علم حسابیات'' کیا ہے؟

جواب۔علم حسابیات یقینی ہے، یعنے اس پر یقین کیا جاتا اور شرعاً بھی اس پر عمل کیا جاتا ہے، جیسے طلوع وغروب شمس، اور اوقات نماز وافطار کیلئے۔

سوال(۲۶۸)''علم طبیعات'' کیا ہے؟

جواب۔بروج، شمس، جاڑا، گرمی، برسات وغیرہ کے کوائف اسی علم سے معلوم کرتے ہیں۔

سوال(۲۶۹)''علم وہمیات'' کیا ہے؟

جواب۔علم وہمیات سے نجومی حضرات کواکب کا ایک دوسرے سے ملنا پھر اس کے اثرات حادثات، خیروشر کی پیشن گوئی کرتے ہیں۔

سوال(۲۷۰)''علم شتی'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔مختلف علوم وفنون کے مجموعے کو''علم شتی'' کہتے ہیں۔

سوال(۲۷۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم شتی''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔فتح خیبر۔(۱۳۰۰ھ)(اردو)(۵۷)

سوال(۲۷۲)علم نحو، کی تعریف کیجیے؟

جواب۔ان اصول وقواعد کا جاننا جس سے کلمہ کے آخری حرف کی اعرابی حالت کو معرب اور مبنی ہونے کی حیثیت سے جانا جائے۔

سوال(۲۷۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم نحو''میں کسی کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔حاشیہ ھدایت النحو۔

سوال(۲۷۴)علم زائچہ، کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔وہ علم جو اہل نجوم بچّے کی پیدائش کے وقت کاغذ بناتے ہیں، جسے جنم پترا اور کنڈلی کہتے ہیں۔

سوال(۲۷۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم زائچہ''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔زاکی البھائی قوۃ الکواکب وضعھا۔

سوال(۲۷۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کے''علم زائچہ'' کی عبارت کا کچھ حصہ پڑھ کرسنائیے؟

جواب۔طالع وہ نقطہ فلک البروج ہے جو کسی وقت مطلوب میں جانب شرق اُفق حقیقی بلدی پر ہو، یہی زائچہ ولادت میں لیا جاتا ہے، اور یہی زائچہ سال میں بھی، یہی جملہ اعمال میں الخ (۵۸)

سوال(۲۷۷)''علم طبیعات'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔اجسام محسوسہ کی حالتوں پر اس طرح بحث کرنا کہ ان کا متغیر ہونا ثابت ہو جائے(۵۹)

سوال(۲۷۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم طبیعات''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔الدقۃ والتبیان لعلۃ الرقۃ والسیلان۔۱۳۳۴ھ م۱۹۱۵ء

سوال(۲۷۹)علم ارضیات، سے کونسا علم مراد ہے؟

جواب۔زمین کے طبقوں اور قسموں کا علم ہے، جسے طبقات الارض کہتے ہیں۔

سوال(۲۸۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی'' علم ارضیات geology'' پر کسی کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔المطر السعید علی نبت جنس الصعید۔۱۳۳۵ھ م۱۹۱۵ء(اردو)

سوال(۲۸۱)علم صوتیات، کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔وہ علوم وفنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہوں(۶۰)

سوال(۲۸۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم صوتیات'' سے متعلق کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔الکشف شافیہ حکم فونوغرافیا۔۱۳۲۶ھ م۱۹۰۸ء(عربی)

سوال(۲۸۳)علم سیاسیات، کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔سیاست سے تعلق رکھنے والی باتیں۔

سوال(۲۸۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم سیاسیات.. political

science ''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔دوام العیش فی الائمۃ من قریش (۱۳۳۹ھ مطابق ۱۹۲۰ء) (اردو)

سوال(۲۸۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''سیاسی خدمات'' پر مقالے لکھنے والے چند اشخاص کے نام لکھئے؟

جواب۔ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، میاں عبدالرشید، سیّد انور علی ایڈوکیٹ وغیرہم۔

سوال(۲۸۶) علم معاشیات، کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے (۶۱)

سوال(۲۸۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی '' علم معاشیات Economics ''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔افصح الحکومہ فی فعل الخصوصہ اور تدبیر فلاح ونجات واصلاح (۱۹۱۲ء) (اردو)

سوال(۲۸۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کے علم معاشیات سے متعلق ''فاضل بریلوی کے معاشی نکات'' کے عنوان سے مقالہ لکھنے والے پروفیسر کا نام لکھئے؟

جواب۔پروفیسر محمد رفیع اللہ صدیقی (ایم،ایس)

سوال(۲۸۹) ''علم ہیئت'' کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔اجرام بسیطہ کی کمیت وکیفیت اس کی حرکات لازمہ وغیرہ جاننا (۶۲)

سوال(۲۹۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم ہیئت'' پر کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔استخراج وصول قمر۔(۶۳)

سوال(۲۹۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم مربعات'' میں کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔۱۵۲اار علم مربعات (اردو)

سوال(۲۹۲) علم مثلث، کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے۔

سوال(۲۹۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم مثلث'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔رسالہ در علم مثلث (فارسی)

سوال(۲۹۴) ''علم کُروی'' کُروی کے معنی کیا ہیں؟

جواب۔کُروی کے معنی ہیں، گول، مدور، دائرہ نما۔

سوال(۲۹۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم کُروی'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔وجوہ زوایا مثلث کُروی (فارسی) (۶۴)

سوال(۲۹۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم مثلث مسطح'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔اعالی العطایا فی الاضلاع والزوایا۔

سوال(۲۹۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم تجارت اور علم بینکاری'' میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔المنی والدرر لمن عمد منی آرڈر۔

سوال(۲۹۸) علم زراعت، کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔کاشتکاری کے طریقے کا جاننا۔

سوال(۲۹۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''علم زراعت'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔افصح البیان فی حکم مزارع ہندوستان۔

سوال(۳۰۰) علم کیمیا، کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔ایسے اصولوں کا جاننا جس سے سونا چاندی وغیرہ کے کانوں کی معرفت حاصل ہو(۶۵)

سوال(۳۰۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم کیمیا اطلاقی'' میں کسی کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔الاحلی من لسکر بطلبۃ سکری وسر۔

سوال(۳۰۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''بین الاقوامی امور'' میں کسی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔اعلام الاعلام بان ہندوستان دارالاسلام(۶۶)

سوال(۳۰۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''رسم المفتی (فتوی نویسی کے آداب پر کسی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔اجلی الاعلام ان الفتوی مطلقا علی قول الامام (اس امر کا روشن بیان کہ فتوی مطلقاً قول امام پر ہوتا ہے)

سوال(۳۰۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی رسم المفتی پر اور کوئی کتاب یا رسالہ ہے؟

جواب۔جی ہاں ہے ''الفضل الموھبی فی معنی اذا صح الحدیث فھو مذھبی (اس ارشاد کا مطلب کہ جب حدیث صحیح ہو تو وہی میرا مذہب ہے)

سوال(۳۰۵) ''علم اسماء الرجال'' کی تعریف بتایئے؟

جواب۔اصطلاح محدثین میں احادیث کے راویوں کے نام، علم حدیث کا شعبہ، جس میں راویانِ حدیث کے نام اور حالات سے بحث کی جاتی ہے۔

سوال(۳۰۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی ''اسماء الرجال'' میں کسی کتاب کا نام لکھیے؟

جواب۔''مجموعہ رسائل''

سوال(۳۰۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی ''اسماء الرجال'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔جواب۔سات (۷) کتابیں ہیں

سوال(۳۰۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی ''علم لوگارثم'' سے متعلق کوئی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔''رسالہ در علم لوگارثم'' چیمبرز کی جدول مطبوعہ ۱۸۷۸ء کی تشریحات کا اردو ترجمہ، پر حواشی ہیں۔

سوال(۳۰۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی ''علم لوگارثم'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔دو(۲) کتابیں ہیں۔

سوال(۳۱۰) ''علم طب'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔انسان کی جسمانی حالت کو صحت کے اور مرض کے اعتبار سے جاننا۔

سوال(۳۱۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے ''علم طب'' سے متعلق حکیم محمد سعید دہلوی نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

جواب۔ان کے فتاویٰ میں بہت سے علوم کے نکات ملتے ہیں، مگر علم طب اور اس علم کے دیگر شعبے مثلاً کیمیا اور علم الاحجار کو تقدم حاصل ہے(۶۷)

سوال(۳۱۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے ''علم طبیعات'' کی کس کتاب پر حاشیہ تحریر کیا ہے؟

جواب۔''حاشیہ اصول طبعی'' پر۔

سوال(۳۱۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم طبیعات'' پر کسی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔النور والنورق الاسفار الماء المطلق۔

سوال(۳۱۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم طبیعات'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔حاشیہ چھوڑ کر تین کتابیں ہیں۔

سوال(۳۱۵)''علم تقویم''کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔دن رات کے اوقات اور اس کی کیفیت کا جاننا، تاریخوں، ستاروں کے مقامات، اور گہن وغیرہ کے علم کو جاننا۔

سوال(۳۱۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم تقویم''میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔البرہان القویم علی العرض والتقویم۔

سوال(۳۱۷) ''ٹریگنو میٹری''کونسا علم ہے؟

جواب۔حساب کا ایک قاعدہ ہے۔

سوال(۳۱۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''ٹریگنو میٹری''میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔اعالی العطایا فی الاضلاع والزویا۔

سوال(۳۱۹)''علم فلکیات''کس علم کو کہتے ہی؟

جواب۔وہ علم جس میں آسمان اور اس کی موجودات پر بحث کی جاتی ہے۔

سوال(۳۲۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم فلکیات''میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔استخراج وصول قمر براس (۶۸)

سوال(۳۲۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''علم جبر ومقابلہ''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔حل المعادلات لقوی المکعبات۔

سوال(۳۲۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''نظم عربی''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔امال الابرار والام الاشرار (۱۳۱۸ھ) (عربی)

سوال(۳۲۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''نظم عربی''میں دوسری کوئی اور کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔دیوان القصائد (عربی، قصائد نعت ومنقبت کا مجموعہ)

سوال(۳۲۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''نظم عربی''میں کسی اور کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔حمائد فضل رسول (۲) مدائح فضل رسول

نوٹ۔''اعلیٰ حضرت کا عربی کلام آپ کے مختلف رسائل وکتب میں بھی بکھرے ہوئے ہیں انہیں یکجا کرنے کی شدید ضرورت ہے''

سوال(۳۲۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''نظم فارسی''میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔''حدائق بخشش''حصہ دوم میں بکثرت کلام فارسی میں ہیں۔

سوال(۳۲۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''نظم فارسی''میں کسی دوسری کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔دیوان القصائد (فارسی)

سوال(۳۲۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی''نظم فارسی''میں کسی اور کتاب کا نام بتائیے؟

جواب(۱) اکسیر اعظم (۲) نظم معطر (۳) سلسلۃ الذہب نافیۃ الارب (۴)، وظیفۂ قادریہ،

سوال(۳۲۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کا ہندی زبان میں کوئی کلام ہے؟

جواب۔باضابطہ کوئی کلام نہیں ہے''حدائق بخشش''میں ایک نعت پاک ہے جو چار زبانوں میں ہے، عربی، فارسی، اردو اور ہندی اور دوسرے کلام میں بھی جا بجا ہندی کے الفاظ مل جا تے ہیں۔

سوال(۳۲۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''نظم اردو'' میں کونسی کتاب ہے؟

جواب۔ ''حدائق بخشش'' اور ''الاستمداد۔

سوال(۳۳۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''نظم اردو'' میں کچھ کتابوں کے نام بتائیے؟

جواب۔(۱) دیوان القصائد (۲) ذریعہ قاریہ (۳) فضائل فاروق (۴) مشرقستان قدس (۴) چراغ انس (۵) حضور جان نور (۶) سلام سیر (۷) مناقب؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال(۳۳۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''عربی ادب'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔ صنائع بدیعہ (عربی)

سوال(۳۳۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''نثر عربی'' میں کوئی کتاب ہے؟

جواب۔ ایک دونہیں بلکہ متعدد کتابیں ہیں، آپ اسی کوئز میں جگہ جگہ ملاحظہ کر لیجئے۔

سوال(۳۳۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''فارسی ادب'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔ صنائع بدیعہ (فارسی)

سوال(۳۳۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''نثر فارسی'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔ نثر فارسی میں آپ کی متعدد کتابیں ہیں، کئی کتابوں کے نام آپ اسی کوئز میں ملاحظہ کریں گے۔

سوال(۳۳۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''نثر ہندی'' میں کوئی یادگار

ہے؟

جواب۔ آپ کے فتاوی کے مجموعہ میں ایک فتوی ہندی زبان میں ہے۔

سوال(۳۳۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''اردو ادب'' میں کسی کتاب کا نام بتائیے؟

جواب۔ ''اردو ادب'' میں، صنائع بدیعہ (اردو)

سوال(۳۳۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''اردو اب'' میں کسی اور وسری کتابوں کے نام بتائیے؟

جواب۔ شرح مقاصد مذاقیہ (۲) عذاب ادنی برر داودنی۔

سوال(۳۳۸) ''مولانا احمد رضا بریلوی اور'' فن طب'' نام کا مقالہ لکھنے والے حکیم کا نام بتائیے؟

جواب۔ حکیم محمد سعید دہلوی (۶۹)

سوال(۳۳۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''کتب فقہ جملہ مذاہب'' کے لئے کسی کتاب کی نشاندہی کیجئے؟

جواب۔ فتاوی رضویہ۔

سوال(۳۴۰) ''علم مابعد الطبیعات'' کس علم کو کہتے ہیں؟

جواب۔ ''علم الٰہیات'' یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا علم (۷۰)

سوال نمبر(۳۴۱) ''علم بعد الطبیعات'' میں امام احمد رضا کی کوئی کتاب ہے؟

جواب۔ ''علم مابعد الطبیعات'' پر امام احمد رضا کی کوئی مستقل تصنیف نہیں ہے، بلکہ آپ کی مختلف تصانیف میں اس علم کی جزوی بحثیں مل جاتی ہیں، اس تعلق سے ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی کا مقالہ ''ملفوظات رضا اور مابعد الطبیعیاتی نظریات'' یادگار رضا، ممبئی ۲۰۰۸ء میں دیکھ سکتے ہیں۔(۷۱)

سوال(۳۴۲) ''علم صرف'' کی تعریف بتائیے؟

جواب۔کلمہ کے ہر حرف کی حرکات کی حالتوں کا جاننا،علم صرف کہلاتا ہے۔

سوال(۳۴۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم صرف'' میں کسی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔تبلیغ الکلام الی درجۃ الکمال فی تحقیق اصالۃ المصدر والافعال (عربی)

سوال(۳۴۴) ''علم بدیع'' کی تعریف بتایئے؟

جواب۔علم بدیع ،اس علم کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ آدمی مقتضائے حال کے مطابق واضح الفاظ میں عمدہ اور خوش اسلوب دلکش تعبیرات کے ساتھ کلام کرنے کے اسالیب اور وجوہات کا طریقہ معلوم کرے۔

(نوٹ) شعرا کے اشعار اور ادبا کے مشہور کلام میں جو صنائع للحسنہ کا استعمال ہو اس کی معرفت حاصل کرنا (۷۲)

سوال(۳۴۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم بدیع'' میں کسی کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔صنائع بدیعہ۔

سوال(۳۴۶) ''علم منطق کی تعریف کیا ہے؟

جواب۔''علم منطق'' ایسے اصولوں کا جاننا جس کی رعایت کرنے سے تفکر وتدبر میں غلطی سے بچا جا سکے (۷۳)

سوال(۳۴۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''علم منطق'' میں کسی ایک کتاب کا نام لکھئے؟

جواب۔فوزِ مبین در رد حرکت زمین

سوال(۳۴۸) ''ارثماطیقی، جبر ومقابلہ'' کو انگلش میں کس نام سے جانا جاتا ہے؟

جواب۔Algebra کے نام سے۔

سوال(۳۴۹) حساب سینی، زیجات، لوغارثم، کو انگلش میں کیا کہتے ہیں؟

جواب۔Logarithm کہتے ہیں۔

سوال(۳۵۰) ''مثلث کروی'' کا انگلش میں کیا نام دیا گیا ہے؟

جواب۔Trigonometry spherical

سوال(۳۵۱) ''مثلث مسطح'' کو انگلش میں جس نام سے یاد کرتے ہیں وہ نام لکھئے؟

جواب۔Trigonometry Plane

سوال(۳۵۲) علم توقیت، علم تکسیر، فلکیات، علم المربعات، کو انگلش میں کیا کہتے ہیں؟

جواب۔Squares کہتے ہیں۔

سوال(۳۵۳) علم جفر، علم رمل، زائچہ، حساب، کو انگلش میں کس نام سے لکھتے ہیں؟

جواب۔Mathematics

سوال(۳۵۴) ''علم ہیأۃ جدیدہ وقدیمہ'' کو انگلش میں جس نام سے لکھتے ہیں وہ نام کیا ہے؟

جواب۔Astronomy

سوال(۳۵۵) ''علم الہندسہ، علم النجوم، کا انگلش نام لکھئے؟

جواب۔Astrology

سوال(۳۵۶) ''فلسفہ قدیمہ وجدیدہ۔علم التقویم، علم الطبیعات، کا انگلش نام کیا ہے؟

جواب۔Physics

سال(۳۵۷) ''علم معدنیات'' کا انگلش نام بتایئے؟

جواب۔Minerology

سوال(۳۵۸) ''علم نور''بصریات'' کو انگلش میں کیا کہتے ہیں؟

جواب۔Optics(۷۴)

سوال(۳۵۹) ڈاکٹر مجید اللہ قادری کی تحقیق کے مطابق امام احمد رضا کتنے علوم پر عبور رکھتے تھے؟

جواب۔۷۰ریا۷۱رعلوم پر۔

سوال(۳۶۰) جناب سید ریاست علی قادری امام احمد رضا کے علوم کی تعداد کتنی بتائی ہیں؟

جواب۔۱۰۵رعلوم

سوال(۳۶۱) مولانا عبدالستار ہمدانی کی تحقیق سے امام احمد رضا کے کتنے علوم ثابت ہوتے ہیں؟

جواب۔۱۱۴رعلوم

سوال(۳۶۲) مولانا اسحاق رضوی مصباحی کی تحقیق امام احمد رضا کے علوم کی تعداد کتنی بتاتی ہے؟

جواب۔۲۰۰رسے زیادہ۔

سوال(۳۶۳) مذکورہ بالا ۷۰ریا۷۱رعلوم کے آگے امام احمد رضا کے مزید کچھ علوم کے نام لکھیے؟

جواب۔ذیل میں ملاحظہ کیجیے۔

(۱)تخریج (۲)فتوی نویسی (۳)سیرت نگاری (۴)تنقیدات (۵)خط نستعلیق (۶)ادب وانشاء پردازی (۷)شاعری (۸)نثر نگاری (۹)حاشیہ نگاری (۱۰)روحانیت (۱۱)علم الانساب (۱۲)ردّات (۱۳)پند ونصائح (۱۴)مکتوبات (۱۵)ملفوظات (۱۶)خطبات (۱۷)مالیات (۱۸)معاشرت (۱۹)تعلیم وتعلم (۲۰)نقوش وتعویذات (۲۱)لسانیات (۲۲)رسم الخط (۲۳)جرح وتعدیل (۲۴)ورد واذکار (۲۵)ایمانیات (۲۶)بنکاری (۲۷)تاریخ گوئی (۲۸)علم الاوقات (۲۹)ردِموسیقی (۳۰)قانون (۳۱)تشریحات (۳۲)تحققات (۳۳)علم الادیان (۳۴)ماحولیات (۳۵)علم الایام (۳۶)تعبیر (۳۷)عروض وقوافی (۳۸)علم البر والبحر (۳۹)علم الاوزان (۴۰)حکمت (۴۱)نقد ونظر (۴۲)تالیقات (۴۳)شہریات (۴۴)صحافت (۴۵)علم الاموال (۴۶)عملیات (۴۷)علم الاحکام (۴۸)عمرانیات (۴۹)علم رمل (۵۰)استعارات (۵۱)حیاتیات (۵۲)نباتات (۵۳)اشعیات (۵۴

)فونیات (۵۵)حجریات (۵۶)لسانیات (۵۷)سکونیات (۵۸)موسمیات (۵۹)حرکیات (۶۰)علم نور (۶۱)علم الادویہ (۶۲)اقتصادیات finance (۶۳)علم تجارت commerc (۶۴)علم شماریات (۶۵)علم جغرافیہ geogrphy (۶۶)علم معدنیات (۶۷)خط نسخ۔

سوال(۳۶۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ۵۴۸رتالیفات کی فہرست ''ماہنامہ قاری'' کے امام احمد رضا نمبر نے شائع کیا تھا، اس کی روشنی میں بتائیے کہ امام احمد رضا کی ''تفسیر'' کے موضع پر کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔گیارہ(۱۱) کتابیں۔

سوال(۳۶۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''عقائد وکلام'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔چوپن(۵۴) کتابیں۔

سوال(۳۶۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''حدیث واصول حدیث'' میں کتنی تالیفات ہیں؟

جواب۔ترپن(۵۳)

سوال(۳۶۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''فقہ، اصول فقہ، لغت، فقہ فرائض'' میں کتنی تصنیفا ت ہیں؟

جواب۔دوسو چودہ(۲۱۴)

سوال(۳۶۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''تنقیدات'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔چالیس(۴۰)

سوال(۳۶۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی ''تصوّف، اذکار، اوفاق، تعبیر اور اخلاق'' میں کتنی تالیفات ہیں؟

جواب۔انیس(۱۹)

سوال(۳۷۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''تاریخ، سیر، مناقب، فضائل، ادب، نحو، لغت، عروض''میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔پچپن(۵۵)

سوال(۳۷۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''جفروتکسیر''میں کتنی تصنیفات ہیں؟

جواب۔گیارہ(۱۱)تصنیفات۔

سوال(۳۷۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''جبرومقابلہ''میں کتنی تالیفات ہیں؟

جواب۔چار(۴)

سوال(۳۷۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''مثلث، ارثماطیقی، لوگارثم'' میں کتنی کتابیں؟

جواب۔آٹھ(۸)

سوال(۳۷۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''توقیت، نجوم، حساب'' میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔بائیس(۲۲)

سوال(۳۷۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''ہیئت، ہندسہ، ریاضی''میں کتنی تالیفات ہیں؟

جواب۔اکتیس(۳۱)

سوال(۳۷۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کی ''منطق وفلسفہ''میں کتنی کتابیں ہیں؟

جواب۔چھ(۶)

سوال(۳۷۷) مولانا عبدالستار ہمدانی نے اپنی فہرست میں امام احمد رضا کی کتنی کتابوں کے

نام درج کیے ہیں؟

جواب۔۹۵۰رکتابوں کے(۷۵)

کنزالایمان کے مترجم کے متعلق مختلف معلومات

سوال(۳۷۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ سے صرف ملنے کی غرض سے ''مکۃ المکرّمہ'' سے آنے والے عالم کا نام بتایئے؟

جوب۔مولاناسید اسمٰعیل خلیل محافظ کتب حرم(۷۶)

سوال(۳۷۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے فقہ کی روشنی میں کن جانوروں کو فاسق بتایا ہے؟

جواب۔چیل، کوّا، بندر اور چوہا کو۔

سوال(۳۸۰) شریعت میں کس قسم کی حرکتیں کرنے والے جانوروں کو فاسق کہا گیا ہے؟

جواب۔جو بغیر اپنے نفع کے بالقصد ایذا پہنچائے۔(۷۷)

سوال(۳۸۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کا نعتیہ کلام آپ کی زندگی میں کس کس ماہنامے میں شائع ہوتا تھا؟

جواب۔''ماہنامہ الرّضا''بریلی شریف اور''ماہنامہ تحفۂ حنفیہ''پٹنہ، دبدبہ سکندری رام پور وغیرہ

سوال(۳۸۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کا کلام مذکورہ ماہناموں میں صرف اردو میں شائع ہوتا تھا؟

جواب، اردو کے ساتھ عربی اور فارسی کلام بھی شائع ہوتے تھے۔

سوال(۳۸۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کے کلام کا مجموعہ''حدائق بخشش''سب سے پہلے کس سن میں کس شہر سے شائع ہوا؟

جواب۔۱۳۲۵ھ م ۱۹۰۷ء بریلی شریف اور پٹنہ سے۔

سوال(۳۸۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضاعلیہ الرحمہ کے عربی، اردو اور فارسی کلام

کا مجموعہ ''حدائق بخشش'' حصّہ سوم سب سے پہلے کہاں سے شائع ہوا تھا؟

جواب۔ ''بدایوں'' سے

سوال (۳۸۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کا مذکورہ مجموعہ حصّہ سوم کے تعلق سے پروفیسر مسعود احمد صاحب نے کیا لکھا ہے؟

جواب۔ پروفیسر صاحب نے لکھا ہے کہ اس حصّہ سوم میں کچھ الحاقی کلام بھی شامل ہیں

سوال (۳۸۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا علیہ الرحمہ کا مذکورہ مجموعہ حصّہ سوم کا کون سا نسخہ مستند ہے؟

جواب۔ پروفیسر مسعود صاحب لکھتے ہیں کہ جناب شمس بریلوی نے تینوں حصّوں کا مستند انتخاب اپنے فاضلانہ مقدمہ کے ساتھ مرتب کیا ہے۔

سوال (۳۸۷) جناب شمس بریلوی کے تینوں حصّوں کا مستند انتخاب کس سن میں کہاں سے شائع ہوا؟

جواب۔ ۱۹۷۶ء میں مدینہ پبلشنگ کراچی، پاکستان سے (۷۸)

سوال (۳۸۸) امام احمد رضا سے پہلے عہد اکبری کے اس عالم کا نام بتایئے جو چونسٹھ علوم پر عبور رکھتے تھے؟

جواب۔ شاہ وجیہہ الدین علوی گجراتی (۷۹)

سوال (۳۸۹) حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کو کتنے علوم میں مہارت حاصل تھی؟

جواب۔ ایک سو پچاس (۱۵۰) علوم میں۔

سوال (۳۹۰) علامہ عبدالعزیز پرہاروی کو کتنے علوم پر تبحر حاصل تھا؟

جواب۔ دوسو ستّر (۲۷۰) علوم پر۔

سوال (۳۹۱) حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کتنے علوم جانتے تھے؟

جواب۔ ایک سو اٹھاسی (۱۸۸) علوم (۸۰)

سوال (۳۹۲) امام احمد رضا نے مولوی عبدالحکیم غلام محی الدین صاحب کو کس کے ترجمہ سے

متعلق رائے دی تھی کہ۔ ''وہ الفاظ متروک یا نامانوس ہوگئے، فصیح وسلیس ورائج الفاظ سے بدل دیئے جائیں'' اس مترجم کا نام لکھئے؟

جواب۔ مولانا شاہ عبدالقادر صاحب (۸۱)

سوال (۳۹۳) امام احمد رضا نے ایک سائل کے سوال پر کہ۔

میری تعمیر میں مضمر ہے ایک صورت خرابی کی
ہیولی برق خرمن کا ہے خون گرم دہقاں کا

کی جو تشریح فرمائی ہے وہ فتاوی رضویہ کی کس جلد میں شامل ہے؟

جواب۔ بارھویں جلد میں ص ۱۸۷ پر (۸۲)

سوال (۳۹۴) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا اپنے پہلے حج کے موقع پر مقام ابراہیم پر نماز ادا کی، جماعت ختم ہونے کے بعد حرم شریف کے شافی المسلک حضرت مولانا حسین بن صالح جمل اللیل نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور اپنے گھر لے گئے اور بار بار آپ کی پیشانی کو بوسہ دیا، بتایئے کس وقت کی نماز کی ادائیگی کے بعد حضرت حسین بن صالح امام احمد رضا کو اپنے گھر لے گئے؟

جواب۔ نماز مغرب کے بعد۔

سوال (۳۹۵) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے، حضرت شیخ حسین بن صالح کی تصنیف ''جوہر مضیہ'' کی شرح ''النیرۃ الوضیۃ فی شرح الجوہرۃ المضیۃ'' پہلے حج کے موقع پر لکھی یا دوسرے حج پر؟

جواب۔ پہلے حج کے موقع سے۔

سوال (۳۹۶) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیۃ'' پہلے حج کے موقع پر تحریر فرمائی یا دوسرے حج کے موقع پر؟

جواب، دوسرے حج کے موقع پر۔

سوال (۳۹۷) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''الدولۃ المکیہ بالمادۃ

الغیبیۃ'' کتنے گھنٹے میں لکھی؟

جواب،ساڑھے آٹھ گھنٹے میں۔

سوال(۳۹۸) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نوٹ کے مسائل سے متعلق ''کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم'' پہلے حج کے موقع پر تحریر فرمائی یا دوسرے حج کے موقع پر؟

جواب۔دوسرے حج کے موقع پر۔

سوال(۳۹۹) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے اپنی کتاب ''فتاوی رضویہ'' کا کیا نام رکھا ہے؟

جواب۔العطایا النبویہ فی فتاوٰی الرضویہ۔

سوال(۴۰۰) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا ''فنِ تکسیر'' میں نقش مربع کتنے طریقے سے بھرتے تھے؟

جواب۔دوہزار تین سو طریقے سے۔

سوال(۴۰۱) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے شاگرد مولانا ظفرالدین بہاری ''فنِ تکسیر'' میں نقشِ مربع کتنے طریقے سے بھرتے تھے؟

جواب۔گیارہ سو باون طریقے سے۔

سوال(۴۰۲) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا دن میں سورج دیکھ کر اور رات میں ستاروں کو دیکھ کر گھڑی ملاتے تھے، کس علم کی بنا پر آپ ایسا کرتے تھے؟

جواب۔''علم توقیت'' کی بنا پر۔

سوال(۴۰۳) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے امریکی سائنسداں ''پروفیسر البرٹ'' کی پیشنگوئی کو کن علوم سے غلط ثابت کیا تھا؟

جواب۔علمِ نجوم،علم ہیئت،اور علم زیجات سے(۸۳)

سوال(۴۰۴) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ۱۳۲۳ھ میں دوسرا حج کیا،سن عیسوی بتائیے؟

جواب۔۱۹۰۵ء(۸۴)

سوال(۴۰۵) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے سر کی آنکھوں سے گنبدِ خضری کے قریب حضور ﷺ کی زیارت پہلے حج کے موقع پر کی تھی یا دوسرے حج کے موقع پر؟

جواب،دوسرے حج کے موقع پر۔

سوال(۴۰۶) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے مولانا شاہ عبدالقادر بدایونی کے عرس کے موقع پر بدایوں میں قرآن پاک کی کس سورہ پر کامل چھ گھنٹے تقریر فرمائی؟

جواب۔سورہ ''والضحیٰ'' پر(۸۵)

سوال(۴۰۷) امام احمد رضا نے سورہ ''والضحیٰ'' کی تفسیر لکھنا شروع کیا تھا،چند جز کی تفسیر لکھ کر یہ کہتے ہوئے چھوڑ دیا کہ اتنا وقت کہاں سے لاؤں،بتائے آپ کی لکھی ہوئی،سورہ ''والضحیٰ'' کی تفسیر کتنے صفحات پر مشتمل ہے؟

جواب۔آٹھ(۸۰۰)صفحات پر(۸۶)

سوال(۴۰۸) امام احمد رضا نے ۱۳۱۸ھ میں عظیم آباد پٹنہ کا سفر کیا تھا آپ نے وہاں متعدد تقریریں کیں،ایک تقریر متواتر چار گھنٹے تک جاری رہی،بتائے اس تقریر کا عنوان کیا تھا؟

جواب۔فضائل صدیق اکبر(۸۷)

سوال(۴۰۹) امام احمد رضا ۱۳۱۹ھ میں کلکتہ تشریف لے گئے وہاں جو آپ کے بیانات ہوئے تھے وہ مولانا حاجی لال محمد صاحب نے مرتب کرکے اسی سال چھپوایا تھا،اس کتاب کا نام بتائے؟

جواب۔دربار سراپا رحمت(۸۸)

سوال(۴۱۰) امام احمد رضا نے سورہ ''اعلیٰ'' کو عنوان بنا کر کس شہر میں تقریر کی تھی؟

جواب۔جامع مسجد سیتاپور میں(۸۹)

سوال(۴۱۱) امام احمد رضا نے ''مدرسۃ الحدیث'' پیلی بھیت کے افتتاح پر مسلسل تین گھنٹے کس عنوان سے خطاب فرمایا تھا؟

جواب۔ فنِ حدیث، فضیلتِ حدیث اور حجیت حدیث (۹۰)

سوال (۴۱۲) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کو کتنے سلاسل میں بیعت وخلافت حاصل تھی؟

جواب۔ ۱۳ر سلاسل میں

سوال (۴۱۳) کنزالایمان کے مُترجم نے کس سن میں منظر اسلام کی بنیاد ڈالی؟

جواب۔ ۱۳۲۲ھ مطابق ۱۹۰۴ء میں۔

سوال (۴۱۴) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے اپنے دوشاگردوں کو بخاری شریف کا پہلا سبق پڑھا کر ''دارالعلوم منظر اسلام'' کا افتتاح کیا، اعلیٰ حضرت کے ان دونوں شاگردوں کا نام بتایئے؟

جواب۔ ملک العلماء علامہ ظفر الدین بہاری اور مولانا عبدالرشید بہاری (۹۱)

سوال (۴۱۵) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کی زندگی میں ''دارالعلوم منظر اسلام'' کا جلسہ اسنادو دستار بندی بریلی کی کس وسیع وعریض مسجد میں ہوتا تھا؟

جواب۔ بی بی جی کی مسجد میں۔

سوال (۴۱۶) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کی زندگی میں رضا مسجد بریلی میں جمعہ کی نماز کتنے بجے ہوتی تھی؟

جواب۔ ساڑھے تین بجے۔

سوال (۴۱۷) امام احمد رضا ۱۳۲۰ھ تک اپنے شائع شدہ کتب ورسائل لاہور کی کس انجمن کو خودارسال کیئے تھے؟

جواب۔ انجمن نعمانیہ کو (۹۲)

سوال (۴۱۸) کل ہند جماعت رضائے مصطفٰے کے بانی وسرپرست کا نام بتایئے؟

جواب۔ اعلیحضرت امام احمد رضا (۹۳)

سوال (۴۱۹) کل ہند جماعت رضائے مصطفٰے کی بنا کس سن ہجری میں پڑی؟

جواب۔ ۱۳۳۹ھ میں (۹۴)

سوال (۴۲۰) کل ہند جماعت رضائے مصطفٰے کے بانی کے انتقال کے بعد جماعت کی باگ ڈور کس کے ہاتھوں میں آئی؟

جواب۔ حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا کے ہاتھوں میں (۹۵)

سوال (۴۲۱) کل ہند جماعت رضائے مصطفٰے نے اپنی ترجمانی کے لئے جو ماہنامہ جاری کیا تھا اس کا نام بتایئے؟

جواب۔ ماہنامہ ''یادگارِ رضا'' بریلی (۹۶)

سوال (۴۲۲) کل ہند جماعت رضائے مصطفٰے کے کارناموں اور سرگرمیوں کی خبریں لاہور کے کس روزنامہ میں شائع ہوتی تھیں ؟

جواب۔ روزنامہ ''سیاست'' میں (۹۷)

سوال (۴۲۳) کل ہند جماعت رضائے مصطفٰے کے خلاف لکھے گئے مراسلے ومضامین اور خبروں کی رد پٹنہ کا کون سا ماہنامہ کرتا تھا؟

جواب۔ ماہنامہ ''تحفہ حنفیہ'' پٹنہ (۹۸)

سوال (۴۲۴) بانسمنڈی بریلی میں ''دافع البلا'' کے نام سے مدرسہ قائم کرنے والے کا نام لکھیئے؟

جواب۔ مولانا غلام قطب الدین برہمچاری (۹۹)

سوال (۴۲۵) جماعت انصار الاسلام، جماعت رضائے مصطفٰے کی شاخ تھی؟ ہاں یا نا میں جواب لکھیں!

جواب۔ ہاں (۱۰۰)

سوال (۴۲۶) جماعت انصار الاسلام، کے سرپرست کون اور ناظم اعلی کون تھے؟ دونوں کے نام لکھئے!

جواب۔ سرپرست امام احمد رضا اور ناظم اعلی مولانا حسنین رضا (۱۰۱)

سوال (۴۲۷) امام احمد رضا کو کالیداس گپتا رضا نے اپنی کس تصنیف میں نمایا مقام دیا ہے؟

جواب۔ سہو وسراغ میں (۱۰۲)

سوال (۴۲۸) امام احمد رضا کے علم کی عین، عشق کی عین کی رہین منت ہے'' یہ جملے کس کے کہے ہوئے ہیں؟

جواب۔ ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی کے (۱۰۳)

سوال (۴۲۹) امام احمد رضا کے نام سے منسوب لاہور میں ''سنی رضوی مسجد'' کا سنگِ بنیاد کس عالم نے اور کس سن میں رکھا تھا؟

جواب۔ مولانا سیّد ایوب علی رضوی نے ۱۹۷۰ء میں رکھا (۱۰۴)

سوال (۴۳۰) امام احمد رضا کی اقتدا میں حکیم برھم گورکھپوری نے ۱۹۱۲ء میں عید کی نماز بریلی شریف میں پڑھی تھی اعلحضرت کی تقریر سے متاثر ہوکر انہوں نے اپنا تاثر اپنے اخبار میں شائع کیا تھا بتایئے وہ کس ماہنامہ کے اڈیٹر تھے؟

جواب۔ روزنامہ ''مشرق'' گورکھپور کے (۱۰۵)

سوال (۴۳۱) امام احمد رضا کی خدمت میں شیخ سید حسین مدنی، علم جفر، علم اوفاق اور علم تکسیر حاصل کرنے کیلئے مدینہ منورہ سے تشریف لائے تھے، شیخ مدنی نے بریلی شریف میں کتنے مہینے قیام فرمایا تھا؟

جواب۔ ۱۴ر مہینے (۱۰۶)

سوال (۴۳۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی نعتوں کو ان کی زندگی میں محفلِ میلاد میں ترنم سے پڑھنے والے بریلی کے اس شخص کا نام بتایئے، جنہوں نے نعت پڑھنے میں خوب نام کمایا تھا؟

جواب۔ مولانا عبدالجلیل ۔۔ ب۔

سوال (۴۳۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے یہاں ہر سال ۱۲ر ربیع الاول کو میلاد شریف کی محفل میں مٹھائی تقسیم کرتے وقت ڈاڑھی والے کو کتنے حصے ملتے تھے اور بغیر ڈاڑھی والے کو کتنے حصے؟

جواب۔ ڈاڑھی والے کو دو حصے اور بغیر ڈاڑھی والے کو ایک حصہ (۱۰۷)

سوال (۴۳۴) امام احمد رضا نے ''سیّدنا موسی علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا اسم شریف کیا بتایا ہے؟

جواب۔ یُوحَانِذُ (۱۰۸)

سوال (۴۳۵) امام احمد رضا کو'' خاتم المحققین اور سلطان العلماء المحققین، کے لقب سے مکہ معظّمہ کے کس عالم نے یاد کیا ہے ؟

جواب۔ شیخ محمد مختار بن عطارد الجاوی (۱۰۹)

سوال (۴۳۶) امام احمد رضا نے کس سائل کے سوال کے جواب میں مندرجہ ذیل باتیں لکھی تھیں'' اب فرمائیں کہ وہ قوم کہ اپنے میں کسی ذی فضل کو نہ دیکھ سکے،، اپنے ناقصوں کو کامل، قاصروں کو ذی فضل بنانے کی کیا کوشش کرے گی،، سائل کا نام لکھئے؟

جواب۔ مولانا محرم علی صاحب چشتی (۱۱۰)

سوال (۴۳۷) امام احمد رضا نے'' وتذرون الاخرۃ،، کا ترجمہ کیا تحریر فرمایا ہے لکھئے ؟

جواب۔ اور آخرت کو چھوڑ بیٹھے ہو (۱۱۱)

سوال (۴۳۸) امام احمد رضا کی تقریظ'' بہار شریعت'' کے کس حصہ کی زینت ہے؟

جواب۔ حصّہ سوم کی۔

سوال (۴۳۹) امام احمد رضا نے مذکورہ تقریظ شعبان المعظم کی کس تاریخ اور کس سن میں رقم کی تھی؟

جواب۔ ۱۲ر شعبان المعظم ۱۳۳۷ھ میں (۱۱۲)

سوال (۴۴۰) امام احمد رضا نے مسلمانوں کو ہندوستان کے کن پانچ بڑے شہروں میں بینک کھولنے کا مشورہ دیا تھا ؟

جواب۔ بمبئی، کلکتہ، رنگون، مدراس، حیدرآباد، میں (۱۱۳)

سوال (۴۴۱) امام احمد رضا نے اپنی کس کتاب میں بینک کاری کا نظریہ پیش کیا ہے؟

جواب۔ تدبیر وفلاح ونجات واصلاح (۱۱۴)

سوال (۴۴۲) امام احمد رضا کے بینک کاری نظام کے نظریہ کے بعد برطانیہ کے J.m.k e y n es نے 'روزگار آمدنی'' کا نظریہ کس سن عیسوی میں پیش کیا؟

جواب۔ ۱۹۳۶ء میں (۱۱۵)

سوال (۴۴۳) امام احمد رضا کی تحریر سے متعلق مولانا حسنین رضا خاں نے حساب لگایا تو ایک دن میں کتنے صفحات کا حساب آیا؟

جواب۔ چھپّن صفحات کا (۱۱۶)

سوال (۴۴۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتابوں کے کُل صفحات کتنے ہیں؟ مفتی محمد شریف الحق امجدی کی تحقیق کی روشنی میں بتائیے؟

جواب۔ ایک لاکھ بیس ہزار سے زیادہ۔

سوال (۴۴۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتابوں کے صفحات دوسرے محققین نے کتنے بتائے ہیں؟

جواب۔ سولہ لاکھ تک۔

سوال (۴۴۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی کتابوں کے صفحات کے تعلق سے اتنا بڑا اختلاف کی وجہ کیا ہے؟

جواب۔ مفتی صاحب اپنی زندگی میں امام احمد رضا کی مطبوعہ کتابوں کے صفحات کی تحقیق کی تھی ،دوسرے محققین مطبوعہ اور غیر مطبوعہ دونوں کو شمار کر کے بتایا ہے (۱۱۷)

سوال (۴۴۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے اپنے وصال کی تاریخ قرآن پاک کی جس آیت سے نکالی تھی آپ وہ آیت پڑھ کر سنا سکتے ہیں؟

جواب۔ جی ہاں سنئے 'وَیُطَافُ عَلَیۡهِمۡ بِاٰنِیَةٍ مِّنۡ فِضَّةٍ وَّ اَکۡوَابٍ۔

سوال (۴۴۸) کنزالایمان کے مترجم نے اس آیت سے وصال کی تاریخ کس تاریخ کو کس مہینے اور سن میں کس مقام پر نکالی تھی؟

جواب۔ ۳ر رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ میں بھوالی کے مقام پر۔

سوال (۴۴۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے اپنے وصال سے کتنے گھنٹے اور کتنے منٹ پہلے وصایا شریف قلمبند کرایا تھا؟

جواب۔ دو گھنٹے سترہ منٹ پہلے۔

سوال (۴۵۰) کنزالایمان کے مترجم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بروز جمعہ ۲۵ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۹۲۱ء کو کتنے بج کر کتنے منٹ پر انتقال فرمایا؟

جواب۔ دو بجکر اڑتیس منٹ پر۔

کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی مجدّدیت کا ظہور

سوال (۴۵۱) کنزالایمان کے مترجم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کے فیضانِ مجدّدیت کا ظہور کس سن ہجری میں ہوا؟

جواب۔ ۱۳۰۱ھ میں (۱۱۸)

سوال (۴۵۲) کنزالایمان کے مترجم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کی مجدّدیت کا اعلان سب سے پہلے کس شہر میں کس کی زبان سے کس سن عیسوی میں ہوا؟

جواب۔ پٹنہ شہر (بہار) کے ایک جلسہ میں ،مولانا عبدالمقتدر بدایونی کی زبان سے ۱۹۰۰ء میں 'مجدّد مائۃ حاضرہ'' کا اعلان ہوا (۱۱۹)

سوال (۴۵۳) ''پٹنہ شہر'' کا مذکورہ جلسہ کن تاریخوں اور کس سن میں ہوا؟

جواب۔ ۱۶/۱۷/۱۸/ رجب ۱۳۱۸ھ/۱۰/۱۱/۱۲/ نومبر ۱۹۰۰ء میں۔

سوال (۴۵۴) کنزالایمان کے مترجم مذکورہ جلسہ میں موجود تھے؟

جواب۔ جی ہاں (۱۲۰)

سوال (۴۵۵) کنزالایمان کے مترجم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کو علمائے حرمین شریفین نے کس سن عیسوی میں ''چودھویں صدی کا مجدّد برحق'' کے خطاب سے نوازا؟

جواب۔۱۳۲۳ھ میں (۱۲۱)

''اعلیٰ حضرت مجدد اعظم رحمۃ اللہ علیہ ہر علم اور ہر فن کے مجدد تھے، علوم دینیہ کے ساتھ فن توقیت، سائنس، فلسفہ، الٰہیات، جفر وغیرہا کے بھی مجدد تھے''

سوال(۴۵۶) مندرجہ بالا جملہ والفاظ کس کے ہیں؟

جواب۔برہان ملت مولانا برہان الحق مفتی اعظم جبل پور کے۔

سوال(۴۵۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے جنازے کی نماز جس مقام پڑھی گئی اس مقام کا نام بتایئے؟

جواب۔واقع عیدگاہ، جہاں بریلی شریف کے لوگ عید کی نماز پڑھا کرتے تھے۔

سوال(۴۵۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے جنازے کی نماز میں بقول سید الطاف علی بریلوی کتنے ہزار لوگوں کا ہجوم تھا؟

جواب۔کم از کم دس ہزار عقیدت مندوں کا۔

کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا اور فقہی معلومات

سوال(۴۵۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ''وہ پانی جس سے وضو جائز ہے'' اس کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

جواب۔ایک سو ساٹھ قسمیں (۱۲۲)

سوال(۴۶۰) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''وہ پانی جس سے وضو ناجائز ہے'' اس کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

جواب۔ایک سو چھیالیس قسمیں (۱۲۳)

سوال(۴۶۱) کنزالایمان کے مترجم نے پانی کی کتنی ایسی قسمیں بتائی ہیں، جن میں فقہا کا اختلاف ہے؟

جواب۔بیس قسمیں۔

سوال(۴۶۲) کنزالایمان کے مترجم نے پانی کی کتنی ایسی قسمیں بتائی ہیں، جن میں جواز و عدم جواز وضو کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا؟

جواب۔پیتالیس قسمیں۔

سوال(۴۶۳) مذکورہ بالا موضوع پر اعلیٰ حضرت کی کتاب کا نام بتایئے؟

جواب۔سَمُحُ الدّاماء فیما یُورِثُ العَجزِ عنِ الماء (۱۳۳۵ھ/۱۹۱۵ء)

سوال(۴۶۴) کنزالایمان کے مترجم نے وہ چیزیں جن سے ''تیمم جائز ہے'' ان کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

جواب۔ایک سو اکاسی قسمیں (ایضًا) یا ایک سو اکانوے قسمیں (۱۲۵)

سوال(۴۶۵) کنزالایمان کے مُترجم نے وہ چیزیں جن سے ''تیمم ناجائز ہے'' ان کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

جواب۔ایک سو تیس قسمیں (۱۲۶)

سوال(۴۶۶) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے جھینگہ کو مچھلی کہا ہے یا غیر مچھلی؟

جواب۔مچھلی کہا ہے، لکھتے ہیں ''فقیر نے کتب لغت وطب وکتب علمِ حیوان میں بالاتفاق اسی کی تصریح دیکھی کہ وہ مچھلی ہے (۱۲۷)

سوال(۴۶۷) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے نزدیک جھینگہ سے بچنا اولیٰ ہے یا کھانا اولیٰ ہے؟

جواب۔بچنا اولیٰ ہے (۱۲۸)

سوال(۴۶۸) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا کے نزدیک پولس کی وردی میں نماز مکروہ ہے یا جائز ہے، حوالے کے ساتھ بتایئے؟

جواب۔مکروہ ہے (۱۲۹)

سوال(۴۶۹) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے دھوتی پہن کر نماز پڑھنے کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

جواب۔ لکھتے ہیں ''اور دھوتی پہن کر بھی نماز مکروہ ہے کہ اگر لباس ہنود وغیرہ نہ ہو تو کپڑے کا پیچھے گھرسنا ہی نماز کو مکروہ کرنے کے لئے بس ہے'' (۱۳۰)

سوال (۴۷۰) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا سے ایک شخص نے دریافت کیا کے ڈھول سارنگی کے ساتھ قوالی سننا جائز ہے یا نہیں، آپ نے اس کا کیا جواب دیا ہے لکھئے؟

جواب۔ آپ نے تحریر فرمایا کہ ''ایسی قوالی حرام ہے (۱۳۱)

سوال (۴۷۱) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے حضور ﷺ کے نام پاک پر انگوٹھے چومنے سے متعلق ''احکام شریعت'' میں جس کتاب کا نام بتایا ہے، وہ لکھیئے؟

جواب۔ ''منیر العین فی حکم تقبل الابہامین'' (۱۳۲)

سوال (۴۷۲) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''محمد نبی، احمد نبی، نبی احمد'' نام رکھنے کو روا بتایا ہے یا ناجائز؟

جواب۔ حرام بتایا ہے (۱۳۳)

سوال (۴۷۳) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''نبیہ'' کے معنی کیا بتایا ہے؟

جواب۔ (۱) بیدار (۲) ہوشیار (۱۳۴)

سوال (۴۷۴) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''غفور الدین'' نام رکھنے کو اچھا کہا یا خراب؟

جواب۔ سخت قبیح وشنیع بتایا ہے۔

سوال (۴۷۵) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''غفور الدین'' کا معنی کیا بتایا ہے؟

جواب۔ دین کا مٹانے والا۔ (۱۳۵)

سوال (۴۷۶) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے بتایا ہے کہ سال کی چار تاریخوں میں زوال کا وقت ایک ہی ہے، وہ چار تاریخیں کون کونسی ہیں؟

جواب۔ ۱۶/اپریل، ۱۵/جون، ۱/ستمبر، ۲۵/دسمبر (۱۳۶)

سوال (۴۷۷) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''حضرت سلیمان علیہ السلام'' کی

روح پرواز ہونے کے بعد آپ کے کتنے دنوں تک کھڑے رہنے کا ذکر کیا ہے؟

جواب۔ ایک سال تک۔

سوال (۴۷۸) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''طلاق'' کی کتنی قِسمیں لکھی ہیں؟

جواب۔ تین قسمیں۔ رجعی، بائن، مغلظہ۔

سوال (۴۷۹) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''مسجد'' میں دنیاوی باتیں کرنے یا ہنسنے کے متعلق کیا لکھا ہے؟

جواب۔ لکھا ہے کہ ''مسجد میں دنیا کی بات نیکیوں کو ایسے کھاتی ہے جیسے آگ لکڑی کو، اور مسجد میں ہنسنا قبر میں اندھیرا لاتا ہے (۱۳۷)

سوال (۴۸۰) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے ''ناجائز روپیہ یعنی جو سود وشراب و رشوت سے حاصل کیا گیا ہو اگر اسے کسی نیک کام، مسجد، مدرسہ، چاہ، نیاز، فاتحہ، عرس وغیرہ میں لگایا جائے تو جائز ہے یا ناجائز؟ کے جواب میں کیا لکھا ہے؟

جواب۔ حرام روپیہ کسی کام میں لگانا جائز نہیں، نیک کام ہو یا اور، سوا اس کے کہ جس سے لیا اسے واپس کردے (۱۳۸)

کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا اور سائنسی معلومات

سوال (۴۸۱) ''سمندر کے نیچے آگ ہے'' اس کا ثبوت ''امام احمد رضا نے'' قرآن پاک کی کس آیت سے دیا ہے؟

جواب۔ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ، سے (۱۳۹)

سوال (۴۸۲) امام احمد رضا نے حدیث پاک کے وہ الفاظ ''زمین کے نیچے آگ ہے'' اس کا جو ثبوت پیش کیا ہے، وہ عبارت سنائیے؟

جواب۔ اِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا۔

سوال (۴۸۳) امام احمد رضا نے لکھا ہے کہ ''بحر الکاہل سے دھواں نکلنا شروع ہوا اور مادّہ

آتشی کہ قعر دریا سے نکلا تھا مجتمع و منجمد ہو کر سطح آب پر بشکل جزیرہ ہو گیا'' یہ واقعہ کس سن عیسوی میں پیش آیا تھا؟

جواب۔۱۰۵۶ء میں۔

سوال (۴۸۴) امام احمد رضا نے اس واقعہ سے متعلق مزید لکھا ہے کہ ''اُس میں سوراخ تھے جن میں سے ایسے شعلے نکلتے کہ دس میل تک روشن کرتے'' حضرت رضا کی تحریر کی روشنی میں بتایئے کہ ایسا کس سبب کی بنیاد پر ہوا؟

جواب۔''طوفانِ آب کے اسباب سے ایک سبب دریا کے اندر بخار و دخان کا پیدا ہونا ہے''۔

سوال (۴۸۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کے نزدیک اگر ۳۰؍شعبان المعظم کو دن میں زوال سے پہلے چاند نظر آئے تو ۲۹؍شعبان کا مانا جائے گا یا تیس کا؟

جواب۔۲۹؍شعبان المعظم کا مانا جائے گا۔

سوال (۴۸۶) اگر ۳۰؍شعبان المعظم کو زوال کے بعد چاند نظر آئے تو چاند ۲۹؍شعبان کا مانا جائے گا یا ۳۰؍شعبان کا؟

جواب۔۳۰؍شعبان کا مانا جائے گا (۱۴۰)

سوال (۴۸۷) دن میں چاند کا نظر آنا ممکن ہے؟

جواب۔تقریباً ۳۰؍سال پہلے راقم نے اپنے گاؤں میں بہت سے لوگوں کے ساتھ بعد نماز ظہر ۳۰؍شعبان کو چاند دیکھا تھا، جتنے منھ اتنی باتیں، کے مصداق کوئی کہتا تھا، کل ۲۹؍کا چاند ہے، کوئی کہتا تھا قیامت کی نشانیوں میں سے نشانی ہے وغیرہ وغیرہ۔

سوال (۴۸۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے تحریر فرمایا ہے کہ ''مہینہ انتیس کا ہوتا ہے تو (چاند) ایک رات بیٹھتا ہے، تیس کا ہو تو دو رات، پھر آج صبح کو طلوع شمس سے پہلے چاند جانب شرق نظر آیا تھا، اور شام کی نسبت شہادت شرعی رویت پر گذری'' تو قبول کی جائے گی یا نہیں؟

جوب۔بلاشبہ قبول کی جائے گی اور یہ لحاظ نہ ہوگا کہ آج صبح تک تو چاند موجود تھا، بن ڈوبے

کیوں کر ہلال ہو گیا (۱۴۱)

سوال (۴۸۹) امام احمد رضا نے ''خلیج فوندی، شہر برستول کے قریب جہاں نہر سفرن سمندر میں گرتی ہے وہاں جوار بھاٹا کا پانی کتنے فٹ بلند ہونا بتایا ہے؟

جواب۔ستّر فِٹ (۱۴۲)

سوال (۴۹۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے موسم سرما میں سمندر میں صبح کا مد زیادہ بتا ہے یا شام کا؟

جواب۔صبح کا

سوال (۴۹۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے موسم گرما میں شام کا مد زیادہ بتایا ہے یا صبح کا؟

جواب۔شام کا (۱۴۳)

سوال (۴۹۲) امام احمد رضا کی تحقیق کے مطابق موسم گرما میں دو پہر کو گرمی زیادہ پڑتی ہے یا سہ پہر کو؟

جواب۔سہ پہر کو (۱۴۴)

سوال (۴۹۳) امام احمد رضا نے موسم سرما کے متعلق رات کو سردی کا پڑنا زیادہ بتایا ہے یا صبح کو؟

جواب۔صبح کو (۱۴۵)

سوال (۴۹۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ''امریکی میٹرولوجسٹ'' البرٹ' ایف پورٹا کے رد میں ''معین مبین بہر دور شمس و سکون زمین'' کس سن عیسوی میں تحریر فرمایا تھا؟

جواب۔۱۹۱۹ء میں (۱۴۶)

سوال (۴۹۵) امام احمد رضا نے ہوا اور پانی دونوں میں سے لطیف تر کس کو بتایا ہے؟

جواب۔ہَوا کو (۱۴۷)

سوال (۴۹۶) امام احمد رضا نے ''زمین'' کے ساکن ہونے پر ایک سو پانچ دلیلیں پیش کی

ہیں بتایئے ان میں سے کتنی دلیلیں کتابوں سے لی ہیں اور کتنی ان کی ایجاد ہیں؟

جواب۔ پندرہ دلیلیں کتابوں سے لیں ہیں اور نوّے ان کی ایجاد ہیں (۱۴۸)

سوال (۴۹۷) پندرہ دلیلیں کتابوں سے اور نوے ان کی اپنی ایجاد ہے، کیا اعلیٰ حضرت نے خود ایسا لکھا ہے تو بتایئے؟

جواب۔ بحمد اللہ تعالیٰ ایک سو پانچ دلیلیں ہیں نوے خاص ہماری ایجاد اور پندرہ اگلوں سے (۱۴۹)

سوال (۴۹۸) امام احمد رضا نے ''عطارد'' کی رفتار ایک گھنٹہ میں کتنے میل بتائی ہے؟

جواب۔ ایک لاکھ پانچ ہزار تین سوتیس میل (۱۵۰)

سوال (۴۹۹) اور نیچون ایک گھنٹہ میں کتنے میل چلتا ہے؟

جواب۔ گیارہ ہزار نوسواٹھاون میل (۱۵۱)

سوال (۵۰۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ''فوزِ مُبین در ردِّ حرکتِ زمین'' کس سن ھجری میں تصنیف فرمائی؟

جواب۔ ۱۳۳۸ھ میں۔

سوال (۵۰۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ''فوز مبین در ردّ حرکت زمین'' میں کس کے نظریات کا تعاقب کیا ہے؟

جواب۔ ''نیوٹن'' اور ''آئین اسٹائن'' کے نظریات کا۔

سوال (۵۰۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا کی طرح کسی سائنسداں نے نیوٹن کے نظریہ کی تردید کی ہے؟

جواب۔ ۱۹۸۲ء رائچور (کرناٹک) میں ہندوستانی سائنسدانوں کی ایک روزہ کانفرنس تھی ،جس میں بعض سائنسدانوں نے اپنے ۲۳ رسالہ تجربہ ومشاہدہ کی بنیاد پر نیوٹن کے نظریۂ کشش ثقل کو رد کیا اور دوسرے سائنسدانوں کو دعوتِ غور فکر دی (۱۵۲)

سوال (۵۰۳) ''آئین اسٹائن'' کے نظریہ کو بھی غلط قرار دیا گیا ہے؟

جواب۔ ''آئین اسٹائن'' کے نظریہ کی تردید میں ''مسٹر برنٹ'' and.dr.einstien theunuerse نے کتاب تحریر کی (۱۵۳)

سوال (۵۰۴) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا نے کن کن سائنسدانوں کے نظریات کی تردید کی ہے؟

جواب۔ نیوٹن، کاپرنیکس، کیپلر، آئن سٹائن، ایف البرٹ پورٹا وغیرہ کی ہے۔

سوال (۵۰۵) کیا نیوٹن کے حرکتِ زمین کے نظریہ کو اور بھی سائنسدانوں نے باطل قرار دیا ہے؟

جواب۔ جی ہاں فاضلہ زہرہ مرزا قادری، سیّد محمد تقی، پروفیسر وائن برگ، اصغر علی وغیرہ نے (۱۵۴)

سوال (۵۰۶) وہ پروفیسر صاحب جنھوں نے ۱۴ر جمادی الاوّل ۱۳۳۹ھ کو امام احمد رضا کو ایک مکتوب بھیجا تھا جس میں حرکت زمین کی تائید میں قرآنی آیات وتفاسیر کے علاوہ سائنسی حوالے بھی درج کئے تھے اور امام احمد سے درخواست کی تھی کہ آپ حرکت زمین کے قائل ہو جائیں، اس پروفیسر صاحب کا نام بتایئے؟

جواب۔ پروفیسر مولانا حاکم علی صاحب۔

سوال (۵۰۷) پروفیسر حاکم علی صاحب کی درخواست پر امام احمد رضا نے کیا جواب دیا؟

جواب۔ امام احمد رضا نے ''نزول آیات فرقان بسکون زمین وآسمان'' نامی رسالہ لکھ کر جس میں قرآنی آیات اور تفاسیر سے حاکم علی صاحب کے دلائل کو کاٹتے ہوئے سائنسدانوں کے نظریات کارد کیا۔

سوال (۵۰۸) ''فوز مبین در ردّ حرکت زمین'' کے کچھ حصے ماہنامہ ''الرضا'' بریلی میں قسط وار شائع ہوئے، بتایئے اس کے بعد کس ماہنامہ میں ''فوز مبین'' قسط وار شائع ہوئی؟

جواب۔ ماہنامہ ''رضائے مصطفےٰ'' گوجرانوالہ، میں۔

سوال (۵۰۹) وہی قسطیں پھر اگست، ستمبر ۱۹۸۳ء شمارہ نمبر ۹، ۱۰ر کے کس ماہنامہ میں شائع

ہوئیں؟

جواب۔ ماہنامہ ''سنّی دنیا'' بریلی شریف میں۔

سوال(۵۱۰) پرور فیسر ابرار صاحب نے ایک مقالہ ''مقدمہ رسالہ فوزمبین دَرردِ حرکت زمین'' لکھاوہ مقالہ کس سالنامہ کے کس سن میں شائع ہوا؟

جواب۔ سالنامہ ''معارف رضا'' پاکستان کے ۱۹۸۵ء میں شائع ہوا (۱۵۵)

سوال(۵۱۱) ''امام احمد رضا جدید سائنس کی روشنی میں'' مقالے لکھنے والے اسکالر کا نام بتایئے؟

جواب۔ ایم حسن امام۔

سوال(۵۱۲) ''امام احمد رضا بحیثیت منطقی وفلسفی'' کے قلم کار کا نام لکھئے؟

جواب۔ مفتی شبیر حسن بستوی۔

سوال(۵۱۳) ''عہد حاضر کا تہافت الفلاسفہ'' کے محرر کا نام کیا ہے؟

جواب۔ علامہ شبیر احمد غوری۔

سوال(۵۱۴) ''جدید وقدیم سائنسی افکار ونظریات اور امام احمد رضا'' جیسے عنوان پر خامہ فرسائی کرنے والے پروفیسر کا نام بتایئے؟

جواب۔ پروفیسر محمد مسعود احمد۔

سوال(۵۱۵) ''رسالہ درعلم لوگارثم کے چند حواشی'' نام کا مقالہ کس نے لکھا؟

جواب۔ پروفیسر ابرار حسین۔

سوال(۵۱۶) امام احمد رضا ایک عظیم سائنس داں'' کے تحریر کرنے والے کون ہیں؟

جواب۔ سید ریاست علی قادری۔

سوال(۵۱۷) ''علم جفر اور امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی'' کے مضمون نگار کا نام بتایئے؟

جواب۔ شاد گیلانی۔

سوال(۵۱۸) ''امام احمد رضا خاں علم الآثار کا عظیم محقق'' کس نے قلمبند کیا ہے؟

جواب۔ ظاہر شاہ قادری نے۔

سوال(۵۱۹) استخراج لوغا ژعات اور اعلیحضرت'' کے لکھنے والے قلم کار کا نام بتایئے؟

جواب۔ پروفیسر ابرار حسین۔

سوال(۵۲۰) ''نظریہ حرکت زمین اور احمد رضا خان بریلوی'' کس نے لکھا ہے؟

جواب۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے (۱۵۶)

کنزالایمان کی تاریخ

سوال(۵۲۱) کنزالایمان کس سن ھجری میں ترجمہ ہوا؟

جواب۔ ۱۳۳۰ھ مطابق ۱۹۱۱ء میں

سوال(۵۲۲) کنزالایمان کا پورا نام بتایئے؟

جواب۔ کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن۔

سوال(۵۲۳) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن'' کے اعداد کتنے ہوتے ہیں؟

جواب۔ ۱۳۳۰

سوال(۵۲۴) کنزالایمان کا معنی بتایئے؟

جواب۔ ایمان کا خزانہ

سوال(۵۲۵) کنزالایمان کا املا کس عالمِ دین کے قلم سے ہوا تھا؟

جواب۔ صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی (مصنّف بہارِ شریعت) کے قلم سے۔

سوال(۵۲۶) ''کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن'' کا سب سے پہلا ایڈیشن کس مطبع میں طبع ہوا؟

جواب۔ مطبع نعیمی مراد آباد میں۔

سوال(۵۲۷) ''کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن'' کا پہلا ایڈیشن رف کاغذ پر کتنے صفحات پر مشتمل تھا؟

جواب۔۴۸۸ رصفحات پر۔

سوال(۵۲۸) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، سب سے پہلے کس سن عیسوی میں شائع ہوا؟

جواب۔۱۳۳۰ھ میں۔

سوال(۵۲۹) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، کادوسرا ایڈیشن کس مطبع نے شائع کیا؟

جواب۔مطبع اہلسنّت، مرادآبادنے۔

سوال(۵۳۰) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، کامذکورہ دونوں ایڈیشن کے ساتھ کس مفسّر کی تفسیر شائع ہوئی تھی؟

جواب۔کسی مفسر کی نہیں۔

سوال(۵۳۱) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن،محشّی بتفسیر ''خزائن العرفان'' سب سے پہلے کس کمپنی نے شائع کیا؟

جواب۔تاج کمپنی نے۔

سوال(۵۳۲) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، کوتاج کمپنی نے کس سن عیسوی میں شائع کیا؟

جواب۔۱۹۶۳ء میں۔

سوال(۵۳۳) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، کوتاج کمپنی نے کتنے صفحات پرشائع کیا تھا؟

جواب۔۸۸۸ رصفحات پر۔

سوال(۵۳۴) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، کوتاج کمپنی نے کتنے انچ طول وعرض کے کاغذ پر شائع کیا تھا؟

جواب۔طول گیارہ انچ، عرض ساڑھے سات انچ کے کاغذ پر۔

سوال(۵۳۵) کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن، کوتاج کمپنی نے تحریف کرکے کس نام سے شائع کیا تھا؟

جواب۔''رفیع الشان ترجمہ قرآن عظیم'' کے نام سے۔(۱۵۷)

کنزالایمان میں کچھ محاوروں کی نشاندہی

سوال(۵۳۶) کنزالایمان بامُحاوَرہ ترجمہ ہے یالفظی ترجمہ؟

جواب۔بامحاورہ ترجمہ ہے۔

سوال(۵۳۷) کچھ محاوروں کی نشاندہی کیجئے؟

جواب۔ملاحظہ کیجئے، آیت کا ترجمہ اور آیت نمبر کے بعد قوسین () میں محاورہ، جس آیت کا حوالہ پیش کیاجائے گا، اس آیت کے کسی نہ کسی جز میں آپ کو یہ ترجمہ مل جائے گا۔

سوال(۵۳۸) محاورہ نمبرایک بتایئے؟

جواب۔ترجمہ!اوروہی مرادکوپہنچے(البقرۃ آیت ۵) محاورہ(مرادکوپہنچنا)

سوال(۵۳۹) محاورہ نمبردوسنایئے؟

جواب۔ترجمہ!اور فریب دیا چاہتے ہیں اللہ اور ایمان والوں کو(البقرۃ آیت ۹) محاورہ(فریب دینا)

سوال(۵۴۰) محاورہ نمبرتین بتایئے؟

جواب۔ترجمہ!اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں(البقرۃ ۱۹) محاورہ(کانوں میں انگلی دینا، انگلی رکھنا)

سوال(۵۴۱) محاورہ نمبرچار کی نشان دہی کیجئے؟

جواب۔ترجمہ!وہ جواللہ کے عہد کوتوڑتے ہیں(البقرۃ ۲۷) محاورہ(عہدتوڑنا)

سوال(۵۴۲) محاورہ نمبرپانچ لکھئے؟

جواب۔ترجمہ!اوریہ کہ سارے زمانے پرتمہیں بڑائی دی(البقرۃ ۴۷) محاورہ(بڑائی دینا)

سوال(۵۴۳) محاورہ نمبرچھ کی نشاندہی کیجئے؟

جواب۔ترجمہ!اورظالموں نے بات بدل دی(البقرۃ ۵۹) محاورہ(بات بدلنا)

سوال(۵۴۴) محاورہ نمبر سات پڑھ کر سُنائیے؟

جواب۔ترجمہ!اور جب ہم نے تم سے عہد لیا(البقرۃ۶۳) محاورہ(عہد لینا)

سوال(۵۴۵) محاورہ نمبر آٹھ کی آیت بتائیے؟

جواب۔ترجمہ!تو اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم ٹوٹے والوں میں ہو جاتے (البقرۃ۶۴) محاورہ(فضل ہونا،ٹوٹا پڑنا،ٹوٹا ہونا)

سوال(۵۴۶) محاورہ نمبر نو بتائیے؟

جواب۔ترجمہ!بے شک گائیوں میں ہم کو شبہ پڑ گیا(البقرۃ۷۰) محاورہ(شبہ پڑنا،شبہ ہونا)

سوال(۵۴۷) محاورہ نمبر دس بتائیے؟

جواب۔ترجمہ!اور اللہ چاہے تو ہم راہ پا جائیں گے(البقرۃ۷۰) محاورہ(راہ پانا)

سوال(۵۴۸) محاورہ نمبر گیارہ لکھئے؟

جواب۔ترجمہ!اور یہود بولے ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہیں(البقرۃ ۸۸) محاورہ (پردہ پڑنا،پردہ پڑ جانا)

سوال(۵۴۹) محاورہ نمبر بارہ بتائیے؟

جواب۔ترجمہ!اللہ کی کتاب اپنے پیٹھ پیچھے پھینک دی(البقرۃ۱۰۱) محاورہ(پیٹھ پیچھے ڈال دینا،پھینک دینا)

سوال(۵۵۰) محاورہ نمبر تیرہ بتائیے؟

جواب۔ترجمہ!اور بیشک کیا بُری چیز ہے وہ جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانیں بیچیں(البقرۃ۱۰۲) محاورہ(جان بیچنا)

سوال(۵۵۱) محاورہ نمبر چودہ بتائیے؟

جواب۔اے ایمان والو راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں (۱۰۴) محاورہ (نظر رکھنا)

سوال(۵۵۲) محاورہ نمبر پندرہ بتائیے؟

جواب۔تو شعیب نے ان سے منہ پھیرا۔الخ(الاعراف۹۳) محاورہ(منہ پھیرنا)

سوال(۵۵۳) محاورہ نمبر سولہ بتائیے؟

جواب۔اور ہم ان کے دلوں پر مہر کرتے ہیں۔۔الخ(سورۃ الاعراف،آیت ۱۰۰) محاورہ (مہر کرنا/لگانا)

سوال(۵۵۴) محاورہ نمبر سترہ لکھیئے؟

جواب۔اور اللہ یونہی چھاپ لگا دیتا ہے کافروں کے دلوں پر(سورۃ الاعراف آیت ۱۰۱) محاورہ(چھاپ لگانا)

سوال(۵۵۵) محاورہ نمبر اٹھارہ کی نشاندہی کیجیئے؟

جواب۔لوگون کی آنکھوں پر جادو کر دیا(سورۃ الاعراف،آیت۱۰۶) محاورہ(جادو کرنا)

سوال(۵۵۶) محاورہ نمبر انیس لکھیئے؟

جواب۔اور آخر میدان پرہیز گاروں کے ہاتھ ہے(سورۃ الاعراف، آیت ۱۲۸) محاورہ (میدان ہاتھ میں آنا/میدان ہاتھ ہونا)

سوال(۵۵۷) محاورہ نمبر بیس بتائیے؟

جواب۔غصہ میں بھرا جھنجلایا ہوا (سورۃ الاعراف،آیت۱۵۰) محاورہ(غصہ میں بھر جانا/غصہ میں بھرنا)

کنزالایمان کی روشنی میں سورتوں،آیتوں اور رکوعات کی معلومات

سوال(۵۵۸) کنزالایمان میں،بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔کا جو ترجمہ ہے،وہ لکھئے؟

جواب۔اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

سوال(۵۵۹) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ نے ’’سورۃ الفاتحہ‘‘ میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔سات(۷) آیتیں اور ایک(۱) رکوع۔

سوال (۵۶۰) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ نے ''سورۃ الفاتحہ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟

جواب۔ مکّی

سوال (۵۶۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ نے سورہ ''البقرہ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، دوسو چھیاسی (۲۸۶) آیتیں اور چالیس (۴۰) رکوع۔

سوال (۵۶۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ نے سورہ بقرہ میں ''ذٰلِکَ'' کا ترجمہ ''وہ'' کیا ہے یا ''یہ''؟

جواب۔ ''وہ'' کیا ہے۔

سوال (۵۶۳) کنزالایمان کے مُترجم امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ نے سورہ ''الِ عمران'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، دوسو (۲۰۰) آیتیں اور بیس (۲۰) رکوع۔

سوال (۵۶۴) کنزالایمان کے مترجم رحمۃ اللہ علیہ نے ''اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ'' میں ''وھّاب'' کا ترجمہ کیا کیا ہے؟

جواب۔ بڑا دینے والا۔

سوال (۵۶۵) کنزالایمان کے مترجم اعلیحضرت قدس سرہٗ نے سورہ ''النِّسَآءِ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، ایک سو چھہتّر (۱۷۶) آیتں اور چوبیس (۲۴) رکوع۔

سوال (۵۶۶) کنزالایمان کے مترجم قدس سرہٗ نے ''النّساءِ'' کی آیت نمبر ۳۴ کے اس جز کا ''اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَاءِ'' کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب۔ مرد افسر ہیں عورتوں پر۔

سوال (۵۶۷) آیت نمبر ۱۳۵ر کے اس جز'' فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرً''

کا ترجمہ کیا کیا ہے؟

جواب۔ تو اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

سوال (۵۶۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ المائدۃ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، ایک سو بیس (۱۲۰) آیتیں اور سولہ (۱۶) رکوع۔

سوال (۵۶۹) ''سورۃ المائدۃ'' میں ''ہابیل اور قابیل'' کے تذکرے ہیں؟

جواب۔ جی ہاں آیت ۲۶ر تا ۳۱ر کا ترجمہ پڑھ لیجئے۔

سوال (۵۷۰) کنزالایمان سے آیت نمبر ۳۰ر۳۱ر کا ترجمہ سنا دیجئے؟

جواب۔ تو اس کے نفس نے اُسے بھائی کے قتل کا چاؤ دلایا تو اُسے قتل کر دیا تو رہ گیا نقصان میں ☆ تو اللہ نے ایک کوّا بھیجا زمین کریدتا کہ اُسے دکھائے، کیوں کر اپنے بھائی کی لاش چھپائے، بولا ہائے خرابی میں اس کوّے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ میں اپنے بھائی کی لاش چھپاتا تو پچھتاتا رہ گیا۔

سوال (۵۷۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الانعام'' کو مکّیہ، بتایا ہے یا مدنیہ؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّیہ، ایک سو پینسٹھ (۱۶۵) آیتیں اور بیس (۲۰) رکوع۔

سوال (۵۷۲) کنزالایمان سے ''سورۃ الانعام'' کی آیت نمبر (۱۰) کا ترجمہ سُنا دیجئے؟

جواب۔ ''اور ضرور اے محبوب تم سے پہلے رسولوں کے ساتھ ٹھٹا کیا گیا تو وہ جو اُن سے ہنستے تھے ان کی ہنسی انھیں کو لے بیٹھی''

سوال (۵۷۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الاعراف'' کو مکّیہ بتایا ہے یا مدنیہ؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں

جواب۔ مکّیہ، دوسو چھ (۲۰۶) آیتیں اور چوبیس (۲۴) رکوع۔

سوال (۵۷۴) سورۃ الاعراف، کی پہلی آیت کا ترجمہ لکھئے؟

جواب۔ ”اے محبوب! ایک کتاب تمہاری طرف اُتاری گئی تو تمہارا جی اُس سے نہ رُکے، اس لئے کہ تم اس سے ڈر سناؤ اور مسلمانوں کو نصیحت“

سوال (۵۷۵) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ”سورۃ الانفال“ کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، پچھتّر (۷۵) آیتیں اور دس (۱۰) رکوع۔

سوال (۵۷۶) کنز الایمان سے ”سورۃ الانفال“ کی آیت نمبر ۴۵ کا ترجمہ پڑھ کر سنائے؟

جواب۔ ”اے ایمان والو جب کسی فوج سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کی یاد بہت کرو کہ تم مراد کو پہونچو“

سوال (۵۷۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ”سورۃ التّوبۃ“ کو مکّیہ بتایا ہے یا مدنیہ؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنیہ، ایک سو انتیس (۱۲۹) آیتیں اور سولہ (۱۶) رکوع بتائے ہیں۔

سوال (۵۷۸) سورہ توبہ میں نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کا حکم کس آیت میں ہے ، آیت اور اس کا ترجمہ بتائیے؟

جواب۔ آیت (۶) ترجمہ! ”اور اے محبوب اگر کوئی مشرک تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دو کہ وہ اللہ کا کلام سُنے، پھر اُسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دو، یہ اس لئے کہ وہ نادان لوگ ہیں“

سوال (۵۷۹) کنز الایمان کے مترجم قدس سرہٗ نے ”سورۃ یونس“ کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، ایک سو نو (۱۰۹) آیتیں اور گیارہ (۱۱) رکوع

سوال (۵۸۰) سورۂ یونس کی کس آیت میں ہے کہ جھوٹ بولنے والے کا بھلا نہیں ہوتا، آیت نمبر بتائیے اور ترجمہ بھی سنائیے؟

جواب۔ آیت نمبر (۶۹) ترجمہ! ”تم فرماؤ وہ جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا“۔

سوال (۵۸۱) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ”سورۃ ھود“ کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، ایک سو تئیس آیتیں (۱۲۳) اور دس (۱۰) رکوع

سوال (۵۸۲) سورہ ”ھود“ میں صحیح ناپ تول کا حکم کس آیت میں ہے؟

جواب۔ آیت (۸۴) کا ایک جز ہے ”وَلَا تَنۡقُصُوا الۡمِكۡيَالَ وَالۡمِيۡزَانَ“ ترجمہ! اور ناپ اور تول میں کمی نہ کرو۔

سوال (۵۸۳) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ”سورۂ یوسف“ کو مکّی لکھا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی لکھا ہے، ایک سو گیارہ (۱۱۱) آیتیں اور بارہ (۱۲) رکوع۔

سوال (۵۸۴) سورہ یوسف، میں ہے کہ اہل علم کے درجات کو بلند کیا گیا ہے، وہ آیت اور اس کا ترجمہ پیش کیجئے؟

جواب۔ ”نَرۡفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنۡ نَّشَاءُ“ آیت ۷۶۔ ترجمہ! ہم جسے چاہیں درجوں بلند کریں۔

سوال (۵۸۵) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ”سورۃ الرّعد“ کو مدنی بتایا ہے یا مکّی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، تینتالیس (۴۳) آیتیں اور چھ (۶) رکوع۔

سوال (۵۸۶) سورہ رعد، میں معیشت کا تذکرہ کس طرح سے درج ہے؟

جواب۔ ترجمہ! ”اللہ جس کے لئے چاہے رزق کشادہ اور تنگ کرتا ہے“

سوال (۵۸۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ”سورۂ ابراھیم“ کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، باون (۵۲) آیتیں اور سات () رکوع۔

سوال (۵۸۸) ماں باپ کی بخشش کی دعا جو سورۂ ابراہیم میں ہے سنائیے؟

جواب۔ ترجمہ! اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو

جس دن حساب قائم ہوگا"

سوال (۵۸۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے "سورۃ الحجر" کو مکّی کہا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، ننانوے (۹۹) آیات اور چھ (۶) رکوع بتائے ہیں۔

سوال (۵۹۰) شیطان نے قیامت تک کی مہلت مانگی تھی اسکا تذکرہ "سورۂ حجر" میں ہے تو بتایئے؟

جواب۔ ترجمہ! بولا اے میرے رب تو مجھے مہلت دے اس دن تک کے لئے کہ وہ اٹھائے جائیں" (۳۶)

سوال (۵۹۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے "سورۂ النحل" کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) آیتیں اور سولہ (۱۶) رکوع۔

سوال (۵۹۲) سورۂ نحل، میں قسم نہ توڑنے کے بیان کی آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ اور اللہ کا عہد پورا کرو جب قول باندھو اور قسمیں مضبوط کر کے نہ توڑو الخ (النحل ۹۱)

سوال (۵۹۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے "سورۂ الاسراء" کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی ایک سو گیارہ (۱۱۱) آیتیں اور بارہ (۱۲) رکوع۔

سوال (۵۹۴) سورۂ الاسراء، کی کس آیت میں ہے کہ قرآن پڑھنے والے کے قریب فرشتے حاضر ہوتے ہیں؟

جواب۔ آیت (۷۸) ترجمہ! نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے سے رات کی اندھیری تک اور صبح کا قرآن بے شک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

سوال (۵۹۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے "سورۂ الکھف" کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی اور ایک سو دس (۱۱۰) آیتیں اور بارہ (۱۲) رکوع۔

سوال (۵۹۶) سورۂ الکھف، کی اس آیت کا ترجمہ سنایئے جس میں ظالموں کے لئے دردناک عذاب کی بات ہے؟

جواب۔ آیت (۲۹) کے ایک جز کا ترجمہ ہے، ترجمہ! بیشک ہم نے ظالموں کے لئے وہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں انہیں گھیر لیں گی۔

سوال (۵۹۷) کنزالایمان مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ کے نے "سورۂ مریم" کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی اور اٹھانوے (۹۸) آیتیں اور چھ (۶) رکوع۔

سوال (۵۹۸) سورہ مریم، کی آیت (۲۰) کا ترجمہ سنایئے، جو حضرت مریم نے حضرت جبریل سے کہا تھا؟

جواب۔ ترجمہ! بولی میرے لڑکا کہاں سے ہوگا مجھے تو کسی آدمی نے ہاتھ نہ لگایا نہ میں بدکار ہوں۔

سوال (۵۹۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے "سورۂ طٰہٰ" کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، ایک سو پینتیس (۱۳۵) آیتیں اور آٹھ (۸) رکوع۔

سوال (۶۰۰) سورۂ طٰہٰ، میں پاک اور مقام مقدسہ پر جانے کا جو ادب بتایا ہے اس آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ "ترجمہ! بے شک میں تیرا رب ہوں تو تو اپنے جوتے اتار ڈال، بیشک تو پاک جنگل طویٰ میں ہے۔

سوال (۶۰۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے "سورۂ الانبیاء" کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی اور ایک سو بارہ (۱۱۲) آیتیں اور سات (۷) رکوع۔

سوال (۶۰۲) سورہ الانبیاء، کی اس آیت کا ترجمہ لکھئے جس میں بے علم کو کہا گیا ہے کہ علم والوں سے پوچھو؟

جواب۔ آیت (۷) کے ایک جز کا ترجمہ ہے، ترجمہ! تو اے لوگو علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہ ہو۔

سوال (۶۰۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الحجّ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی اور اٹھہتر (۷۸) آیتیں اور دس (۱۰) رکوع۔

سوال (۶۰۴) طواف فرض ہے اس کا ذکر ''سورۂ حج'' کی کس آیت میں ہے نشاندہی کیجئے اور ترجمہ بتائیے؟

جواب۔ آیت (۲۹) ترجمہ! پھر اپنا میل کچیل اتاریں اور اپنی منتیں پوری کریں اور اس آزاد گھر کا طواف کریں۔

سوال (۶۰۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ المؤمنون'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی اور ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) آیتیں اور چھ (۶) رکوع۔

سوال (۶۰۶) سورۂ مومنون، کی کس آیت سے ثابت ہے کہ آسمانوں وعرش کا مالک اللہ تعالیٰ ہے، اس آیت کا ترجمہ بتائیے؟

جواب۔ آیت (۸۶) ترجمہ! تم فرماؤ کون ہے مالک، ساتوں آسمانوں کا اور مالک بڑے عرش کا۔

سوال (۶۰۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ النور'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی اور چونسٹھ (۶۴) آیتیں اور نو (۹) رکوع

سوال (۶۰۸) سورۂ نور، کی کس آیت میں ہے کہ نیک عورتوں پر تہمت لگانے والوں کو اسّی

کوڑے لگائیں جائیں اور ان کی گواہی قبول نہ کی جائے؟

جواب۔ آیت (۴) ترجمہ! اور جو پارسا عورتوں کو عیب لگائیں پھر چار گواہ معائنہ کے لئے نہ لائیں تو انہیں اسّی کوڑے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی نہ مانو اور وہی فاسق ہیں۔

سوال (۶۰۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الفرقان'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی اور ستتر (۷۷) آیتیں اور چھ (۶) رکوع۔

سوال (۶۱۰) سورہ فرقان، میں دو دریاؤں کے ایک ساتھ بہنے، دونوں کے پانی کے الگ الگ ذائقے کا ذکر کس آیت میں ہے ترجمہ سنائیے؟

جواب۔ آیت (۵۳) ترجمہ! اور وہی ہے جس نے ملے ہوئے رواں کئے دو سمندر یہ میٹھا ہے نہایت شیریں اور یہ کھاری ہے نہایت تلخ اور ان کے بیچ میں پردہ رکھا اور رکی ہوئی آڑ۔

سوال (۶۱۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الشّعراء'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی اور دو سو ستائیس (۲۲۷) آیتیں اور گیارہ (۱۱) رکوع۔

سوال (۶۱۲) سورۂ شعراء، میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ید بیضا کا تذکرہ کس آیت میں ہے اس آیت کا ترجمہ بتائیے؟

جواب۔ آیت (۳۳) ترجمہ! اور اپنا ہاتھ نکالا تو جبھی وہ دیکھنے والوں کی نگاہ میں جگمگانے لگا۔

سوال (۶۱۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ النّمل'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، ترانوے (۹۳) آیتیں اور سات رکوع۔

سوال (۶۱۴) سورہ نمل، کی جس آیت میں ھُدھُد چڑیا کا ذکر آیا ہے، اس کا ترجمہ پیش کیجئے؟

جواب۔اور (حضرت سلیمان علیہ السلام نے) پرندوں کا جائزہ لیا تو بولا مجھے کیا ہوا کہ میں ھُد ھُد کو نہیں دیکھتا یا وہ واقعی حاضر نہیں۔

سوال (۶۱۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ القصص'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، اٹھاسی (۸۸) آیتیں اور نو (۹) رکوع۔

سوال (۶۱۶) سورہ قصص، میں حضرت شعیب علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی گفتگو کا تذکرہ موجود ہے، حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی بیٹی کے عقد کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال اپنے پاس ملازمت کرنے کے لئے کہا تھا، قرآن پاک کی اس آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔آیت (۲۷) کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنی دونوں بیٹیوں میں سے ایک تمہیں بیاہ دوں ،اس مہر پر کہ تم آٹھ برس میری ملازمت کرو، پھر اگر پورے دس برس کرلو تو تمہاری طرف سے ہے الخ۔

سوال (۶۱۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ العنکبوت'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، انہتر (۶۹) آیتیں اور سات (۷) رکوع۔

سوال (۶۱۸) سورہ عنکبوت، کی آیت نمبر (۴۵) کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ترجمہ! اے محبوب پڑھو جو کتاب تمہاری طرف وحی کی گئی اور نماز قائم فرماؤ بے شک نماز منع کرتی ہے بے حیائی اور بُری بات سے اور بے شک اللہ کا ذکر سب سے بڑا، اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

سوال (۶۱۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الرّوم'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، ساٹھ (۶۰) آیتیں اور چھ (۶) رکوع۔

سوال (۶۲۰) سورۂ روم، میں نیک عمل کرنے والے لوگوں کی خاطر داری کہاں ہوگی، بیان کیا گیا ہے، اس کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔آیت (۱۵) ترجمہ! تو وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے باغ کی کیاری میں ان کی خاطر ہوگی۔

سوال (۶۲۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ لُقمان'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، چونتیس (۳۴) آیتیں اور چار (۴) رکوع۔

سوال (۶۲۲) سورۂ لقمٰن، کی آیت نمبر (۱۳) میں حضرت لقمٰن کی نصیحت موجود ہے جو انہوں نے اپنے بیٹے کو کی تھی ذرا وہ نصیحت سنایئے؟

جواب۔ترجمہ! اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اور وہ نصیحت کرتا تھا، اے میرے بیٹے اللہ کا کسی کو شریک نہ کرنا، بے شک شرک بڑا ظلم ہے۔

سوال (۶۲۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ السّجدۃ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، تیس (۳۰) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۲۴) سورہ سجدہ، سے اس آیت کا ترجمہ پیش کیجیے، جس میں ذکر ہے کہ ہر نہاں اور عیاں کا جاننے والا اللہ ہے؟

جواب۔ترجمہ! یہ ہے ہر نہاں اور عیاں کا جاننے والا عزت و رحمت والا (آیت ۶)

سوال (۶۲۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الأحزاب'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مدنی، تہتر (۷۳) آیتیں اور نو (۹) رکوع۔

سوال (۶۲۶) سورۂ احزاب، کی پہلی آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ کا یوں ہی خوف رکھنا اور کافروں اور

منافقوں کی نہ سننا، بے شک اللہ علم وحکمت والا ہے۔

سوال (۶۲۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ سبا'' کومکی بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، چون (۵۴) آیتیں اور چھ (۶) رکوع۔

سوال (۶۲۸) موت کا وقت بدل نہیں سکتا، سورۂ سبا، کی کس آیت میں اس کا تذکرہ آیا ہے اس کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔تم فرماؤ تمہارے لئے ایک ایسے دن کا وعدہ جس سے تم نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکو اور نہ آگے بڑھ سکو۔

سوال (۶۲۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ فاطِر'' کومکی بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، پینتالیس (۴۵) آیتیں اور پانچ (۵) رکوع۔

سوال (۶۳۰) سورۂ فاطر، کی کس آیت میں اندھیرا، اُجالا، سایہ اور تیز دھوپ کے تذکرے ہیں؟

جواب۔آیت (۲۰۔۲۱) ترجمہ! اور نہ اندھیرا، اور نہ اجالا، اور نہ سایہ اور نہ تیز دھوپ۔

سوال (۶۳۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ یٰس'' کومکی بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکی، تراسی (۸۳) آیتیں اور پانچ (۵) رکوع۔

سوال (۶۳۲) سورہ یٰس، میں صور پھونکے جانے کا ذکر جس آیت میں ہے وہ آیت نمبر اوراس کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔آیت (۵۱) ترجمہ! اور پھونکا جائے گا صور جبھی وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑتے چلیں گے۔

سوال (۶۳۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الصّٰفّٰت'' کومکی

بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، ایک سوبیاسی (۱۸۲) آیتیں اور پانچ (۵) رکوع۔

سوال (۶۳۴) سورۂ الصّٰفّٰت، کی آیت نمبر (۶) کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ترجمہ! اور بیشک ہم نے نیچے کے آسمان کو تاروں کے سنگار سے آراستہ کیا۔

سوال (۶۳۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ صٓ'' کومکی بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، اٹھاسی (۸۸) آیتیں اور پانچ (۵) رکوع۔

سوال (۶۳۶) شیطان کے سجدہ نہ کرنے پر جب اللہ تعالی نے اس سے باز پرس کیا تو اس نے کیا جواب دیا ''سورۂ صٓ'' کی آیت نمبر کے ساتھ ترجمہ بتایئے؟

جواب۔آیت نمبر (۷۶) بولا میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور اسے مٹّی سے پیدا کیا۔

سوال (۶۳۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الزُّمَر'' کومکی بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، پچھتر (۷۵) آیتیں اور آٹھ (۸) رکوع۔

سوال (۶۳۸) ''سورۂ الزّمر'' کی آیت نمبر (۷۰) کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ترجمہ! اور ہر جان کو اس کا کیا بھرپور دیا جائے گا اور اسے خوب معلوم ہے جو وہ کرتے ہیں۔

سوال (۶۳۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ المُؤمِن'' کومکی بتایا ہے یامدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّیہ، پچاسی (۸۵) آیتیں اور نو (۹) رکوع۔

سوال (۶۴۰) سورہ مومن، کی کس آیت میں جزا، سزا اور حساب کا ذکر ہے؟

جواب۔آیت نمبر (۱۷) میں ترجمہ ہے ''آج ہر جان اپنے کئے کا بدلہ پائے گی آج کسی پر

زیادتی نہیں، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

سوال(۶۴۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ حٰمٓ السّجدہ'' کومکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، چون(۵۴) آیتیں اور چھ(۶) رکوع۔

سوال(۶۴۲) ''سورہ حٰمٓ السجدہ'' کی کس آیت میں ہے کہ جب حضور ﷺ قرآن پاک کی تلاوت فرماتے تو کافر غُل مچاتے تھے، ترجمہ بھی سنایئے؟

جواب۔آیت(۲۶) ترجمہ! اور کافر بولے یہ قرآن نہ سنو اور اس میں بیہودہ غل کرو شاید یونہی تم غالب آؤ۔

سوال(۶۴۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الشّوریٰ'' کومکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، ترپن(۵۳) آیتیں اور پانچ(۵) رکوع۔

سوال(۶۴۴) سورۂ الشوریٰ، کی وہ آیت نمبر اور ترجمہ بتایئے، جس میں ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کی توبہ کو قبول فرماتا ہے؟

جواب۔آیت(۲۵) ترجمہ! اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا اور گناہوں سے در گذر فرماتا ہے۔

سوال(۶۴۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الزُّخرُف'' کومکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، نواسی(۸۹) آیتیں اور سات(۷) رکوع۔

سوال(۶۴۶) سورۂ الزخرف، کی، وہ آیتیں اور اس کا ترجمہ بتایئے جس میں اللہ تعالیٰ نے قرآن کی قسم فرما کر فرمایا ہے کہ قران کو میں نے عربی میں اتارا؟

جواب۔آیتیں(۲۔۳) ترجمہ! روشن کتاب کی قسم، ہم نے اسے عربی قرآن اتارا کہ تم سمجھو۔

سوال(۶۴۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الدُّخان'' کومکّی

بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، انسٹھ(۵۹) آیتیں اور تین(۳) رکوع۔

سوال(۶۴۸) دُخان، کے معنی دھواں ہوتا ہے اور سورۂ دخان کی وہ آیت اور اس کا ترجمہ بتایئے جس میں ''دُخان'' کا لفظ آیا ہے؟

جواب۔آیت(۱۰) ترجمہ! توتم اس دن کے منتظر رہو جب آسمان ایک ظاہر دھواں لائے گا۔

سوال(۶۴۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الجاثِیَۃ'' کومکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، سینتیس(۳۷) آیتیں اور چار(۴) رکوع۔

سوال(۶۵۰) جاثیہ، کے معنی ''زانو'' ہے، سورۂ الجاثیہ کی اس آیت کی نشاندہی کر کے ترجمہ بتایئے جس میں لفظ ''جاثیہ'' آیا ہے؟

جواب۔آیت(۲۸) ترجمہ! اور تم ہر گروہ کو دیکھو گے زانو کے بل گرے ہوئے ہر گروہ اپنے نامۂ اعمال کی طرف بلایا جائے گا، آج تمہیں تمہارے کیئے کا بدلہ دیا جائے گا۔

سوال(۶۵۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الأحقاف'' کومکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، پینتیس(۳۵) آیتیں اور چار(۴) رکوع۔

سوال(۶۵۲) احقاف، ایک ریگستانی وادی کا نام ہے، سورہ احقاف کی جس آیت میں لفظ ''احقاف آیا ہے وہ آیت نمبر بتایئے اور اس کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔آیت(۲۱) اور یاد کرو عاد کے ہم قوم کو جب اس نے ان کو سرزمین احقاف میں ڈرایا اور بیشک اس سے پہلے ڈر سنانے والے گزر چکے اور اس کے بعد آئے کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو بیشک مجھے تم پر ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے۔

سوال(۶۵۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ مُحمّد'' کومکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اوراس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، اڑتیس (۳۸) آیتیں اور چار (۴) رکوع۔

سوال (۶۵۴) سورہ محمد، کی اس آیت کی نشادہی اور ترجمہ پیش کیجیئے جس میں نام ''محمد'' (ﷺ) آیا ہے؟

جواب۔ آیت (۲) اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اور اس پر ایمان لائے جو محمد پر اتارا گیا اور وہی ان کے رب پاس سے حق ہے اللہ نے ان کی برائیاں اتار دیں اور ان کی حالتیں سنواریں۔

سوال (۶۵۵) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الفتح'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، انتیس (۲۹) آیتیں اور چار (۴) رکوع۔

سوال (۶۵۶) سورہ الفتح، کی کس آیت میں بتایا گیا ہے کہ رسول حاضر و ناظر ہیں، آیت نمبر کے ساتھ اس کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ آیت (۸) بیشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشی اور ڈر سناتا۔

سوال (۶۵۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الحُجرات'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، اٹھارہ (۱۸) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۵۸) سورہ الحجرات، سے اس آیت کی نشاندہی کیجئے اور ترجمہ بتایئے جس میں لفظ ''حجرات'' آیا ہے؟

جواب۔ آیت (۴) ترجمہ! بیشک وہ جو تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر بے عقل ہیں۔

سوال (۶۵۹) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ ق'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، پینتالیس (۴۵) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۶۰) سورہ ''ق'' کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میں نے زمین و آسمان کی چیزوں کو چھ دن میں بنایا لیکن تھکان میرے پاس نہیں آئی؟

جواب۔ آیت (۳۸) اور بیشک ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا اور تھکان ہمارے پاس نہ آئی۔

سوال (۶۶۱) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الذّاریات'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، ساٹھ (۶۰) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۶۲) ''سورۃ الذّاریات'' کی اس آیت کا ترجمہ پڑھ کر سنایئے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آسمان کو ہم نے ہاتھوں سے بنایا؟

جواب۔ آیت (۴۷۔۴۸) اور آسمان کو ہم نے ہاتھوں سے بنایا اور بیشک ہم وسعت دینے والے ہیں۔

سوال (۶۶۳) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الطُّور'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، انچاس (۴۹) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۶۴) سورہ طور، کی آیت ۹، ۱۰ کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ ترجمہ! جس دن آسمان ہلنا سا ہلنا ہلیں گے اور پہاڑ چلنا سا چلیں گے۔

سوال (۶۶۵) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ النّجم'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، باسٹھ (۶۲) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۶۶) سورہ النجم، کی پہلی آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ ترجمہ! اس پیارے چمکتے تارے محمد (ﷺ) کی قسم جب معراج سے اترے۔

سوال (۶۶۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ القمر'' کو مکّی

بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، پچپن (۵۵) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۶۸) سورۃ القمر، میں کئی جگھوں پر اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ قرآن کا یاد کرنا آسان ہے، ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ اور بیشک ہم نے آسان کیا قرآن یاد کرنے کے لئے تو ہے کوئی یاد کرنے والا۔

سوال (۶۶۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الرحمٰن'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، اٹھتر (۷۸) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۷۰) سورہ رحمٰن، میں انسانیت کی جان کس کو کہا گیا ہے؟

جواب، حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کو۔

سوال (۶۷۱) جس آیت میں آپ ﷺ کو انسانیت کی جان کہا گیا ہے، اس کا ترجمہ بتایئے اور آیت نمبر بھی؟

جواب۔ ترجمہ! انسانیت کی جان محمد (ﷺ) کو پیدا کیا (آیت ۳)

سوال (۶۷۲) قیامت میں مجرم کیسے پہچانے جائیں گے اور کسطرح سے جہنم میں ڈالے جائیں گے، سورۃ الرحمٰن کی آیت کی نشاندہی ترجمہ کے ساتھ بتا کیجئے؟

جواب۔ آیت (۴۱) ترجمہ! مجرم اپنے چہرے سے پہچانے جائیں گے، تو ماتھا اور پاؤں پکڑ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے۔

سوال (۶۷۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الواقعہ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّیہ، چھیانوے (۹۶) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۷۴) قرآن عزّت والا ہے، اسے باوضو چھونے کا حکم ہے، سورۃ الواقعہ، کی ان آیتوں کی نشاندہی کے ساتھ ترجمہ پیش کیجئے؟

جواب۔ آیت ۷۷، ۷۸ ترجمہ! بیشک یہ عزّت والا قرآن ہے، محفوظ نوشتہ میں، اسے نہ چھوئیں مگر باوضو۔

سوال (۶۷۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الحدید''، کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، انتیس (۲۹) آیتیں اور چار (۴) رکوع۔

سوال (۶۷۶) سورۃ الحدید، کی اس آیت کا وہ جز پیش کیجئے، جس میں لفظ ''حدید'' آیا ہے؟

جواب۔ آیت (۲۵) وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ، ترجمہ! اور ہم نے لوہا اتارا۔

سوال (۶۷۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ المجادلۃ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، بائیس (۲۲) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۷۸) سورہ مجادلہ، کی پہلی آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ بیشک اللہ نے سُنی اس کی بات جو تم سے اپنے شوہر کے معاملہ میں بحث کرتی ہے اور اللہ سے شکایت کرتی ہے اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سُن رہا ہے۔

سوال (۶۷۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الحشر''، کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، چوبیس (۲۴) آیتیں اور تین (۳) رکوع۔

سوال (۶۸۰) سورہ حشر، میں اللہ تعالی نے قرآن پاک کی عظمت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ قرآن کو اگر پہاڑ پر نازل کیا جاتا تو پہاڑ پاش پاش ہو جاتا، اس آیت کی نشاندہی کے ساتھ اس کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ آیت (۲۱) اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اُتارتے تو ضرور تو اسے دیکھتا جھکا ہوا پاش پاش ہوتا اللہ کے خوف سے اور یہ مثالیں لوگوں کے لئے ہم بیان فرماتے ہیں کہ وہ سوچیں۔

سوال (۶۸۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ المُمتحنۃ''، کو مکّی

بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، تیرہ (۱۳) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۸۲) سورۂ الممتحنہ، کی اس آیت کی نشاندہی کے ساتھ ترجمہ بتائیے، جس میں کہا گیا ہے کہ ان لوگوں سے دوستی مت کرو جس پر اللہ کا غضب ہے؟

جواب۔ آیت (۱۳) ترجمہ! اے ایمان والوں ان لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غضب ہے، وہ آخرت سے آس توڑ بیٹھے ہیں جیسے کافر آس توڑ بیٹھے قبر والوں سے۔

سوال (۶۸۳) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الصّف'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، چودہ (۱۴) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۸۴) سورۂ الصف، کی دوسری اور تیسری آیت کا ترجمہ سنائیے؟

جواب۔ ترجمہ! اے ایمان والو کیوں کہتے ہو وہ جو نہیں کرتے کیسی سخت ناپسند ہے اللہ کو وہ بات کہ وہ کہو جو نہ کرو۔

سوال (۶۸۵) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الجمعة'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، گیارہ (۱۱) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۸۶) سورۂ الجمعہ، کی جس آیت میں لفظ ''جمعہ'' آیا ہے اس آیت نمبر کے ساتھ اس کا ترجمہ پیش کیجیے؟

جواب۔ آیت (۹) ترجمہ! اے ایمان والو جب نماز کی آذان ہو جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔

سوال (۶۸۷) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ المنا فقو ن'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، گیارہ (۱۱) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۸۸) سورۂ المنافقون، میں اللہ تعالیٰ نے منافقوں کے بارے میں پہلی آیت میں جو کہا ہے اس کا ترجمہ سنائیے؟

جواب۔ ترجمہ! جب منافق تمہارے حضور حاضر ہوتے ہیں، کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور بیشک یقیناً اللہ کے رسول ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ تم اس کے رسول ہو اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق ضرور جھوٹے ہیں۔

سوال (۶۸۹) کنز الایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ التّغابُن'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، اٹھارہ (۱۸) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۹۰) سورۂ التغابن، کی اس آیت کے اس جز کا ترجمہ بتائیے جس میں لفظ ''تغابن'' آیا ہے؟

جواب۔ آیت نمبر (۹) ترجمہ! جس دن تمہیں اکٹھا کرے گا سب جمع ہونے کے دن، وہ دن ہے ہار والوں کی ہار کھلنے کا الخ۔

سوال (۶۹۱) کنز الایمان کے مترجم حضرت امام احمد رضا علیہ الرّحمہ نے ''سورۂ الطّلاق'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، بارہ (۱۲) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۹۲) سورۂ الطلاق، کی اس آیت کی نشاندہی کیجیے جس کے بارے میں سیّد عالم ﷺ سے مروی ہے کہ جو شخص اس آیت کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے شبہاتِ دنیا، غمراتِ موت وشدائدِ روزِ قیامت سے خلاصی کی راہ نکالے گا، اور اس آیت کی نسبت سیّد عالم ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ میرے علم میں ایک ایسی آیت ہے جسے لوگ محفوظ کرلیں تو ان کی ہر ضرورت وحاجت کے لئے کافی ہے؟

جواب۔ آیت (۳) ترجمہ! اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہو اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو وہ اسے کافی ہے، بیشک اللہ اپنا کام پورا کرنے والا ہے، بیشک اللہ نے

ہر چیز کا اندازہ رکھا ہے۔

سوال (۶۹۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ التحریم'' کو مکی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مدنی، بارہ (۱۲) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۹۴) سورۃ التحریم، کی اس آیت کی نشاندہی کیجیئے اور ترجمہ سنایئے، جس میں حضرت مریم (رضی اللہ عنہا) کے باپ کا نام اور آپ کی پارسائی کا تذکرہ ہے؟

جواب۔ آیت (۱۲) اور عمران کی بیٹی مریم جس نے اپنی پارسائی کی حفاظت کی تو ہم نے اس میں اپنی طرف کی روح پھونکی اور اس نے اپنے رب کی باتوں اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور فرمانبرداروں میں ہوئی۔

سوال (۶۹۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ المُلک'' کو مکی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکی، تیس (۳۰) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۹۶) سورۃ ملک، کی پہلی آیت کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ بڑی برکت والا ہے وہ جس کے قبضہ میں سارا ملک اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

سوال (۶۹۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ القلم'' کو مکی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکی، باون (۵۲) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۶۹۸) سورۃ القلم، کی اس آیت کی نشاندہی کیجیئے جس میں قرآن کو جھٹلانے والوں کے لئے وعید سنائی گئی ہے؟

جواب۔ آیت نمبر (۱۶) ترجمہ! قریب ہے کہ ہم اس کی سور کی سی تھوتھنی پر داغ دیں گے۔

سوال (۶۹۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الحاقۃ'' کو مکی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکی، باون (۵۲) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۷۰۰) قوم ثمود و عاد کن چیزوں سے ہلاک کیئے گئے، سورۃ الحاقۃ، میں ان کا تذکرہ ہے آیت نمبر اور اس کا ترجمہ پیش کیجیئے؟

جواب۔ آیت (۵۔۶) تو ثمود ہلاک کیئے گئے حد سے گزری ہوئی چنگھاڑ سے، اور رہے عاد وہ ہلاک کیئے گئے نہایت سخت گرجتی آندھی سے۔

سوال (۷۰۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ المعارج'' کو مکی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکی، چوالیس (۴۴) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۷۰۲) قیامت کے ایک دن کی مقدار کتنے ہزار برس کی ہوگی، سورۃ المعارج، کی آیت نمبر کے ساتھ ترجمہ پیش کیجیئے؟

جواب۔ آیت (۴) ترجمہ! ملائکہ اور جبرئیل اس کی بارگاہ کی طرف عروج کرتے ہیں، وہ عذاب اس دن ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار برس ہے۔

سوال (۷۰۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ نوح'' کو مکی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکی، اٹھائیس (۲۸) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال (۷۰۴) سورۃ المعارج، سے اس آیت اور اس کا ترجمہ پیش کیجیئے جس میں کافروں کے پانچ بتوں کے نام بتائے گئے ہیں؟

جواب۔ آیت (۳۲) ترجمہ! اور بولے ہرگز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو اور ہرگز نہ چھوڑنا ودّ اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو۔

سوال (۷۰۵) پانچوں بتوں کے الگ الگ نام بتایئے؟

جواب۔ (۱) ودّ (۲) سواع (۳) یغوث (۴) یعوق (۵) نسر۔

سوال (۷۰۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الجنّ'' کو مکی بتا

یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مکّی، اٹھائیس (۲۸) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۰۷) سورۂ الجن، کی آیت (۱) کا ترجمہ سنایئے؟
جواب۔ ترجمہ! تم سناؤ! مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنوں نے میرا پڑھنا کان لگا کر سنا تو بولے ہم
نے ایک عجیب قرآن سنا۔
سوال (۷۰۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ المزّمّل'' کو مکّی
بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مکّی، بیس (۲۰) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۰۹) سورۂ المزّمّل، میں قیامت کے دن کا ایک منظر جس آیت میں بیان کیا گیا
ہے آیت کی نشاندہی کے ساتھ ترجمہ بتایئے؟
جواب۔ آیت (۱۴) ترجمہ! جس دن تھرتھرائیں گے زمین اور پہاڑ ہو جائیں گے ریتے کا
ٹیلہ بہتا ہوا۔
سوال (۷۱۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ المدثّر'' کو مکّی بتایا
ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مکّی، چھپّن (۵۶) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۱۱) قیامت کے دن کافروں کو آگ کے پہاڑ پر چڑھایا جائے گا ''سورہ المدثّر''
سے اس کی نشاندہی کر کے اس کا ترجمہ سنایئے؟
جواب۔ آیت (۱۷) ترجمہ! قریب ہے کہ میں اسے آگ کے پہاڑ ''صعود'' پر چڑھاؤں۔
سوال (۷۱۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ القیامۃ'' کو مکّی بتا
یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مکّی، چالیس (۴۰) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۱۳) سورۂ القیامہ، کی آیت نمبر (۷ تا ۱۰) کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ ترجمہ! پھر جس دن آنکھ چوندھیائے گی، اور چاند گہے گا، اور سورج اور چاند ملا دیئے
جائیں گے، اس دن آدمی کہے گا کدھر بھاگ کر جاؤں۔
سوال (۷۱۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الدّھر'' کو مکّی بتا
یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مدنی، اکتیس (۳۱) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۱۵) سورہ دہر، میں صابروں کے لئے جو بشارتیں ہیں آیت نمبر کی نشاندہی کے
ساتھ ترجمہ بتایئے؟
جواب۔ آیت (۱۲۔۱۳) ترجمہ! اور ان کے صبر پر انہیں جنّت اور ریشمی کپڑے صلہ میں
دیئے، جنّ میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوں گے نہ ٹھٹھر (سخت سردی)۔
سوال (۷۱۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ المرسلٰت'' کو
مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مکّی، پچاس (۵۰) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۱۷) المرسلٰت، کی آیت (۳۲۔۳۳) میں دوزخ کی کیفیت بیان کی گئی ہے ان کا
ترجمہ سنایئے؟
جواب۔ ترجمہ! بیشک دوزخ چنگاریاں اڑاتی ہے، جیسے اونچے محل، گویا وہ زرد رنگ کے اونٹ
ہیں۔
سوال (۷۱۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ النّبا'' کو مکّی بتایا
ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟
جواب۔ مکّی، چالیس (۴۰) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔
سوال (۷۱۹) سورہ النبا، میں قیامت کے دن پہاڑ کے چلائے جانے کا تذکرہ کس آیت میں
ہے اور اس کا ترجمہ کیا ہے؟
جواب۔ آیت (۲۰) میں ترجمہ! اور پہاڑ چلائے جائیں گے کہ ہو جائیں گے جیسے چمکتا

ریتا، دور سے پانی کا دھوکا دیتا۔

سوال(۷۲۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ النازعات'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، چھیالیس (۴۶) آیتیں اور دو (۲) رکوع۔

سوال(۷۲۱) سورۂ النازعات، کی آیت ۱۔۲۔۳۔ کا ترجمہ! بتایئے؟

جواب۔ قسم ان کی کہ سختی سے جان کھینچیں، اور نرمی سے بند کھولیں، اور آسانی سے پیریں۔

سوال(۷۲۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ عبس'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، بیالیس (۴۲) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال(۷۲۳) سورۂ عبس، کی کن آیتوں میں اناج، انگور، چارہ، زیتون اور کھجور کے تذکرے ہیں، ان آیتوں کی نشاندہی کیجیے اور ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ آیت ۲۷۔۲۸۔۲۹۔ ترجمہ! تو اس میں اُگایا اناج، اور انگور اور چارہ، اور زیتون اور کھجور۔

سوال(۷۲۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ التّکویر'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، انتیس (۲۹) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال(۷۲۵) سورۂ التّکویر، کے شروع میں قیامت کے دن کے تذکرے ہیں کہ اس دن کیا کیا ہوں گے، لہذا آیت نمبر ایک سے نو تک کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ ترجمہ! جب دھوپ لپٹی جائے، اور جب تارے جھڑ پڑیں، اور جب پہاڑ چلائیں جائیں، اور جب تھلکی (گابھن) اونٹنیاں چھوٹی پھریں، اور جب وحشی جانور جمع کئے جائیں، اور جب سمندر سلگائے جائیں، اور جب جانوں کے جوڑے بنے، اور جب زندہ دبائی ہوئی سے پوچھا جائے کس خطا پر ماری گئی

سوال(۷۲۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الانفِطار'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، انتیس (۲۹) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال(۷۲۷) سورہ الانفطار، کی کس آیتوں میں ہے کہ نیکوکار چین میں اور بدکار جہنم میں رہیں گے، اس کا ترجمہ بھی بتایئے؟

جواب۔ آیت (۱۳۔۱۴) بے شک نکو کار ضرور چین میں ہیں، اور بے شک بدکار ضرور دوزخ میں ہیں۔

سوال(۷۲۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الـمُـطَفِّفِین'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، چھتیس (۳۶) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال(۷۲۹) سورۂ المطففین، میں کم تولنے والوں کے لئے خرابی ہے کا ذکر کس آیت میں ہے اس کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ آیت ۱ تا ۳۔ ترجمہ! کم تولنے والوں کی خرابی ہے، وہ کہ جب اوروں سے ناپ لیں پورا لیں اور جب انہیں ناپ تول کر دیں کم کر دیں۔

سوال(۷۳۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الانشقاق'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، پچیس (۲۵) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال(۷۳۱) سورۂ الانشقاق، میں سجدہ تلاوت کا ذکر کس آیت میں ہے ترجمہ کے ساتھ بتایئے؟

جواب۔ آیت (۲۱) اور جب قرآن پڑھا جائے سجدہ نہیں کرتے۔

سوال(۷۳۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ البروج'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، بائیس (۲۲) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۳۳) سورۂ البروج، کی آیت نمبر ۲۱۔۲۲۔ کا ترجمہ سنایئے؟

جواب۔ ترجمہ! بلکہ وہ کمال شرف والا قرآن ہے، لوح محفوظ میں۔

سوال (۷۳۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الطارق'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، سترہ (۱۷) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۳۵) سورۂ طارق، کی آیت نمبر ۱۵۔۱۶ کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ بیشک کافر اپنا سا داؤں چلتے ہیں اور میں اپنی خفیہ تدبیر فرماتا ہوں۔

سوال (۷۳۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الأعلی'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، انیس (۱۹) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۳۷) سورۂ اعلیٰ، کی آیت نمبر (۹) کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ اور تم نصیحت فرماؤ اگر نصیحت کام دے۔

سوال (۷۳۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الغاشیة'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، چھبیس (۲۶) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۳۹) سورۂ الغاشیہ، میں جنت کی کچھ چیزوں کے تذکرے کن آیتوں میں ہوئے ہیں ان آیتوں کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ آیت ۱۲ تا ۱۶ کا ترجمہ ملاحظہ فرمایئے۔ ''اس میں رواں چشمہ ہے، اس میں بلند تخت ہیں، اور چُنے ہوئے کوزے، اور برابر بچھے ہوئے قالین، اور پھیلی ہوئی چاندنیاں۔

سوال (۷۴۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الفجر'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، تیس (۳۰) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۴۱) سورۂ فجر، کی آیت (۱۸) میں مسکین کے کھانا کھلانے کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

جواب۔ اور آپس میں ایک دوسرے کو مسکین کے کھلانے کی رغبت نہیں دیتے۔

سوال (۷۴۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ البلد'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، بیس (۲۰) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۴۳) سورۂ بلد، کی کن آیتوں میں دو آنکھ، زبان اور دو ہونٹ کے تذکرے ہیں ترجمہ کے ساتھ بتایئے؟

جواب۔ آیت (۸ اور ۹ میں) ترجمہ! کیا ہم نے اس کی دو آنکھیں نہ بنائیں، اور زبان اور دو ہونٹ۔

سوال (۷۴۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الشّمس'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، پندرہ (۱۵) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۴۵) سورۂ شمس، کی کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قسم کھائی ہے اس آیت کی نشاندہی کے ساتھ ترجمہ پیش کیجیے؟

جواب۔ (۵) ترجمہ! اور آسمان اور اس کے بنانے والے کی قسم۔

سوال (۷۴۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الّیل'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔ مکّی، اکیس (۲۱) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۴۷) سورۂ لیل، کی اس آیت کا ترجمہ پیش کیجیے اور آیت کی نشاندہی کیجیے، کس میں اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ آخرت اور دنیا کے مالک ہمیں ہیں؟

جواب۔آیت (۱۳) اور بیشک آخرت اور دنیا دونوں کے مالک ہمیں ہیں۔

سوال (۷۴۸) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الضحیٰ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، گیارہ (۱۱) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۴۹) سورۃ الضحیٰ، کی آیت نمبر ۷ کا ترجمہ سنائیے؟

جواب۔ترجمہ! اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی۔

سوال (۷۵۰) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا نے ''سورۃ الانشرح'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، آٹھ (۸) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۵۱) سورۃ الم نشرح، کی آیت ۴ کا ترجمہ بتائیے؟

جواب۔ترجمہ! اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا۔

سوال (۷۵۲) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ التین'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، آٹھ (۸) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۵۳) سورۃ التین، میں اللہ تعالیٰ نے انجیر، زیتون، طور سینا اور امان والے شہر کی قسم جن آیتوں میں فرمایا ہے، ان آیتوں کی نشاندہی کے ساتھ ترجمہ سنائیے؟

جواب۔آیتیں (۱تا۳) ترجمہ! انجیر کی قسم اور زیتون اور طور سینا اور اس امان والے شہر کی۔

سوال (۷۵۴) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ العلق'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، انیس (۱۹) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۵۵) سورۃ العلق، کی جس آیت میں قلم کا ذکر ہے اس کا ترجمہ بتائیے؟

جواب۔آیت (۴) ترجمہ! جسنے قلم سے لکھنا سکھایا۔

سوال (۷۵۶) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ القدر'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، پانچ (۵) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۵۷) سورۃ القدر، میں شب قدر کو کتنے مہینوں سے بہتر بتایا گیا ہے؟

جواب۔ہزار مہینوں سے۔

سوال (۷۵۸) ایت نمبر ۳ اور اس کا ترجمہ بتائیے؟

جواب۔آیت (۳) ترجمہ! شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر۔

سوال (۷۵۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ البیّنۃ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مدنی، آٹھ (۸) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۶۰) سورۃ البینۃ، کی وہ آیت نمبر اور ترجمہ بتائیے جس میں کہا گیا ہے کہ نماز قائم کرنا اور زکوۃ دینا یہ سیدھا دین ہے؟

جواب۔آیت (۵) اور نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں اور یہ سیدھا دین ہے۔

سوال (۷۶۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ الزلزلۃ'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مدنی، آٹھ (۸) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۶۲) سورۂ زلزال، کی آیت ۷۔۸ کا ترجمہ سنائیے؟

جواب۔ترجمہ! تو جو ایک ذرّہ بھر بھلائی کرے اسے دیکھے گا، اور جو ایک ذرہ بھر برائی کرے اسے دیکھے گا۔

سوال (۷۶۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ العادیات'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، گیارہ (۱۱) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۶۴) سورہ العٰدیٰت، کی اس آیت کی نشاندہی اور ترجمہ پیش کیجیئے جس میں کہا گیا ہے کہ آدمی مال کی چاہت میں تیز ہے؟

جواب۔آیت (۸) ترجمہ! اور بیشک وہ مال کی چاہت میں ضرور کڑا (تیز) ہے۔

سوال (۷۶۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ القارعۃ'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، گیارہ (۱۱) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۶۶) سورۂ القارعۃ، آیت ''نَارٌ حَامِیَۃٌ'' کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔ترجمہ! ایک آگ شعلے مارتی۔

سوال (۷۶۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ التکاثر'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، آٹھ (۸) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۶۸) سورۂ التکاثر، کی اس آیت کی نشاندہی اور ترجمہ بتایئے جس میں بتایا گیا ہے کہ آدمی کو زیادہ مال کی طلبی نے غافل کر دیا ہے؟

جواب۔آیت (۱) ترجمہ! تمہیں غافل رکھا مال کی زیادہ طلبی نے۔

سوال (۷۶۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۃ العصر'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، تین (۳) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۷۰) سورۂ العصر، کی آیت نمبر ۱۔۲ کا ترجمہ بتایئے؟

جواب۔اس زمانہ محبوب کی قسم! بے شک آدمی ضرور نقصان میں ہے۔

سوال (۷۷۱) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الھُمزۃ'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، نو (۹) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۷۲) سورۂ ہمزہ، کی اس آیت کو بتایئے اور ترجمہ کیجیئے جس میں عیب جوئی اور غیبت کرنے والوں کے لئے خرابی بتائی گئی ہے؟

جواب۔آیت (۱) ترجمہ! خرابی ہے اس کے لئے جو لوگوں کے منہ پر عیب کرے، پیٹھ پیچھے بدی کرے۔

سوال (۷۷۳) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الفیل'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، پانچ (۵) آیتیں اور ایک (۱) رکوع

سوال (۷۷۴) سورہ فیل، کی آیت نمبر (۱) کا ترجمہ پیش کیجیئے؟

جواب۔اے محبوب کیا تم نے نہ دیکھا تمہارے رب نے ان ہاتھی والوں کا کیا حال کیا۔

سوال (۷۷۵) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ قُریش'' کو مکّی بتا یا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، چار (۴) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۷۶) سورۂ قریش، کی اس آیت کا ترجمہ بتایئے جس میں جاڑا اور گرمی کا ذکر ہے؟

جواب۔آیت نمبر (۲) ترجمہ! ان کے جاڑے اور گرمی دونوں کے کوچ میں میل دلایا (رغبت دلائی)

سوال (۷۷۷) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الماعون'' کو مکّی بتایا ہے یا مدنی؟ اور اس میں کتنی آیتیں اور کتنے رکوع بتائے ہیں؟

جواب۔مکّی، سات (۷) آیتیں اور ایک (۱) رکوع۔

سوال (۷۷۸) سورۂ الماعون، کی ان آیتوں کی نشاندہی اور ترجمہ کیجیئے جس میں ان نمازیوں کی خرابی کا ذکر ہے جو اپنی نماز کو بھولے بیٹھے ہیں؟

جواب۔آیت (۴۔۵) تو ان نمازیوں کی خرابی ہے جو اپنی نماز بھولے بیٹھے ہیں۔

سوال (۷۷۹) کنزالایمان کے مترجم امام احمد رضا قدس سرہٗ نے ''سورۂ الکوثر'' کو مکّی